★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 24 ذیقعد 1446ھ، 22 مئی 2025ء، 9 جیٹھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 193

اصل تنازع اب بھی برقرار ہے، بھارت کو جنگ چاہیے تو پھر جنگ ہی سہی: ترجمان پاک فوج

بھارت اپنے بیانیے کی وجہ سے آگ سے کھیل رہا ہے، بھارت ہر چند سال بعد ایک جھوٹا بیانیہ گھڑتا ہے، دنیا بھی اب جان چکی ہے بھارت کا پہلے دن سے مئقف بے بنیاد تھا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

پاکستان اور بھارت کے درمیان ایٹمی جنگ محض بیوقوفی ہوگی، ایٹمی جنگ دونوں ممالک کے لیے باہمی تباہی کا باعث بن سکتی ہے، ایٹمی جنگ ناقابل تصور اور نامعقول خیال ہونا چاہیے: بیان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے دوٹوک انداز میں واضح کیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اصل تنازع اب بھی برقرار ہے، بھارت کو اگر جنگ چاہیے تو پھر جنگ ہی سہی، ہم جنگ کیلئے بھی تیار ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ایٹمی جنگ محض بیوقوفی ہوگی، ایٹمی جنگ دونوں ممالک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو یادگار شہداء پر تقریب کے دوران گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

وزیراعظم پاکستان نے گلگت بلتستان کے سیاسی مطالبات کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دیدی

ننکانہ صاحب (این این آئی) وزیراعظم پاکستان نے گلگت بلتستان کے سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی امور پر عوامی مطالبات کا جائزہ لینے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

بنوں میں پولیس چوکی پر دہشتگردوں کا حملہ، 2 اہلکار شہید

دہشت گردوں نے پولیس چوکی کے مرکزی گیٹ کو بارودی مواد سے اڑایا، اندر گھس گئے، ڈی پی او بنوں

ڈی آئی خان (این این آئی) ضلع بنوں میں نیو سبزی منڈی پولیس چوکی پر دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈی پی او بنوں کے مطابق دہشت گردوں نے پولیس چوکی کے مرکزی گیٹ کو بارودی مواد سے اڑایا، جس کے بعد دہشتگرد اندر گھس گئے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

خطے میں امن کیلئے بھارت کو پانی بطور ہتھیار استعمال نہیں کرنے دینگے: بلاول بھٹو

دہشتگردی سے خطے کو پاک کرنے کا کوئی حل نکالنا چاہیے، بھارت پانی کو اسلحہ کے طور پر استعمال کر رہا ہے، پانی کے مسئلے پر آنے والی نسلیں جنگ لڑیں گی؟ یہ افسوسناک ہے

کسی نے جارحیت کی کوشش کی تو جواب اس سے کہیں زیادہ ہوگا جو حال ہی میں ہوا ہے' مصدق ملک، بھارت کا مسلم اور پاکستان مخالف بیانیہ اسے جنگ میں جھونک رہا ہے، خرم دستگیر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی اور وزیراعظم کی جانب سے بھارتی پروپیگنڈے کے جواب میں عالمی سفارتی مہم کے لیے قائم کی گئی کمیٹی کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے بھارت پانی کو اسلحے کے طور پر استعمال کر رہا ہے، جوہری ممالک کے درمیان جنگ ہوئی تو نتائج صرف پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز غیر معمولی ہے: شجاعت حسین

اتنا بڑا اعزاز ان سے پہلے 1959 میں جنرل ایوب خان کو ملا تھا اور اب یہ اعزاز 66 سال بعد فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملا ہے، جو پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے

یہ کامیابی پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید ہے اور ہمیں اپنی افواج پر فخر ہے، سابق وزیراعظم، سربراہ مسلم لیگ کی آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر مبارکباد

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق وزیر اعظم اور پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی صدر چوہدری شجاعت حسین نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے اپنے بیان میں کہا کہ جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے خطاب سے نوازا جانا نہ صرف ان کے لیے بلکہ پوری افواج پاکستان اور ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت سے کشمیر، پانی، دہشتگردی اور تجارت پر بات ہوگی: وزیراعظم

جنگ نہیں دیرپا امن ہی محفوظ مستقبل کی ضمانت

کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے پیچھے بھارتی خفیہ ایجنسیاں ہیں، بھارتی دہشت گردی کے ثبوت پوری دنیا کے سامنے رکھیں گے، جنگ بندی کی درخواست بھارت کی جانب سے کی گئی تھی، سینئر صحافیوں سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت میں زمانہ امن کی پوزیشن پر واپس آنے پر اتفاق رائے ہو گیا، دونوں ممالک کے سکیورٹی ایڈوائزر غیر جانبدار مقام پر بات چیت کریں گے۔ سینئر صحافیوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی خصوصی تقریب

یہ اعزاز پوری پاکستانی قوم اور افواج پاکستان کے بہادروں کو خراج تحسین ہے، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر

راولپنڈی (این این آئی) یادگار شہدا جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کے اعزاز میں خصوصی گارڈ آف آنر کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی، اور شہدائے پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

بھارتی فوج پاکستان پر گولڈن ٹیمپل پر حملے کا الزام واپس لے لیا

پاکستان پر گولڈن ٹیمپل پر ڈرونز اور میزائلوں کے ذریعے حملے کا الزام عائد کیا گیا تھا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مودی سرکار نے سکھ رہنماؤں کی تردید کے بعد پاکستان پر گولڈن ٹیمپل پر حملے کا الزام واپس لے لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سکھ رہنماؤں کی تردید کے بعد بھارتی فوج کا وضاحتی بیان سامنے آگیا، بھارتی فوج نے شرمندگی سے بچنے کے لیے یوٹرن لے لیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

"یوم تکبیر" 28 مئی کو جوش وخروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان کو دنیائے اسلام کی پہلی ایٹمی طاقت بننے کی 27 برس مکمل ہونے پر "یوم تکبیر" 28 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

بیجنگ: پاکستان، افغانستان اور چین کے وزرائے خارجہ کا اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں: محسن نقوی

قوم کے اتحاد سے ہر سازش کو ناکام بنائیں گے، خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خضدار زیرو پوائنٹ کے قریب بس میں دھماکے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے 4 بچوں کے جاں بحق ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

بیجنگ: ڈپٹی وزیراعظم، وزیر خارجہ اسحاق ڈار افغانستان کے قائم مقام وزیر خارجہ سے ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ، عوام کا خراج تحسین

لاہور (این این آئی) آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل فاتح حق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے خلاف درخواستوں پر سماعت 18 جون تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعیناتی تاحیات ہے: فیصل واوڈا

تمام تعیناتیاں، مدت میں توسیع، ترقیوں کا فیصلہ فیلڈ مارشل ہی کرینگے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا نے دعوی کیا ہے کہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی بطور فیلڈ مارشل کی تعیناتی تاحیات ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ فیلڈ مارشل روایتی عہدہ نہیں، فیلڈ مارشل کی ملازمت میں مدت کا کوئی تعین نہیں، اب تمام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

سہ فریقی اجلاس، سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے پر اتفاق

اجلاس میں خطے میں استحکام، باہمی تعاون، اقتصادی روابط، اور سیکیورٹی امور پر تفصیلی گفتگو

بیجنگ (این این آئی) بیجنگ میں پاکستان، چین اور افغانستان کے درمیان اعلیٰ سطح کا سہ فریقی اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت آغاز

انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت 16 پیسے کم ہوکر 281.75 روپے پر آگئی

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بدھ کو کاروبار کا آغاز مثبت رجحان کے ساتھ ہوا ہے۔ 100 انڈیکس میں 500 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال سینیٹر کیپٹن شاہین خالد بٹ کا ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

بھارت خطرناک بحری تیاریوں میں ہے: عاصم افتخار

بھارت دریاؤں کو ہتھیانے اور انہیں بطور ہتھیار استعمال کرنے کی روش بھی اپنائے ہوئے ہے' سلامتی کونسل میں مباحثہ

بھارت دریاؤں کو ہتھیانے اور انہیں بطور ہتھیار استعمال کرنے کی روش بھی اپنائے ہوئے ہے جو معاہدوں کی کھلی خلاف ورزی ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ بھارت خطرناک بحری تیاریوں میں مصروف ہے۔ سلامتی کونسل کے مباحثے میں سفیر عاصم افتخار نے کہا کہ یہ بات تشویش ناک ہے کہ ایک بڑی طاقت غیر محدود علاقائی بالادستی کے خواب دیکھ رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت بحری توسیع پسندی اور اہم آبی راستوں پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ساتھ ہی پڑوسی ممالک کو علاقائی بحری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

شاہ رخ خان مہربانی مجھے برینڈ کا لقب دیا، واوڈا

میں سی، ڈی کیٹیگری کی چائنہ کی ماسیوں کی کاپی تو نہیں ہوں' سینیٹر فیصل واوڈا کا وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کے بیان پر ردعمل

پیپلز پارٹی میں رہ کر نواز شریف بارے باتیں کیں، میرے باپ بارے کوئی بات کرے اسے پانی بھی نہ دوں، رکن قومی اسمبلی

لاہور (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا نے وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی جانب سے ذہنی مریض اور سستا شاہ رخ خان کہنے پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ مہربانی ہے مجھے تو برینڈ کا لقب دیا لیکن میں سی، ڈی کیٹیگری کی چائنہ کی ماسیوں کی کاپی تو نہیں ہوں۔ ایک انٹرویو میں فیصل واوڈا نے کہا کہ میں مالکوں سے بات کرتا ہوں، میں نے زندگی میں کبھی نوکروں سے بات کی نہ کرتا ہوں، یہ بات میں تکبر کے زمرے میں نہیں کر رہا، جنہوں نے بات کرنی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: برٹش ہائی کمیشن کی پولیٹیکل قونصلر زوئی ویر وفاقی وزیر میاں محمد معین وٹو سے ملاقات کر رہی ہیں

مہنگائی سے پریشان عوام کیلئے بری خبر، بجلی کی قیمت بڑھنے کا امکان

نیپرا سی پی پی اے کی درخواست پر 29 مئی کو سماعت کے بعد فیصلہ کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں بجلی مہنگی کرنے کے حوالے سے درخواست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

پیدائش، اموات، ازدواجی حیثیت میں تبدیلی کیلئے نادرا موبائل ایپلیکیشن متعارف

لاہور (این این آئی) نادرا نے شہریوں کو سہولت فراہم کرتے ہوئے پیدائش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 21 فیصد اضافہ

ملکوآنہ (این این آئی) ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں جاری مالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

حکومت نے آم کی برآمد کی تاریخ میں توسیع کردی، وزارت تجارت

ملکوآنہ (این این آئی) حکومت نے آم کی برآمد کی تاریخ میں توسیع کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے سیشن میں مہمانوں کیساتھ کے بعد گروپ فوٹو

9 مئی مقدمات، آئندہ سماعت پر ملزمان کے وکلاء جرح کیلئے طلب

جلاؤ گھیراؤ کے وقت موقع پر موجود اہلکار نے حماد اظہر اور میاں محمود الرشید کے خلاف بیان ریکارڈ کرا دیا

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کے مقدمات میں ملزمان کے وکلاء کو گواہ کے بیان پر جرح کیلئے آئندہ سماعت پر طلب کر لیا۔ دوران سماعت جلاؤ گھیراؤ کے وقت موقع پر موجود اہلکار نے حماد اظہر اور میاں محمود الرشید سمیت دیگر کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

لبنان کو حزب اللہ کے حوالے سے بہت کچھ کرنا ہوگا، امریکی سفارتکار

واشنگٹن (این این آئی) مشرق وسطی کے لیے امریکہ کے نائب نمائندہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

سعودی کابینہ کا اجلاس، ٹرمپ کے ساتھ کامیاب معاہدوں پر اظہار تحسین

ریاض (این این آئی) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے سعودی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

خیبر پختونخوا حکومت کی عوام کیلئے لائف انشورنس سکیم متعارف کرانے کی منظوری

سکیم کے تحت اگر گھر کے سربراہ کا انتقال ہوجائے تو لواحقین کو فوری مالی امداد فراہم کی جائے گی، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے صحت کارڈ کے بعد عوام کو ایک اور بڑا ریلیف فراہم کرنے کی منظوری دے دی۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لبنان، فلسطینی پناہ گزین کیمپ میں اسلحہ پر محمود عباس بات چیت کریں گے

بیروت (این این آئی) فلسطینی اتھارٹی کے صدر محمود عباس لبنان میں فلسطینی پناہ گزین کیمپوں میں اسلحے کی موجودگی پر بات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

امریکہ سے ہونیوالے جوہری مذاکرات مشکوک ہیں، ایرانی سپریم لیڈر

مجھے نہیں لگتا کہ امریکہ کے ساتھ جوہری مذاکرات کسی نتیجے پر پہنچیں گے، خامنہ ای

تہران (این این آئی) ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای نے اس بات پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

عارف علوی اور اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے پر فریقین سے جواب طلب

عدالت نے ریمارکس دیئے کہ فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیتے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور ان کے اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے پر فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران عارف علوی کے وکیل نے بتایا کہ سابق صدر مملکت، اہلیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

برطانیہ نے اسرائیل کے ساتھ تجارتی مذاکرات معطل کر دیئے، غزہ کی صورتحال پر سفیر کی طلبی

لندن (این این آئی) برطانیہ نے غزہ میں ناکہ بندی کی وجہ سے بگڑتی صورت حال کے پیش نظر اسرائیل کے ساتھ تجارتی مذاکرات کو معطل کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

فرانس میں پاکستان کی سفیر ممتاز زہرہ بلوچ کا ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل آف فرنچ منسٹری کیساتھ فوٹو

مائیکروسافٹ سربراہ کی اسرائیل نوازی پر کمپنی کی سالانہ کانفرنس میں سخت تنقید

نیویارک (این این آئی) مائیکروسافٹ کے سی ای او ستیا نڈیلا کے کلیدی خطاب کے دوران ایک کمپنی ملازم نے اسرائیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

شالیمار ایکسپریس ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئی، پانچ زخمی

گیارہ بوگیاں ڈی ریل، ٹریکٹر ٹرالی ایندھن ختم ہونے کے باعث پھاٹک پر کھڑی تھی، ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا

حادثے کے بعد مسافروں نے چیخ وپکار شروع کر دی، اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) چک جھمرہ کے گاؤں چھوٹی گھرتل کے قریب کچے پھاٹک پر ٹریکٹر ٹرالی کے ڈرائیور کی غفلت کی وجہ سے شالیمار ایکسپریس ٹرین کو حادثہ پیش آیا جس کے باعث متعدد مسافر زخمی ہوگئے۔ شالیمار ٹرین کو حادثہ رات 2 بجے کے قریب پیش آیا، جس کے باعث شالیمار ایکسپریس کی متعدد بوگیاں پٹری سے اتر کر الٹ گئیں۔ حادثے کے باعث فیصل آباد آنے اور جانے والی ٹرینوں کو روک دیا گیا۔ عینی شاہدین کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

پرامن ماحول میں انٹرنیشنل کرکٹ کا فروغ ہماری اہم ترجیح ہے' بلال صدیق کمیانہ

لاہور پولیس کے چاق وچوبند افسران واہلکار پی ایس ایل میچز کی سکیورٹی پر مامور ہیں

لاہور (این این آئی) پرامن اور محفوظ ماحول میں انٹرنیشنل کرکٹ کا فروغ ہماری اہم ترجیح ہے، اس ضمن میں ملکی وغیر ملکی کھلاڑیوں، ٹیم آفیشلز اور شائقین کرکٹ کو فول پروف سکیورٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

سردار ایاز صادق کا جمشید تھامس کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار

جمشید تھامس نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے آواز اٹھائی، اسپیکر

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق رکن قومی اسمبلی جمشید تھامس کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمشید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری گورنر ہاؤس میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے رہنما علامہ علی عرفان عابدی کو شیلڈ دے رہے ہیں

صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ سے جاپان کا وفد ملاقات کر رہا ہے



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

جوہر ٹاون کنال روڈ پر تیز رفتار کار نہر میں جاگری

لاہور (کرائم رپورٹر) جوہر ٹاون کنال روڈ پر تیز رفتار کار نہر میں جاگری جس کے نتیجے میں تین نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایمرجنسی ٹیمیں اور گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں اور فوری امدادی کارروائیاں شروع کر کے لاشیں نکال کر مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق جوہر ٹاون کے علاقے کینال روڈ پر ڈاکٹر ہسپتال کے قریب تیز رفتار کار بے قابو ہو کر نہر میں جاگری واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائی کرتے ہوئے کار میں سوار تین نوجوانوں کی لاشیں نکال کر جناح ہسپتال کے مردہ خانے منتقل کر دیں ایدھی ترجمان کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والوں میں ایک نوجوان کی شناخت 16 سالہ حمزہ علی کے نام سے ہوئی، دوسرے نوجوان کی شناخت لیک سٹی کا رہائشی 18 سالہ محمد علی اور تیسرے نوجوان کی شناخت 16 سالہ مصطفی کے نام سے ہوئی ہے۔

حکومت پنجاب نے صوبے میں گیسٹ ہاوسز کے لیے ہوٹل آئی سافٹ ویئر کا استعمال لازمی قرار دے دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) حکومت پنجاب نے صوبے میں گیسٹ ہاوسز کے لیے ہوٹل آئی سافٹ ویئر کا استعمال لازمی قرار دے دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ گیسٹ ہاوسز ہوٹل آئی سافٹ ویئر میں اندراج کروانے کے پابند ہوں گے یہ فیصلہ دہشتگردی، جرائم اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے ترجمان کا کہنا ہے کہ گیسٹ ہاوسز میں قیام کرنے والے افراد کا ڈیٹا "ہوٹل آئی" میں درج کرنا ہوگا اس سے ملکی اور غیر ملکی رہائشیوں کی ڈیجیٹل تصدیق سے جرائم کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کا مزید کہنا ہے کہ ہوٹل آئی پر رجسٹریشن کیلئے 15 جون 2025 کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے۔

گلبرگ پولیس نے 2 رکنی موٹر سائیکل چور و سنیچر گروہ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گلبرگ پولیس نے 2 رکنی موٹر سائیکل چور و سنیچر گروہ گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق ایس ایچ او گلبرگ تیمور عباس نے موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان سرفراز اور یاسر کو خفیہ اطلاع پر علی زیب روڈ سے گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چوری شدہ 3 موٹر سائیکلیں، چھینی گئی نقدی و 2 پستول برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن محمد اخلاق اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ ملزمان مختلف شاہراہوں پر شہریوں کی ریکی کرتے اور انہیں سنسان جگہوں پر روک کر گن پوائنٹ پے واردات کر کے فرار ہو جاتے تھے۔

رائیونڈ سٹی کے علاقے میں 35 سالہ عورت کی گھر سے ہاتھ پاوں بندھی تشدد زدہ لاش برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) رائیونڈ سٹی کے علاقے میں 35 سالہ عورت کی گھر سے ہاتھ، پاوں بندھی تشدد زدہ لاش برآمد پولیس نے لاش پورسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا بتایا گیا ہے کہ 35 کنزہ اپنی 16 سالہ بیٹی فضا کے ساتھ واڑہ مانگا روڈ رائیونڈ سٹی میں کرائے پر رہائش پذیر تھی دونوں ماں بیٹی مقامی ایک فیکٹری میں کام کرتی تھیں گزشتہ روز جب فضا فیکٹری سے واپس گھر پہنچی تو اسکی کی والدہ کی خون میں لت پت لاش پڑی تھی اور اس کے ہاتھ پچھلی سائیڈ میں بندھے ہوئے تھے جس پر اس نے پولیس کو اطلاع دی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے پورسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے فرانزک ٹیم کی مدد سے تمام شواہد اکٹھے کر کے مختلف زاویوں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا

شفیق آباد میں فائرنگ سے زخمی ہونے والا نوجوان موسیٰ بھی جاں بحق ہوگیا

اس سے قبل ایک زخمی علی رضا بھی دو روز قبل زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) شفیق آباد میں فائرنگ سے زخمی ہونے والا ہسپتال میں زیر علاج دوسرا نوجوان موسیٰ بھی جاں بحق ہوگیا۔ اس سے قبل ایک زخمی علی رضا بھی دو روز قبل زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا تھا تفصیلات کے مطابق شفیق آباد کے علاقے میں چند روز قبل محلہ داروں کی لڑائی کے دوران وقاص اور وقار نے اندھا دھند فائرنگ کر دی تھی جس کے نتیجے میں موسیٰ اور علی رضا شدید زخمی ہو گئے تھے جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں علی رضا دو روز بعد زخمی کی تاب نہ لاتے ہوئے خالق حقیقی سے جاملا تھا جبکہ موسیٰ کو وینٹیلیٹر پر رکھا گیا تھا جو گزشتہ روز دم توڑ گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موسیٰ کی لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ و ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ و ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں جس کے تسلسل میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 23 لاکھ 67 ہزار روپے سے زائد فنڈز جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ڈی ایس پی سیف اللہ کو کڈنی ٹرانسپلانٹ کیلئے 10 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ ریٹائرڈ سب انسپکٹر بلال ترین کو جگر کے کینسر کے علاج کیلئے 05 لاکھ روپے دیئے گئے۔ ٹریفک وارڈن علی شاہد کو بیوی کی میجر سرجری کیلئے اڑھائی لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ جونیئر کلرک علی عباس کو بیوی کے برین ٹیومر کے علاج کیلئے اڑھائی لاکھ روپے دیئے گئے۔ مرحوم آفس سپرنٹنڈنٹ عمران علی کی بیوہ اور کانسٹیبل نادر علی کو علاج معالجے کیلئے 01 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی ادارہ تعلیم و تحقیق کے زیراہتمام فیصل آڈیٹوریم میں منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں سووینئر پیش کر رہے ہیں

افواج پاکستان نے بھارت کو تاریخی سبق سکھا دیا ہے اور شاندار طریقے سے دنیا کے آگے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے فرنٹ لائن سٹیٹ کا کردار ادا کیا

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا پنجاب یونیورسٹی کے زیراہتمام بین الاقوامی کانفرنس آن ریسرچ اِن ایجوکیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (خبرنگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی فضائیہ، بری اور بحری افواج نے بھارت کو تاریخی سبق سکھایا ہے اور افواج پاکستان نے شاندار طریقے سے دنیا کے آگے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی ادارہ تعلیم و تحقیق کے زیراہتمام 'مستقبل کی تعلیم: چیلنجز اور مواقع' کے موضوع پر تین روزہ بارہویں بین الاقوامی کانفرنس آن ریسرچ اِن ایجوکیشن کی افتتاحی تقریب سے فیصل آڈیٹوریم میں خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے فرنٹ لائن سٹیٹ کا کردار ادا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی فوج اور عوام نے 90 ہزار سے زائد جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اربوں ڈالر کا نقصان اٹھایا تو پھر بھارت کیسے پاکستان پر دہشت گردی کا الزام لگا سکتا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ بغیر ثبوت کے الزام لگا کر بھارت نے رات کے اندھیرے میں ہماری خودمختاری پر حملہ کیا اور یکطرفہ طور پر پاکستان کے پانی کو روکا۔ پاکستان نے دنیا کے سامنے اپنی مہارت اور جرات کا مظاہرہ کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ میری زندگی میں آج کا دور سب سے قابل فخر ہے۔ موجودہ دور ٹیکنالوجی کی برتری کا دور ہے، حالیہ پاک بھارت جنگ میں ٹیکنالوجی نے اہم کردار ادا کیا۔ پاک بھارت جنگ میں جو بیانیہ میرے نوجوانوں نے بنایا اسے دنیا نے تسلیم کیا۔ ہمارے دور میں سکول ایجوکیشن سسٹم میں ٹیکنالوجی نہیں تھی۔ ٹیکنالوجی کے ساتھ مہارت سیکھنا ہمارے زندہ رہنے اور ترقی کی علامت ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ نئی نسل کی خوش قسمتی ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ مجھے پنجاب یونیورسٹی کی کانفرنس میں شرکت پر بہت خوشی ہوئی۔ آپ کے لئے جدید علم حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ مصنوعی ذہانت کو ریگولیٹ کرنے کے لیے قانون سازی وقت کی ضرورت ہے۔ کسی یونیورسٹی کے ساتھ ممبران اسمبلی کو مصنوعی ذہانت سکھانے کا معاہدہ کر رہے ہیں تا کہ قوانین بنانے والے ممبران اسمبلی کو مہارت حاصل ہو۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس میں بہترین ورکنگ پیپر سامنے آئیں گے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود، وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم، وائس چانسلر جھنگ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر فہیم آفتاب، وائس چانسلر ایمرسن یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر محمد رمضان، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گجرات ڈاکٹر ظہور الحق، معروف ماہر تعلیم ڈاکٹر شاہد صدیقی، چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) ساجد کھوکھر، ڈائریکٹر ادارہ تعلیم و تحقیق پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم چوہدری، کانفرنس سیکریٹری پروفیسر ڈاکٹر محمد شاہد فاروق، مختلف جامعات سے ماہرین تعلیم، محققین، اساتذہ اور طلبا و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ملکی معیشت کی بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور پاکستان جمہوریت، شفافیت اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں پر مکمل کاربند ہے

پاکستان علاقائی امن و سلامتی کے لیے پرعزم ہے اور کبھی بھی ایسا کوئی اقدام نہیں اٹھائے گا جو علاقائی ہم آہنگی کو متاثر کرے

لاہور (خبرنگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے پنجاب اسمبلی میں ملاقات کی۔ ملاقات میں برطانوی ہائی کمیشن اسلام آباد کی پولیٹیکل کونسلر زو ویئر، لاہور آفس کے سربراہ مسٹر بین وارٹن اور سینئر پولیٹیکل ایڈوائزر مسٹر اویس شاہ بھی موجود تھے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان خواتین کے حقوق و بااختیاری، جمہوری استحکام، معاشی خوشحالی، قانون سازی میں اشتراک اور پارلیمانی تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے برطانیہ کے تعمیری کردار کو سراہا اور کہا کہ پاکستان علاقائی امن و سلامتی کے لیے پرعزم ہے اور کبھی بھی ایسا کوئی اقدام نہیں اٹھائے گا جو علاقائی ہم آہنگی کو متاثر کرے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ملکی معیشت کی بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور پاکستان جمہوریت، شفافیت اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں پر مکمل کاربند ہے۔ اس موقع پر سپیکر پنجاب اسمبلی نے معزز مہمان کو اسمبلی کی قانون سازی کے طریقہ کار، کمیٹی سسٹم، پارلیمانی روایات اور تاریخی اہمیت سے بھی آگاہ کیا۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور خطے میں پائیدار امن کے لیے تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چوہدری عامر حبیب اور پرنسپل سیکرٹری برائے سپیکر، جناب عماد حسین بھلی بھی موجود تھے۔ دورے کے اختتام پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے معزز مہمان کو پنجاب اسمبلی کے ایوان کا دورہ بھی کرایا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:50
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

آئی جی پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیرصدارت کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے امور بارے اہم اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا

آر پی او، سی پی او فیصل آباد، متعلقہ ڈی پی اوز، آر او فیصل آباد اور ڈی اوز سی سی ڈی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیرصدارت کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے امور بارے اہم اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ، ڈی آئی جیز سی سی ڈی وقاص الحسن، عمر فاروق سلامت، ڈی آئی جی ایڈمن لاہور عمران کشور، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور ذیشان حیدر، ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید اور سی سی ڈی لاہور کے سینئر افسران اجلاس میں موجود تھے جبکہ آر پی او، سی پی او فیصل آباد، متعلقہ ڈی پی اوز، آر او فیصل آباد اور ڈی اوز سی سی ڈی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے سی سی ڈی لاہور اور فیصل آباد کو دستیاب وسائل اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔ سی سی ڈی لاہور اور فیصل آباد کے سینئر افسران نے حاصل کردہ اہداف بارے بریفنگ دی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے سنگین جرائم کی سرکوبی کے اہداف حاصل کرنے پر سی سی ڈی لاہور کے افسران کو شاباش دی۔ آئی جی پنجاب نے آر پی او اور سی پی او فیصل آباد کو سی سی ڈی کے لئے دفاتر کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سنگین جرائم کے خاتمے کے لئے لاہور پولیس اور سی سی ڈی میں بہترین کوارڈینیشن موجود ہے۔ لاہور پولیس کی طرف سے سی سی ڈی کو بہترین ہیومن ریسورس، ٹرانسپورٹ، دفاتر اور لاجسٹکس فراہم کیے گئے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے سی سی ڈی کو ہائی پروفائل اشتہاری مجرمان، موٹر سائیکل چور گینگز کی گرفتاری، گمشدہ بچوں اور خواتین کی بازیابی کے لئے کوششیں مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان، ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر، اے آئی جی آپریشنز عبدالرحیم شیرازی اور اے آئی جی ایڈمن اسد اعجاز ملہی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

فیسکو آفیسر راؤ انعام الحق نے ایکسین سے ایس ای کا محکمانہ پروموشن امتحان کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا

راؤ انعام الحق نے ایس ڈی او سے ایکسین اور ایکسین سے ایس ای کے امتحان میں کامیابی کا سفر محنت اور قابلیت سے طے کیا آج کل ایکسین اپریشن فیسکو جھنگ ڈویژن فرسٹ میں اپنے فرائض سرانجام رہے ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ہر دلعزیز فیسکو آفیسر راؤ انعام الحق نے ایکسین سے ایس ای کا محکمانہ پروموشن امتحان کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے فیسکو افسران اور دوست احباب کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ہے راؤ انعام الحق نے ایس ڈی او سے ایکسین اور ایکسین سے ایس ای کے امتحان میں کامیابی کا سفر محنت اور قابلیت سے طے کیا آج کل ایکسین اپریشن فیسکو جھنگ ڈویژن فرسٹ میں اپنے فرائض سرانجام رہے ہیں جہاں پر راؤ صاحب کی جانب سے صارفین کو ہرممکن ریلیف فراہم کیا جارہا ہے راؤ انعام الحق کی امتحان میں کامیابی پر چیف انجینئر فیسکو جی ایس او رائے فیصل رضا مارتھ، ایس ای فیسکو سیکنڈ سرکل فیصل آباد سید سلیم شاہ، ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ، ایڈیشنل سپرنٹنڈنگ انجینئر ملک مرید حسین، ایڈیشنل سپرنٹنڈنگ انجینئر ملک لیاقت علی اعوان، ڈپٹی کمرشل منیجر فیسکو جھنگ سرکل محمد مسعود افضل، ایکسین جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ و دیگر فیسکو افسران نے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے انہیں مبارکباد کا پیغام دیا ہے

وزیرآباد فیصل آباد ریلوے سیکشن پر ریلوے کراسنگ عبور کرتے کار ٹرین سے ٹکرا گئی

حادثہ میں کار سوار دو افراد بال بال محفوظ رہے کار جزوی طور پر تباہ، آدھا گھنٹہ کی تاخیر سے ٹرین روانہ ریلوے پولیس مصروف تحقیق

وزیرآباد (نامہ نگار) وزیرآباد فیصل آباد ریلوے سیکشن پر ریلوے کراسنگ عبور کرتے کار ٹرین سے ٹکرا گئی، حادثہ میں کار سوار دو افراد بال بال محفوظ رہے کار جزوی طور پر تباہ، آدھا گھنٹہ کی تاخیر سے ٹرین روانہ ریلوے پولیس مصروف تحقیق وزیرآباد کے علاقہ اسلام آباد ماڈل ویلج کے قریب وزیرآباد فیصل آباد ریلوے سیکشن پر پشاور سے کراچی جانے والی رحمان بابا ایکسپریس کے ساتھ ریلوے کراسنگ عبور کرتے کار ٹکرا گئی حادثہ میں کار سوار دو افراد بال بال محفوظ رہے جبکہ کار جزوی طور پر تباہ ہوگئی مقامی افراد نے صحافیوں کو بتایا کہ ریلوے کراسنگ پر ریلوے پھاٹک نہ ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات معمول ہیں افراد کا کہنا ہے کہ ریلوے کراسنگ کے دونوں اطراف قدآور درخت ہیں جس کی وجہ سے وہیکلز استعمال کرنے والے ڈرائیورز کو ٹرین کی بابت علم نہ ہوتا ہے جبکہ کراسنگ سے قبل ٹرین کا ہارن بھی نہیں بجایا جاتا کہ شہری محتاط ہو جائیں اور نہ ہی ریلوے کراسنگ سے قبل یا بعد میں کوئی اسپیڈ بریکر ہے جو گاڑیوں کی اسپیڈ کو کنٹرول کرے شہریوں نے پاکستان ریلوے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ 20 سے زائد دیہاتوں کے مستعمل رستہ پر موجود ریلوے کراسنگ پر پھاٹک کی منظوری دی جائے تا کہ آئے روز حادثات سے بچا جا سکے حادثہ کے بعد رحمان بابا ایکسپریس آدھا گھنٹہ کی تاخیر کے بعد روانہ کر دی گئی ریلوے پولیس نے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

گرفتار چور گینگ ملزمان کے قبضہ سے 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کرلیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن ××× کرائم فری پنجاب ××× کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ سب انسپکٹر راشد حسن، اے ایس آئی جاوید اقبال، اے ایس آئی نذیر احمد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے مختلف چوری کی وارداتوں میں مطلوب تین گینگز کے سات ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار چور گینگ ملزمان کے قبضہ سے 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کرلیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے ٹرانسفارمر، موٹریں، موٹرسائیکلیں، پنکھے، مال مویشی،، نقدی و دیگر سامان برآمد کرلیا گیا۔ گرفتار چور ملزمان تھانہ لنگرانہ پولیس کو مختلف 9 مقدمات میں مطلوب تھے۔ گرفتار چور ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے اہم انکشافات متوقع ہیں۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جارہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔

وزیرآباد چناب قینچی کے قریب وین کی موٹر سائیکل کو ٹکر، حادثہ میں نوجوان جاں بحق

وزیرآباد (نامہ نگار) وزیرآباد چناب قینچی کے قریب وین کی موٹر سائیکل کو ٹکر، حادثہ میں نوجوان جاں بحق، ڈرائیور کو پولیس تھانہ صدر نے حراست میں لے لیا نعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال وزیرآباد منتقل کر دیا گیا وزیرآباد کے علاقہ چناب ٹول پلازہ کے قریب چناب قینچی پر تیز رفتار وین نے موٹر سائیکل سوار شہری کو ٹکر ماری حادثہ میں شہری موقع پر جاں بحق ہوگیا جسکی شناخت علی حسن ولد نذر محمد سکنہ پھالوکی احمد نگر روڈ کے نام سے ہوئی ہے حادثہ کے بعد وین ڈرائیور محمد یعقوب موقع پر موجود رہا جسے پولیس تھانہ صدر نے اپنی حراست میں لے لیا جبکہ جاں بحق ہونے والے نوجوان علی حسن کی نعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال وزیرآباد منتقل کر دیا گیا ہے۔

عبدالقیوم بھٹی فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

وزیرآباد (نامہ نگار) عبدالقیوم بھٹی فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں مہمان خصوصی نجم اخبار کے مینجنگ ڈائریکٹر زاہد محمود ہاشمی تھے، الفتح فٹ بال کلب اور ہیڈ خانکی فٹ بال کلب کے مابین میچ کھیلا گیا جو پلنٹی ککس پر الفتح فٹ بال کلب نے ایک گول سے جیت لیا۔ زاہد محمود ہاشمی نے کہا کہ کھیلوں کا فروغ بہت ضروری ہے، کھیلوں کے فروغ سے ہی نوجوان نسل کو گمراہی بے راہ روی کے سیلاب میں ڈوبنے سے بچایا جاسکتا ہے جو کھیلوں کو فروغ دیتے ہیں وہ انسانیت سے پیار کرنے والے ہوتے ہیں، نوجوان نسل ہی ہمارا مستقبل ہے اپنے مستقبل کو درخشندہ بنانے کے لئے ان کو کھیل کے میدانوں کی جانب راغب کرنا ہوگا، کھیل کود سے جسمانی فٹنس کے ساتھ ساتھ ذہنی نشوونما کو فروغ اور استحکام حاصل ہوتا ہے۔

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے محمد احسن ولد محمد مسلم شناختی کارڈ نمبر 35202-0370872-5 کو بوجہ نافرمانی اور برے چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ اور کہ میں یا میری فیملی آئندہ اس کے کسی قول وفعل یا لین دین کے ذمہ دار نہ ہونگے۔ اس کے کسی بھی غیر قانونی معاملات کا بھی مجھ سے یا مری فیملی سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔

المشتہر: شبانہ مسلم زوجہ محمد مسلم اقبال ٹاؤن الحلم پارک خالد سٹریٹ مکان نمبر 103 لاہور

حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہر کے مختلف مقامات پر 3 ہیٹ ویو مینجمنٹ کیمپس قائم کر دیے گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہر کے مختلف مقامات پر 3 ہیٹ ویو مینجمنٹ کیمپس قائم کر دیے گئے، یہ کیمپس محبوب عالم چوک، گول چوک اور مین روڈ صمد پورہ میں قائم کیے گئے ہیں تا کہ عوام الناس کو موسم کی شدت سے بچاؤ ٹھنڈے پانی کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انہیں سٹروک سے بچاؤ کے لیے مناسب آگاہی بھی فراہم کی جا سکے، اس مقصد کے حصول کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے لگائے گئے تینوں کیمپس میں ٹھنڈے پانی کے ٹینکس، بیٹھنے کے مناسب انتظام اور عوامی آگاہی کے لیے عملہ بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ عوام ہیٹ ویو سے بچاؤ کے لیے تمام تر احتیاطی تدابیر اپنائیں اور ٹھنڈے پانی پینے اور آگاہی کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ کے ہیٹ سٹروک مینجمنٹ کیمپس سے استفادہ حاصل کریں۔

چنیوٹ کی پہچان فرنیچر مارکیٹ کی ری ڈیزائننگ کیلئے ہنگامی اقدامات شروع

فرنیچر مارکیٹ چوک کو ری ڈیزائن کرکے (Round about) گول چکر اور فواروں سے آراستہ دیدہ زیب ماڈل نصب ہوگا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن خوبصورتی کا شاہکار ضلع چنیوٹ کے تحت شہر کے وسط میں قائم چنیوٹ کی پہچان فرنیچر مارکیٹ کی ری ڈیزائننگ کے لیئے ہنگامی اقدامات شروع کردیے گئے ہیں۔ فرنیچر مارکیٹ چوک کو ری ڈیزائن کرکے (Round about) گول چکر اور فواروں سے آراستہ دیدہ زیب ماڈل نصب ہوگا۔ مارکیٹ کے داخلی راستہ پر گاڑیوں اور آخر پر موٹرسائیکل کے لئے ملٹی سٹوری پارکنگ کا نظام پراجیکٹ میں شامل ہے۔ علاوہ ازیں مارکیٹ کے انٹری پوائنٹ پر فرنیچر کی شان لکڑی کے نقش ونگار پر مشتمل دلکش اور اچھوتا گیٹ نصب ہوگا اور فرنیچر مارکیٹ کو پیڈسٹرین (پیدل چلنے) والوں کے لئے مختص کرنا ہے۔ وڈ (لکڑی) کی تھیم پر دکانوں کے شیڈز، چمکتے کھلیفٹ پاٹس، زیرزمین تاریں، مارکیٹ میں شہریوں کے آنے جانےکیلئے الیکٹرک وہیکل، بیٹھنے کا ایریا بھی شامل ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے فرنیچر مارکیٹ کی ری ڈیزائننگ کے لئےمیونسپل کمیٹی کو ہدف تفویض کیا۔ انہوں نیماہرین کو وزٹ کرانے اورفوری عملدرآمد شروع کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ چنیوٹ کوخوبصورتی کے لحاظ سے ماڈل ضلع بنانا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید سمیت دیگرافسران بھی موجود تھے۔

حافظ آباد گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 کے اولڈ سٹوڈنٹس نے اپنے سابقہ سکول میں سولر پینل سسٹم نصب کرا دیا

حافظ آباد: (بیورو رپورٹ) حافظ آباد گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 کے اولڈ سٹوڈنٹس نے اپنے سابقہ سکول میں سولر پینل سسٹم نصب کرا دیا جس سے سکول کے بچے اور اساتذہ کافی خوش حال دیکھائی دے رہے ہے حافظ آباد سے سابق سٹوڈنٹس نے سولر پینلز کا افتتاح بھی اپنے سابق ٹیچرز محمد عظیم اعوان محمد سعید سے کروایا اس موقع پر پرنسپل ادارہ محمد عنایت اللہ نصر اللہ ساجد نصیر الدین محسن شبیر عقیل آزاد عبدالجبار رضا انصاری۔ ریاست ھنجرا۔ ذوالفقار احمد و دیگر بھی موجود تھے افتتاح کرتے ہوئے سر محمد عظیم اعوان ۔سر محمد سعید نے کہا کہ ان سابق طالب علموں نے اپنی مادر علمی کے ساتھ اپنی۔ بے پناہ محبت کا ثبوت کرکے سولر پینل سسٹم نصب کیا ھے جس سے طلبہ گرمی شدت سے محفوظ رہ سکیں گے اور ادارہ کا مالی بوجھ بھی بہت کم ہوگا۔ پرنسل سکول سر عنایت اللہ نے اولڈ سٹوڈنٹ کا اپنی۔ مدد آپ کے تحت سولر پینل۔ نصب کرنے پر شکریہ ادا کیا

سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی انسداد تجاوزات مہم کے تحت انسپکشنز

حق بازار میں تجاوزات کرنے والے دکانداروں کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت)۔ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی انسداد تجاوزات مہم کے تحت انسپکشنز، انہوں نے حق بازار میں تجاوزات کرنے والے دکانداروں کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا اور تجاوزات کے ذریعے عوام کے لیے دشواری پیدا کرنے سے باز رہنے کی ہدایت کی، مزید براں سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر کی زیرنگرانی حق بازار میں پختہ تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے ذریعے عوام کے لیے مشکلات پیدا کرنے والے دکانداروں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور سخت کارروائیوں کے ذریعے پختہ تجاوزات کا صفایہ کر دیا جائے گا۔

تبدیلی نام

میرا پرانا نام اچھا مسیح تھا لیکن اسلام قبول کرنے کے بعد میرا اسلامی نام محمد اچھا ہے جو کہ میں نے اپنے شناختی کارڈ پر بھی تبدیل کروالیا ہے لہٰذا میری واسا کی سیلری سلپ اور سروس بک اور تمام سرکاری کاغذات میں بھی تبدیل کیا جائے

المشتہر: محمد اچھا ولد بشیر باوڈاکخانہ برکی لاہور کینٹ ضلع لاہور

اہل تشیع کمیونٹی کے وفد نے سنٹرل پولیس آفس میں ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان سے ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) اہل تشیع کمیونٹی کے وفد نے سنٹرل پولیس آفس میں ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان سے ملاقات کی۔ وفد میں شیعہ کمیونٹی کے علمائے کرام، محرم الحرام کے عزاداری جلوسوں، مجالس کے منتظمین، لائسنس ہولڈرز اور متولیان شامل تھے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ دوران ملاقات محرم الحرام کے عزاداری جلوسوں اور مجالس کے سکیورٹی انتظامات بارے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان نے کہا کہ شیعہ کمیونٹی سمیت تمام مکتبہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد ہماری فیملی ہیں۔ شیعہ کمیونٹی اور مختلف مکتبہ ہائے فکر کے تعاون سے محرم الحرام پر سکیورٹی اقدامات یقینی بنائیں گے۔ عزاداری جلوسوں، مجالس کے اوقات کار، روٹس اور لاؤڈ سپیکر کی پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے کا عزم کیا گیا۔ پنجاب پولیس محرم الحرام سے قبل کمیونٹی رضاکاروں کی سکیورٹی ٹریننگ یقینی بنائے گی۔ شیعہ کمیونٹی لیڈرز نے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے بھرپور تعاون پر پنجاب پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

علماء ومشائخ کونسل پاکستان کے زیراہتمام سیمینار کا انعقاد

پاکستان کو اندرونی اور بیرونی شازشیوں نے اپنے چنگل میں گھیر رکھا ہے: پیر محمد ضیاء اللہ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) علماء و مشائخ کونسل پاکستان کے زیراہتمام منعقدہ تحفظ پاکستان سیمینار سے مرکزی صدر صاحبزادہ پیر محمد ضیاء اللہ قادری نے کہا پاک سرزمین اس وقت مشکلات سے دو چار ہے پاکستان کو اندرونی اور بیرونی شازشیوں نے اپنے چنگل میں گھیر رکھا ہے اسلام کے نام پر بننے والا یہ ملک لڑائی جھگڑے، چوری، ڈکیتی، قتل و غارت اور دیگر ناگہانی آفات میں جتلا ہو چکا ہے ان تمام مشکلات کا حل نظام مصطفی ﷺ سے ہی بہتر ہوسکتا ہے علماء و مشائخ کونسل پاکستان بنانے کا واحد مقصد محراب و ممبر کے ذریعے عوام کی اسلامی تربیت کرنا ہے علماء و مشائخ کونسل کے مرکزی ناظم اعلیٰ پیر محمد حنیف طاہر نے کہا ملک میں مذہبی کوئی دہشت گردی نہ ہیبلکہ سیاسی جنگ سے لوگ بد اخلاق بدکردار اور معاشی و معاشرتی بدحالی کا شکار ہیں قوم کو اسلام سے دور کرنے والے بدکردار بے عمل اور بات بات پر جھوٹ بول کر لوگوں کو اسلام کی پٹری سے دور کیا گیا ہے علماء و مشائخ کونسل ملک بھر میں نظام مصطفی ﷺ کانفرنسز کر کے قوم کو راہ راست پر لائے گی علماء و مشائخ کونسل کے مرکزی رہنماؤں پیرمیاں نوید الحسن حیات پیر سید فضل شاہ الحسنی، پیر محمد اشرف شاکر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جس مقصد وحید کی خاطر بنایا گیا تھا آج تک وہ مقصد ہم حاصل نہیں کر سکے ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے حکمرانوں نے ملک کو کھوکھلا کو دیا ہے اور بیرونی اعلیٰ کاربن کر ملک کا بیڑہ غرق کردیا ہے پاک فوج نے احسن قدم اٹھا کر پاکستان کا نام پوری دنیا میں بلند کیا ہے پاکستان کا بچہ بچہ اپنی فوج کے ساتھ ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ جس طرح بھارت کو نانی یاد کروائی ہے اسی طرح فلسطین کے مسلمانوں کو سہارا دینے کے لئے اسرائیل کو مظالم سے روکنا بھی ضروری ہے پیر محمد اشرف شاکر نے کہا کہ محرم الحرام میں اسلام آباد میں انٹرنشنل امام حسین کانفرنس ؓ کر کے امام حسین ؓ کا کردار عیاں کیا جائے گا۔

پنجاب میں تیتر اور بٹیر کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضہ میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

ملزمان سے 5 بھورے تیتر، 1 کالا تیتر اور 14 تیتر کے بچے برآمد، پرندے ڈی جی خان اور تونسہ زو منتقل

لاہور (خبرنگار) سینئر وزیر مریم اورنگ زیب اور سیکرٹری جنگلات جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر چیف وائلڈ لائف رینجر مبین الٰہی کی زیرقیادت صوبہ میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضہ کیخلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور ایسی ہی متعدد کامیاب کارروائیوں کے دوران صوبہ کے مختلف اضلاع ڈی جی خان اور راجن پور سے تیتر اور بٹیر کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضہ میں ملوث 3 ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے 5 بھورے تیتر، 1 کالا تیتر اور 14 تیتر کے بچے جبکہ آلات شکار میں 3 سپیکرز، 1 بیٹری، 1 ٹیپ ریکارڈر اور 2 جال برآمد کر کے 6 بالغ تیتر منی زو تونسہ اور 14 تیتر کے بچوں کو ڈی جی خان زو منتقل کر دیا۔ تفصیل کے مطابق ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر سخی محمد جوئیہ کی سربراہی میں وائلڈ لائف سٹاف ڈی جی خان اور تونسہ نے تین مختلف کارروائیوں میں تیتر اور بٹیر کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضہ میں ملوث 3 ملزمان کو وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر گرفتار کر کے غیر قانونی قبضہ سے 5 بھورے، 1 کالا تیتر اور 14 تیتر کے بچے، 3 سپیکرز، 1 بیٹری، 1 ٹیپ ریکارڈر اور 2 جال برآمد کر لئے اور ملزمان سے ضبط 6 بالغ تیتر تونسہ منی زو اور 14 تیترز کے بچے ڈی جی خان زو منتقل کر دیئے اور ملزمان کو مبلغ 20 ہزار روپے جرمانہ کر دیا۔

پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی قائدین نے سینیٹ سے منظور ہونے والے اس بل کو مسترد کر دیا

یہ قانون دراصل مغربی این جی اوز کے دباؤ پر نافذ کیا جا رہا ہے جو پاکستان کی نظریاتی بنیادوں کو کھوکھلا کرنا چاہتی ہیں

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی قائدین نے سینیٹ سے منظور ہونے والے اس بل کو مسترد کر دیا ہے جس میں اٹھارہ سال سے کم عمر شادی پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ رہنماؤں نے اسے شریعت اسلامی، آئین پاکستان اور معاشرتی اقدار کی صریح خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قانون دراصل مغربی این جی اوز کے دباؤ پر نافذ کیا جا رہا ہے جو پاکستان کی نظریاتی بنیادوں کو کھوکھلا کرنا چاہتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا زاہد الراشدی، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالرؤف فاروقی، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف محمدی، سیکرٹری اطلاعات پروفیسر حافظ منیر احمد اور دیگر قائدین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ قائدین نے کہا کہ اسلام میں نکاح کے لیے بالغ ہونا شرط ہے، عمر کی کوئی مخصوص حد نہیں۔ جو شخص یا لڑکی بلوغت کو پہنچ جائے اس کے نکاح میں رکاوٹ ڈالنا صریحاً خلاف شریعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے قوانین کے ذریعے معاشرتی بگاڑ، بے حیائی اور ناجائز تعلقات کو فروغ ملے گا، جس کے نتائج نہ صرف دینی لحاظ سے تباہ کن ہوں گے بلکہ معاشرتی اور اخلاقی اقدار کی پامالی کا ذریعہ بھی بنیں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ شریعت اسلامی کے ہوتے ہوئے پارلیمنٹ کا اختیار محدود ہے، اور کوئی بھی قانون قرآن و سنت کے منافی نہیں ہوسکتا۔ اس بل سے نہ صرف دین اسلام کے احکام کی توہین ہوئی ہے بلکہ لاکھوں پاکستانیوں کے دینی جذبات کو بھی مجروح کیا گیا ہے۔ شریعت کونسل کے قائدین نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اس قانون کو فوری طور پر واپس لے اور اسلامی نظریاتی کونسل سمیت تمام دینی طبقات سے مکمل مشاورت کے بعد نئی قانون سازی کرے، تا کہ ملک میں دینی ہم آہنگی اور نظریاتی استحکام برقرار رہ سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان شریعت کونسل ملک بھر کی تمام دینی جماعتوں وطبقات سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اس دینی و قومی معاملے پر متحد ہو کر آواز بلند کریں۔ دریں اثناء پاکستان شریعت کونسل کے رہنماؤں مولانا مفتی رویس خان ایوبی، مولانا عبدالقیوم حقانی، مولانا عبدالرزاق، مولانا رشید احمد درخواستی، مولانا تنویر الحق تھانوی، مولانا شبیر احمد کشمیری، چوہدری خالد محمود ایڈووکیٹ، مولانا رمضان علوی، مولانا قاری اللہ داد، مفتی محمد نعمان پسروری، مولانا عبدالحفیظ محمدی، مولانا ثناء اللہ غالب، مولانا عبدالحسیب خوستی، مولانا محمد امین، مولانا قاسم عباسی، مولانا حافظ علی محی الدین، مولانا قاری عثمان رمضان، سعید احمد اعوان، مولانا امجد محمود معاویہ، مولانا صاحبزادہ نصرالدین خان عمر، مفتی جعفر طیار، مولانا عطاء اللہ علوی، مولانا ڈاکٹر سیف الرحمن آرائیں، مولانا عبید الرحمن معاویہ، ذوالفقار گل ایڈووکیٹ اور دیگر نے بھی اس قانون پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ڈی پی او حافظ آباد کی کھلی کچہری مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی

معذور شہری کی فریاد پر ڈی پی او حافظ آباد نے انسانی ہمدردی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری ایکشن لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی پی او حافظ آباد کی کھلی کچہری میں پیش ہونے والے معذور شہری کی درخواست پر بروقت کارروائی پیشہ ورانہ مہارت اور بہترین تفتیشی حکمت عملی کے ذریعے چوری شدہ رقم برآمد ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر کی زیر صدارت تھانہ سٹی پنڈی بھٹیاں میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ایک معذور شہری بشارت علی نے شکوہ کیا کہ اس کی دکان کی چھت پھاڑ کر نامعلوم چوروں نے واردات کی اور 1 لاکھ 3 ہزار روپے کی نقدی لے اڑے۔ معذور شہری کی فریاد پر ڈی پی او حافظ آباد نے انسانی ہمدردی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری ایکشن لیا۔ ڈی پی او عاطف نذیر نے معاملے کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈی ایس پی پنڈی بھٹیاں غازی عارف محمود خان کو ہدایت کی کہ وہ ذاتی نگرانی میں کارروائی کو یقینی بنائیں اور متاثرہ معذور شہری کی رقم برآمد کروائیں۔ ڈی ایس پی پنڈی بھٹیاں غازی عارف محمود خان نے اپنی پیشہ ورانہ تفتیشی مہارت اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے ایس ایچ او سٹی پنڈی بھٹیاں سب انسپکٹر شیخ ندیم عباس اور دیگر اہلکاروں پر مشتمل ٹیم تشکیل دی۔ ٹیم نے تیز رفتار اور مربوط حکمت عملی کے تحت جدید پولیسنگ تکنیکوں کا استعمال کرتے ہوئے دن رات محنت کی اور چوری شدہ 1 لاکھ 3 ہزار روپے کی رقم برآمد کر لی۔ رقم کی برآمدگی کے بعد ڈی ایس پی غازی عارف محمود خان کی نگرانی میں یہ رقم باقاعدہ طور پر متاثرہ معذور شہری بشارت علی کے حوالے کر دی گئی جس پر معذور شہری اور اس کے اہل خانہ نے پولیس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہر شہری کی دادرسی ہمارا فرض ہے اور ہم ہر مظلوم کی آواز پر لبیک کہیں گے ایسی بروقت کارروائیاں نہ صرف عوام کے اعتماد کو بحال کرتی ہیں بلکہ محکمہ پولیس کے وقار اور مؤثر پولیسنگ کی عملی تصویر بھی پیش کرتی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات و کرنل زین العابدین کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی او انڈسٹریز، واپڈا، کسٹم، سی او ایم سیز نے شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات و کرنل زین العابدین اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی برائے نیشنل ایکشن پلان کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی او انڈسٹریز، واپڈا، کسٹم، سی او ایم سیز، کسٹم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے ضلع میں لا اینڈ آرڈر پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ نے پرائس کنٹرول، انسداد تجاوزات، غیر قانونی پٹرول پمپس، بجلی چوری، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں و اشیاء، لیبر لاز، مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے تمام محکموں کے افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے جاری ترقیاتی اور عوامی بہبود کے پروگرامز کو سراہا گیا۔ اجلاس میں تمام محکموں کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا گیا کہ مزید اقدامات کر کے کارکردگی میں مزید بہتری لائی جائے۔

جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا کالا گجراں اور تحصیل دینہ میں ستھرا پنجاب مہم پر کام کا جائزہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا کالا گجراں اور تحصیل دینہ میں ستھرا پنجاب مہم پر کام کا جائزہ۔ تمام علاقوں میں بہترین صفائی کے انتظامات کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے تحصیل جہلم کے علاقے کالا گجراں اور تحصیل دینہ میں مختلف مقامات پر ستھرا پنجاب مہم کے تحت جاری صفائی کے عمل کا جائزہ لیا اس موقع پر سپروائزر سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب مہم کے تحت تمام علاقوں میں یکساں صفائی یقینی بنایا جائے تمام کچرے کے ڈھیروں کو ختم کیا جائے اور شہر بھر میں لگائی گئی ڈسٹ بن کو مقررہ وقت پر خالی کر کے شہر کو صاف ستھرا بنانے کی پنجاب حکومت کی کاوش کو عملی جامہ پہنایا جائے۔

جنگیں جذبوں سے لڑ کے جیتی جاتی ہیں۔ فراز اکرم اعوان

افواج پاکستان نے دشمن کو گھر میں گھس کر مارا۔ وائس چیئرمین سیال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شاہینوں نے دشمن کی سرزمین میں داخل ہو کر جو جلوے دیکھائے آنے والی نئی نسلوں تک دہرائے جائیں گے۔ مکار دشمن بھارت نے خاموش تماشائیوں کا سہارا لیتے ہوئے رات کے اندھیروں میں وار کر کے اپنی مکاری اور بزدلی کا ثبوت دیا پاک فوج کی خاموشی اور امن پسندی کے مظاہرے سے دشمن کی جارحیت حد تجاوز کر رہی تھی لیکن ملکی سالمیت کی خاطر افواج پاکستان نے دشمن کو ناکو چنے چبانے کے لیے جب جنگ کا جھنڈا لہرا کر آسمانوں پر جلوہ دیکھایا تو دنیا نے دیکھا کے پاکستانی شاہینوں نے سنت رسول ﷺ ادا کرتے ہوئے دشمن کی سرزمین میں گھس کر پل بھر میں دشمن کے ناپاک ارادوں کو ریت کے ذروں کی طرح ملیا میٹ کر دیا ان باتوں کا اظہار وائس چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ فراز اکرم اعوان آف سپیڈی ورلڈ وائیڈ نے اپنے میڈیا بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ حالت جنگ میں جہاں قوم کے محافظ ملکی دفاع کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے تھے وہیں پوری قوم بھی مادر وطن کیلئے لڑنے والوں کیساتھ ہر عزم کھڑے تھے۔

پینے کا ٹھنڈا پانی میسر نہ ہونے پر طلبہ کا احتجاج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سخت گرمی میں ضلع بھر کے سرکاری و پرائیویٹ سکولوں کالجوں میں طلبا و طالبات کیلئے پینے کا ٹھنڈا پانی میسر نہ ہونے پر طلبہ کا احتجاج وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر میں درجنوں پرائیویٹ و سرکاری سکولوں کالجوں میں پینے کا ٹھنڈا پانی نہ ملنے پر طلبا و طالبات نے شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھاری فیسیں وصول کرنے والے اداروں میں پینے کا ٹھنڈا پانی دستیاب نہیں جبکہ شہر کے اکثر سکولوں میں طلبہ ٹینکی کا زنگ آلودہ پانی پینے پر مجبور ہیں۔

جہلم ضلع بھر کے تمام امتحانی مراکز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر کے تمام امتحانی مراکز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے طلبہ و طالبات کو امتحانات کے دوران کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا چاہیے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے گورنمنٹ ڈگری کالج جی ٹی روڈ میں جاری امتحانات کا جائزہ لیتے ہوئے کہیں اس موقع پر ڈیسیون نے سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت کی کہ طلبہ کے لیے پینے کا ٹھنڈا پانی پنکھوں کی فراہمی اور دیگر تمام ضروری سہولیات امتحانی مرکز کے اندر موجود ہونی چاہیے تاکہ گرمی کی اس شدت میں امتحان دینے والے طلبہ کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے کہا کہ امتحانات کے دوران کسی قسم کی غیر قانونی حرکت کرنے بوٹی مافیا یا غیر متعلقہ افراد کی مداخلت کو ہر صورت روکا جائے گا۔

شہر اور مضافات میں عید سے قبل مہنگائی کا طوفان

سرکاری نرخنامے نظر انداز، برائلر مرغی کے گوشت، انڈوں اور چینی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) شہر اور مضافات میں عید سے قبل مہنگائی کا طوفان، سرکاری نرخنامے نظر انداز، برائلر مرغی کے گوشت، انڈوں اور چینی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ۔ تفصیلات کے مطابق شہر اور مضافات میں عید سے قبل ہی دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ نظر انداز کر کے مرضی کے ریٹ مقرر کر لئے ہیں برائلر مرغی کا گوشت 700 روپے فی کلو فروخت کر رہے ہیں، انڈے فی درجن 350 روپے فروخت کئے جا رہے ہیں جبکہ چینی فی کلو 180 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے دوکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں تو کر رکھی ہیں مگر اس پر عملدرآمد نہیں کر رہے اور من مانی قیمتیں وصول کی جا رہی ہیں اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں اور انتظامیہ کوئی بھی کارروائی کرنے سے گریزاں نظر آ رہی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے۔

سوشل میڈیا پالیسی کی سنگین خلاف ورزی پر ایس پی انویسٹی گیشن حافظ آباد کا فوری ایکشن

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا پالیسی کی سنگین خلاف ورزی پر ایس پی انویسٹی گیشن حافظ آباد کا فوری ایکشن، اہلکار کے خلاف باقاعدہ محکمانہ انکوائری کا آغاز کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پنجاب پولیس کے کانسٹیبل صدام ناصر کو سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی پر معطل کر دیا گیا ہے۔ کانسٹیبل صدام ناصر نے پولیس وردی میں ایک بھارتی گانے پر ٹک ٹاک ویڈیو بنائی، جو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ ویڈیو میں وہ لپ سنگ کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں، جو کہ محکمہ پولیس کے ضوابط اور وردی کے تقدس کے منافی عمل ہے۔ معاملہ اعلیٰ حکام تک پہنچنے پر ایس پی انویسٹی گیشن حافظ آباد، محمد عمران کالرو نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اہلکار کو معطل کر کے لائن حاضر کر دیا، اور اس کے خلاف باضابطہ انکوائری کا حکم دے دیا گیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن کا کہنا ہے کہ پولیس فورس میں نظم و ضبط اور ڈسپلن سب سے مقدم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیس اہلکاروں کو سوشل میڈیا کے استعمال میں سنجیدگی، ذمہ داری اور ادارے کی عزت کا بھرپور خیال رکھنا ہوگا۔

سیالکوٹ کے تعلیمی اداروں میں موک ایکسر سائز کر رہے ہیں۔ حافظ زکریا اقبال

طلباء و اساتذہ سول ڈیفنس ہنگامی تربیتی مشقوں سے استعداد کار بڑھا رہے ہیں چیف انسٹرکٹر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سول ڈیفنس سیالکوٹ کے زیر اہتمام ضلع بھر کے سرکاری سکولوں کے بعد اب سول ڈیفنس سیالکوٹ کے انسٹرکٹر و ریسورس پرسن حافظ زکریا اقبال اب یو ایم ٹی و سیالکوٹ کی دیگر یونیورسٹیز و پرائیویٹ کالجز کے طلباء و طالبات اور اساتذہ اور مینجمنٹ کو ہنگامی صورتحال کی تربیتی مشقیں و لیکچرز دے رہے ہیں۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے اسپیکنگ آفیسر حافظ زکریا اقبال نے کہا کہ حکومت پنجاب کی واضح ہدایات کے عین مطابق سیالکوٹ کے مختلف تعلیمی اداروں میں ڈے بوئی ڈے ہنگامی تربیتی مشقوں کے انعقاد سے ہمارا مقصد ہے کہ امن و یا جنگ خدانخواستہ کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال میں شہریوں اور قوم کے معماروں کو اپنی اور اپنے لوگوں کی امداد کرنے میں آسانی ہو۔

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ 43 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس اسلام آباد کے وفد کا ریجنل پولیس آفس گوجرانوالہ کا دورہ

آر پی او کے بحاف پر سی پی او گوجرانوالہ نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن بھر کی ورکنگ بارے تفصیل سے بریفنگ دی، سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

گوجرانوالہ (سٹی پولیس آفیسر رانا ایاز سلیم، نوید بخاری قوت بیورو) نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ 43 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس اسلام آباد کے وفد نے ریجنل پولیس آفس گوجرانوالہ کا دورہ کیا، دفتر پہنچنے پر پولیس افسران نے استقبال کیا، بعد ازاں آر پی او کے بحاف پر سی پی او گوجرانوالہ نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن، گجرات، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد اور نارووال کی ورکنگ بارے تفصیل سے بریف کیا، جس میں شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ پولیس امن و امان قائم رکھنے اور کرائم کی صورتحال کنٹرول کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کر رہی ہے۔ سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کرائم کو کنٹرول کرنے کے لیے مربوط سسٹم بنایا گیا ہے، جس کے خاطر خواہ نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے چوری، ڈکیتی راہزنی میں ملوث درجنوں گینگز بھی گرفتار کیے گئے ہیں۔ سی پی او نے وفد میں شامل افسران کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے بتایا کہ سمارٹ اینڈ کمیونٹی پولیسنگ کے مطابق پنجاب پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کیلئے شب و روز مصروف عمل ہے۔ مزید برآں سی پی او رانا ایاز سلیم نے وفد کے شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال سے شروع کئے گئے پراجیکٹس جیسا کہ پولیس خدمت مراکز، ویمن انکلیو گوجرانوالہ کے قیام کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کسی بھی طرح دیگر ادارے کے متعلقہ مسائل کے لئے ویمن انکلیو میں آسکتی ہے جہاں پر خواتین کے جائیداد میں حصہ نہ ملنے، دوران کام ہراسمنٹ اور تشدد، ڈرائیونگ لائسنس کے حصول اور خواتین ڈرائیونگ کلاس میں داخلہ لے سکتی ہیں۔ گوجرانوالہ پولیس میں لیڈیز پولیس آفیسر پر ایک پنک ویلز پولیس اسکواڈ کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد خواتین کو فوری طور پر تحفظ فراہم کرنا ہے۔ کریمنل ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم اور سیف سٹی اتھارٹی سمیت دیگر پراجیکٹس سے جہاں پولیس کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے وہیں گوجرانوالہ کی پولیس فورسز نے بھی پنجاب پولیس سے ان جدید سافٹ ویئرز کو اپنے سسٹم کا حصہ بنایا ہے۔ آخر میں سی پی او اور رانا ایاز سلیم نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

عوام کی طرف موصولہ مسائل کا حل قطعی میرٹ پر کم از کم وقت میں یقینی بنایا جائے: ڈپٹی کمشنر سارہ حیات

حکومت پنجاب کے احکامات پر عوامی سہولت کے لئے اوپن ڈور پالیسی کا تسلسل برقرار رکھا گیا ہے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سرکاری محکموں کے افسران کو احکامات جاری کئے ہیں کہ عوام کی طرف موصولہ مسائل کا حل قطعی میرٹ پر کم از کم وقت میں یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو انتظار کی زحمت سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ انہوں نے یہ بات بدھ کے روز پنجاب گورنمنٹ کی گڈ گورننس پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیادوں پر اپنے دفتر میں آئے ہوئے شہریوں کی طرف سے درخواستوں پر فوری احکامات جاری کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات پر عوامی سہولت کے لئے اوپن ڈور پالیسی کا تسلسل برقرار رکھا گیا ہے اور اس کے کامل ثمرات عوام کو فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس اہم ترجیح کی عملداری کو پوری طرح مقدم رکھا جائے گا

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ساہیوال وفاقی محتسب ریجنل آفس ساہیوال کے ایڈوائزر/ انچارج کی اوکاڑہ میں وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے متعلقہ شکایات کی سماعت

92 شکایت کنندگان کی گیس، بجلی پوسٹل لائف انشورنس اور نادرا کے خلاف شکایات موقع پر ہی حل کروادیں اور ۲۵ نئی شکایات وصول کیں

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) وفاقی محتسب اعلی اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ ساہیوال کے انچارج عنائیت اللہ دولہ نے اوکاڑہ میں وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروادیں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ وفاقی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں زیادہ تر شکایات بجلی و گیس کے کنکشن اور زائد بلوں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے بجلی و گیس کے کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے قبل ازیں وفاقی محتسب ساہیوال کے انچارج نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا،

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق اینرولمنٹ و دیگر ٹاسک مکمل کئے گئے۔ مجاہد حسین علوی

سیالکوٹ کے سرکاری تعلیمی اداروں میں طلباء کی تعلیم و تربیت یقینی بنا رہے ہیں۔ Ceo ایجوکیشن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) حکومت پنجاب کی بہترین تعلیمی پالیسی پر عملدرآمد کرتے ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کے تمام سرکاری سکولوں میں اینرولمنٹ بڑھانے سمیت وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات کے عین مطابق مستقبل کے معمار طلباء و طالبات کو تعلیم و تربیت کیساتھ غیر نصابی سرگرمیوں پر بھی بھرپور انداز میں عملی اقدامات کئے گئے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار کہنہ مشق چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن و ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی سیالکوٹ مجاہد حسین علوی نے سینئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نے حالیہ بھارتی جارحیت کے دوران سیالکوٹ کی تمام تحصیلوں کے سکولوں میں طلباء کو ایمرجنسی ڈرلز کرائیں جس میں سول ڈیفنس و ریسکیو سروسز 1122 سیالکوٹ نے بھرپور معاونت کی۔

امین پور بنگلہ بھوانہ روڈ، روڈا موڑ نزد کسان کنڈا کے مقام پر "رانا فلنگ اسٹیشن" کی افتتاحی تقریب

اس موقع پر سیاسی، سماجی، کاروباری اور زرعی حلقوں کی نمایاں شخصیات نے بھرپور شرکت کی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) امین پور بنگلہ بھوانہ روڈ، روڈا موڑ نزد کسان کنڈا کے مقام پر "رانا فلنگ اسٹیشن" کی افتتاحی تقریب نہایت شاندار انداز میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر سیاسی، سماجی، کاروباری اور زرعی حلقوں کی نمایاں شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر نجمہ افضل (سابق ایم پی اے و صدر شعبہ خواتین انجمن کاشتکاران پنجاب) تھیں۔ ان کے ہمراہ سید عنایت شاہ (سابق ایم این اے)، حاجی رانا محمد اشرف خاں (چیف ایگزیکٹو رانا فلور ملز)، رانا اسد علی خاں (ڈائریکٹر رانا فلور ملز)، رانا شہزاد اشرف (ڈائریکٹر کشمیر کیٹل فیڈز واٹڈا)، رانا شہباز اشرف (چیف ایگزیکٹو کشمیر کیٹل فیڈز واٹڈا)، اور رانا امجد علی خاں (چیف ایگزیکٹو اسد امجد انجینئرنگ ورکس) نے بھی شرکت کی۔ اس کے علاوہ رانا محمد خاں بھٹی (سیکرٹری اطلاعات و نشر و اشاعت انجمن کاشتکاران پنجاب و آریا فیصل آباد ڈویژن)، معروف اوورسیز بزنس مین حاجی رانا عباس ظفر، سابق ڈپٹی ڈائریکٹر رانا خادم حسین، رانا احسان مصطفی سمندری، میاں مدثر شاہین، چوہدری حسن ضیاء کسانہ ایڈووکیٹ، رانا گل باز خاں، رانا دلشاد الیاس، فخر دیوان بھٹہ، رانا یونس، سردار طاہر حسین ڈوگر، رانا بلال احمد خاں بھٹی، قاری عزیز الرحمن اور رانا حماد الیاس خاں سمیت دیگر معزز مہمانوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب کے شرکاء نے نئے فلنگ اسٹیشن کی کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور اسے مقامی سطح پر ایک خوش آئند اقدام قرار دیا۔

معروف کمپنی کے برانڈز کی تیار کی جانے والی جعلی بوتلوں کی بھاری مقدار برآمد

غیر قانونی فیکٹری ایک ریٹائرڈ ڈی ایس پی کی رہائش گاہ واقع محلہ غریب آباد میں قائم کی گئی تھی

شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) وفاقی حکومت کے ماتحت خفیہ ادارے نشاندہی اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ اور ایس پی آپریشنز شیخوپورہ شاہ زیب مشتاق کی ہدایت پر پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر میاں غلام صابر نے اپنی ٹیم اور پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ چھاپہ مار کر شیخوپورہ شہر میں قائم کی گئی مضر صحت مشروبات بنانے والی غیر قانونی فیکٹری پکڑ کر معروف کمپنی کے برانڈز کی تیار کی جانے والی جعلی بوتلوں کی بھاری مقدار برآمد کر کے ضائع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق یہ غیر قانونی فیکٹری ایک ریٹائرڈ ڈی ایس پی کی رہائش گاہ واقع محلہ غریب آباد میں قائم کی گئی تھی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے افسران نے موقع سے 6 افراد کو گرفتار کر کے تھانہ صدر شیخوپورہ پولیس کے حوالے کر دیا ہے جہاں پر فیکٹری مالک اور دیگر ذمہ داران کے خلاف مقدمہ بھی درج کیا جا رہا ہے۔

غریب کسانوں اور عوام نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹا اور روٹی کی قیمتوں میں کمی کی جائے

شرقپور شریف (نامہ نگار) غریب کسانوں اور عوام نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹا اور روٹی کی قیمتوں میں کمی کی جائے۔ گندم کی قیمتوں میں واضح کمی آچکی ہے، جو 3900 روپے فی من سے کم ہو کر 2200 روپے تک آگئی ہے، مگر نان اور روٹی کی قیمتوں میں کوئی کمی نہ آسکی۔ تندور مالکان اور ہوٹلوں پر روٹی بدستور 15 روپے میں فروخت ہو رہی ہے، حالانکہ موجودہ حالات میں اس کی قیمت زیادہ سے زیادہ 6 روپے ہونی چاہیے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پرائس کنٹرول کے ذمہ دار ادارے خواب غفلت میں ہیں اور عوام مہنگی روٹی خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پرائس کنٹرول کمیٹی فوری طور پر اجلاس بلا کر اس سنگین معاملے کا نوٹس لے اور آٹا و روٹی کی قیمتوں میں مناسب کمی کی جائے تاکہ غریب عوام بھی دو وقت کی روٹی سکون سے کھا سکیں۔

دفتری امور اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار سے آگاہی سیمینار

اس سیمینار میں کالج کے پرنسپل، اساتذہ اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دفتر صوبائی محتسب کے دفتری امور اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار سے آگاہی کے لیے گورنمنٹ اپرینٹس ٹریننگ کالج سرگودھا روڈ فیصل آباد میں میں ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیمینار میں کالج کے پرنسپل، اساتذہ اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایڈوائزر صوبائی محتسب محمد نواز خالد عاربی نے دفتر صوبائی محتسب کے شفاف اور مؤثر احتسابی نظام پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے شکایات درج کرانے کے قانونی طریقہ کار اور ان کے ازالے کے عمل کی وضاحت کی۔ مقررین نے بتایا کہ دفتر محتسب پنجاب عوامی شکایات کے ازالے کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جہاں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی فیس کی۔ سیمینار کے دوران شرکاء کو شکایات درج کرانے کے مکمل طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا، اور آگاہی کے فروغ کے لیے معلوماتی بروشرز تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر طلباء و اساتذہ سے گزارش کی گئی کہ وہ دفتر صوبائی محتسب کے اس پیغام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں تاکہ عوام کو اپنے حقوق کے تحفظ اور فوری انصاف کے حصول سے متعلق آگاہی حاصل ہو۔ اختتام پر شرکاء نے ایڈوائزر صوبائی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس مفید اور معلوماتی سیمینار کے انعقاد کو نہایت سود مند قرار دیا

رائیونڈ: شدید گرمی کے باعث غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نہ نکلیں، ڈاکٹر سید سہیل صادق کی شہریوں کو ہدایت

ہیٹ اسٹروک سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر اپنانا ضروری ہے، میڈیا سے گفتگو

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) ماہر امراض اور سینئر فزیشن ڈاکٹر سید سہیل صادق نے حالیہ شدید گرمی کی لہر کے پیش نظر شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ بلا ضرورت گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، ورنہ ان کی صحت کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ درجہ حرارت انسانی جسم پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے، خاص طور پر ایسے افراد کے لیے جو پہلے ہی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر سید سہیل صادق کا کہنا تھا کہ درجہ حرارت میں مسلسل اضافے کے باعث ہیٹ اسٹروک، سن برن، پانی کی کمی، بلڈ پریشر میں تبدیلی، اور چکر آنا جیسے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک کا وقت گھر کے اندر گزاریں، کیونکہ اس دوران سورج کی تپش سب سے زیادہ ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روزمرہ کے کاموں کے لیے شہری کوشش کریں کہ صبح یا شام کے وقت باہر نکلیں اور اپنے ساتھ پانی کی بوتل، گیلا رومال یا چھتری لازمی رکھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جسم کو ہائیڈریٹ رکھنا اس موسم میں نہایت ضروری ہے، لہٰذا پانی، لیموں پانی، ORS یا دیگر قدرتی مشروبات کا زیادہ استعمال کیا جائے۔ ڈاکٹر سید سہیل صادق نے والدین سے اپیل کی کہ وہ بچوں کو غیر ضروری طور پر کھیلنے کے لیے باہر نہ بھیجیں، اور بزرگ افراد و دل کے مریض خود کو خاص طور پر محفوظ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ گرمی کی شدت آئندہ چند دنوں تک برقرار رہنے کا امکان ہے، اس لیے احتیاطی تدابیر ہی محفوظ رہنے کا واحد حل ہیں۔ انہوں نے حکومتی اداروں سے بھی مطالبہ کیا کہ ہیٹ ویو سے متعلق عوامی آگاہی مہم کو مؤثر بنایا جائے، اسپتالوں اور طبی مراکز میں ہنگامی انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور واٹر کولنگ پوائنٹس کی تعداد بڑھائی جائے تاکہ متاثرہ افراد کو فوری مدد فراہم کی جا سکے۔

خضدار اسکول وین حملہ انتہائی قابل مذمت ہے، چوہدری مستقیم مہار

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا شرمناک فعل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بیان

سمندری (تحصیل رپورٹر) بلوچستان کے علاقے خضدار میں سکول وین پر دہشت گردوں کا حملہ انتہائی قابل مذمت اور افسوس ناک عمل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، شکست خوردہ دشمن اپنی خفت مٹانے کے لیے اپنے سہولت کاروں کے ذریعے سے معصوم بچوں کو دہشت گردانہ کارروائیوں کا نشانہ بنا رہا ہے جو کہ انتہائی شرمناک فعل ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے سینئر رہنما چوہدری مستقیم مہار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ بزدل دشمن آپریشن بنیان المرصوص کے بعد بری طرح عالمی تنہائی کا شکار ہو چکا ہے اور اپنے سہولت کار دہشت گردوں کے ذریعے ایسی بزدلانہ کارروائیاں کروا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غیور عوام اپنی مسلح افواج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور بزدل دشمن کی ہر چال کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مٹھی بھر دہشت گردوں کو پاکستان کے امن کو خراب کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے اور قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر ان بزدلانہ حملوں کے خلاف کھڑی ہوگی۔

رائیونڈ مرکزی پریس کلب کے عہدیداران وممبران کی خضدار اسکول بس

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر سے) مرکزی پریس کلب رائیونڈ کے صدر میر محمد آصف، سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد سرور گجر، چیئرمین عبدالرحمن رامے، جنرل سیکرٹری عبدالرزاق سید، اور چیف ایگزیکٹو سید ظفر ساجد سمیت تمام عہدیداران وممبران نے خضدار میں اسکول کے بچوں کی بس پر ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس دلخراش واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پریس کلب کی جانب سے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انسانیت سوز اور سفاکانہ عمل ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایسے بزدلانہ حملے قوم کے مستقبل کو خوف میں مبتلا کرنے کی مذموم کوشش ہیں، جنہیں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ عہدیداران نے مطالبہ کیا کہ اس واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے، جبکہ زخمی بچوں کو بہترین طبی سہولیات اور جاں بحق بچوں کے اہل خانہ کو ہر ممکن امداد فراہم کی جائے۔ مرکزی پریس کلب کے رہنماؤں نے جاں بحق ہونے والے بچوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ متاثرہ خاندانوں کو صبر جمیل اور زخمی بچوں کو جلد صحتیابی عطا فرمائے۔

خضدار میں اسکول بس پر حملہ انسانیت سوز، بزدلانہ عمل ہے۔ ذوالفقار علی زکریا

افسوسناک واقع کی مذمت کرتے ہیں، سکول بس حملے میں شہادتوں پر دل آزردہ ہے۔ نوفل زکریا کھانڈ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خضدار میں بے رحم دہشت گردوں کیجانب سے اسکول بس پر حملے کے افسوسناک واقعے پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے معروف ایجوکیٹرز ذوالفقار زکریا کھانڈ و ایجوکیٹر نوفل زکریا کھانڈ نے اپنے مشترکہ بیان میں شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے دہشت گردوں کی بزدلانہ، سفاک اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ یہ انسانیت کے خلاف کھلی جنگ ہے۔ معصوم اور بے گناہ بچوں پر حملہ ایک ایسا دل دہلا دینے والا سانحہ ہے جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ اس حملے سے ثابت ہوتا ہے کہ دہشت گرد کسی مذہب، قانون یا انسانیت کے قائل نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ایسے بزدل عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر نشان عبرت بنانے کیلئے فوری اقدامات کرے۔ اس موقع پر انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

ٹریول ایجنسیز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اتحاد گروپ کلین سویپ کریگا

ہمارے تمام امیدواران بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے: رانا مدثر نذر خان، رانا قیصر، قیصر مشتاق

رانا مدثر نذر خان ایڈووکیٹ، رانا قیصر مشتاق، رانا ابراہیم نفیس، صادق جمیل پاشا، عثمان انجم، سیٹھ رمضان

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) رانا مدثر نذر خاں ایڈووکیٹ' رانا قیصر مشتاق' رانا ابراہیم نفیس' صادق جمیل پاشا اور عثمان انجم اور سیٹھ رمضان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ٹریول ایجنسیز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اتحاد گروپ کلین سویپ کریگا ہمارے تمام امیدواران بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے' انہوں نے کہا کہ اتحاد گروپ خدمت کا جذبہ لیکر سامنے آیا ہے۔ اتحاد گروپ کامیاب ہو کر ٹریول ایجنٹس اور سٹاف کیلئے سوشل سیکورٹی 'میڈیکل انشورنس ' حادثاتی کوریج اور ریٹائرمنٹ ویلفیئر پلان ترتیب دیگا تاکہ ٹریول ایجنٹس اور سٹاف کو طبی سہولیات مفت دستیاب ہو سکیں۔ علاوہ ازیں ٹریول ایجنسیز ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے ایک خصوصی ویلفیئر فنڈ بھی تشکیل دیا جائیگا جو مستحق سٹاف کی مالی امداد کیلئے معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد گروپ کی سیاست خدمت کی سیاست ہے اور اتحاد گروپ ٹریول ایجنٹس و سٹاف کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کریگا۔

گورنمنٹ اسلامیہ کالج گوجرانوالہ میں زوالوجی ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام ریسرچ اینڈ سٹڈی ڈیزائن پر لیکچر کا اہتمام کیا گیا

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) گورنمنٹ اسلامیہ کالج گوجرانوالہ میں زوالوجی ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام ریسرچ اینڈ سٹڈی ڈیزائن پر لیکچر کا اہتمام کیا گیا جس کی صدارت ملک کے نامور سائنسدان پروفیسر ڈاکٹر بشارت علی نے کی۔ طلبہ اور طالبات کو جدید ریسرچ کے طریقہ کار پر بحث کی گئی۔ اس موقع پر پرنسپل کالج پروفیسر ڈاکٹر اکرم ورک نے طلبہ میں سائنسی تحقیقی رجحان کو سراہا۔ پروفیسر عبدالرحمن، میڈم فرح نوید، میڈم عندلیب زہرہ اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ پروفیسر محمد عمران نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس کے علاوہ تمام سمیسٹرز کے زیادہ سی جی پی اے حاصل کرنے والے طلبہ میں پروفیسر ڈاکٹر بشارت علی نے کیش انعامات بھی تقسیم کئے اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کی۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بھارت کو وارننگ!

متعلقہ حکام نے تصدیق کی ہے کہ پاک بھارت جنگ بندی کی کوئی آخری تاریخ مقرر نہیں، اس لیے سیز فائر میں توسیع کیلئے ڈائریکٹر جنرلز ملٹری آپریشنز میں رابطہ ضروری نہیں۔ اتوار کو یہ افواہیں گشت کررہی تھیں کہ سیز فائر کی ایکسپائری ڈیٹ 18 مئی ہے جس میں توسیع کیلئے ڈی جی ایم اوز میں رابطہ نہیں ہوسکا۔ اس لیے خدشہ ظاہر کیا جارہا تھا کہ شکست خوردہ بھارت اپنی خفت مٹانے کیلئے کسی وقت بھی پاکستان پر نیا حملہ کرسکتا ہے۔ اس دوران بھارت نے دنیا میں گمراہ کن پراپیگنڈے کیلئے ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل وفود بیرون ملک بھیجنے کی جو مہم شروع کی ہے، اس کے جواب میں پاکستان نے بھی سفارت کاری تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار پیر کو چین پہنچ گئے ہیں، جبکہ اگلے ہفتے وزیراعظم شہباز شریف ایران کا دورہ کریں گے۔ اس حوالے سے سب سے بڑی ذمہ داری پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سونپی گئی ہے، جن کی زیر قیادت ایک اعلیٰ سطحی وفد امریکا اور یورپ روانہ کیا جائے گا۔ پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں بھارت نے پاکستان پر حملے کی جو حماقت کی ہے، اس کے نتیجے میں خیر کا یہ پہلو برآمد ہوا ہے کہ امریکی صدر نے مسئلہ کشمیر پر ثالثی کیلئے خود کو پیش کرکے دنیا کی توجہ اس جانب مبذول کی اور پاکستان اور بھارت میں تناؤ کے بنیادی سبب کے حل کی ضرورت اجاگر کی ہے، جسے بھارت دبانے کی کوشش کررہا تھا۔ برطانوی پارلیمنٹ نے بھی اس مسئلے کے حل پر زور دیا ہے اور اپنی حکومت کو کشمیریوں کی مشاورت سے متوازن موقف اپنانے کیلئے کہا ہے۔ پارلیمنٹ کے ارکان نے مقبوضہ کشمیر کے عوام کے جمہوری اور بنیادی انسانی حقوق سلب کرنے پر بھارت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور خدشہ ظاہر کیا کہ اس کے نتیجے میں پاکستان اور بھارت میں ایٹمی جنگ چھڑ سکتی ہے۔ کشمیر اور دہشت گردی کے بعد چندروزہ جنگ میں پانی کا مسئلہ بھی زیادہ شدت سے ابھر کر سامنے آیا ہے، بھارتی وزیراعظم کے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کے اعلان کا مطلب دریائے سندھ کا پانی پاکستان آنے سے روکنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے غیرملکی خبر میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے بھارت کو خبردار کیا ہے کہ اس نے پانی روکا تو پاکستان کے ردعمل کے نتائج نسلوں پر محیط ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اس خطے، بالخصوص پاکستان میں دہشت گردی کی سرپرستی کررہا ہے۔ ہماری مساجد، بچوں، خواتین اور بزرگوں کو شہید کیا گیا، ہم نے صرف بھارتی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا۔ بھارت کی سمجھ میں یہ بات آنی چاہئے کہ وہ امریکا نہیں اور پاکستان افغانستان نہیں۔ بھارت اسرائیل نہیں اور پاکستان فلسطین نہیں۔ پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے اور سفارتی محاذ پر جو کامیابی حاصل کی ہے، مغربی ملکوں کے ذرائع ابلاغ کے بقول پاکستان اس جنگ میں ایک بڑی قوت بن کر ابھرا ہے۔ پاکستان نے ایک ڈوزیئر بھی جاری کیا ہے، جس میں سیٹلائٹ تصاویر، پہلگام فالس فلیگ پر مستند میڈیا رپورٹس اور ٹھوس شواہد سے آپریشن بنیان المرصوص کی تاریخی کامیابی کو واضح کیا گیا اور بھارت کے جھوٹے پراپیگنڈے اور فیک نیوز کی قلعی کھولی گئی ہے، جس سے بھارتی جارحیت بے نقاب اور سچائی ظاہر ہوتی ہے۔

غیر منصفانہ

تحریر: الیاس محمد حسین

پاکستان میں دولت کی غیر منصفانہ تقسیم نے اتنے مسائل پیدا کردیئے ہیں کوئی کام بھی ڈھب سے نہیں ہورہا ملک میں ایک طرف عیش وعشرت اور دوسری طرف بھوک، افلاس اور خودکشیاں ہیں پاکستان میں 10 فی صد کی رفتار سے غربت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے 65 فیصد عوام غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگی گذارنے پر مجبور ہیں روزمرہ استعمال کی اشیاء آسمان سے باتیں کررہی ہیں اس میں اضافہ در اضافہ سے عام آدمی کی دسترس سے باہر ہیں یہ تو وہی بات ہوئی کہ گرانی اس قدر ہوگی کہ جینا بھی گراں ہوگا

بدقسمتی سے مراعات، آسائشیں اور ترقیاں کرپٹ اور جرائم پیشہ افراد کے حصے میں آرہی ہیں غریب کا کوئی پرسان حال نہیں ان کی حالت ابتر سے ابتر ہوتی چلی جارہی ہے ان حالات میں عام آدمی کو بھی اپنی ترقی کیلئے دن رات ایک کردینا چاہیے سب سے ضروری یہ ہے کہ اپنے بچوں کو بلاتخصیص جنس تعلیم دلانا اپنے اوپر اس طرح فرض کرلیا جائے جیسے ہم بھوک کے وقت خوراک کھاتے ہیں تعلیم یافتہ ہوئے بغیر ترقی ممکن ہی نہیں یہ بات بھی ہر کسی کو جان لینی چاہیے کہ حالات سے گھبرانے والے کبھی منزل تک نہیں پہنچ سکتے کامیابیوں کیلئے اپنے وسائل پر انحصار کرنا ہوگا اپنے پاؤں پر کھڑے ہوکر ہم کامیابیوں کی منازل طے کرسکتے ہیں بھیک میں ملی ہوئی امداد یا قرض سے کسی قوم نے آج تک ترقی نہیں کی۔ تیز رفتار ترقی کیلئے ہمیں اپنے وسائل پر بھروسہ کرنا ہوگا۔ یہ بات سچ ہے کہ عوام کی غالب اکثریت کو توقع تھی اگر عمران خان وزیراعظم بن گئے تو ملک کی معاشی حالت بہتر ہوسکتی ہے لیکن یہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا عمران خان کے خلاف عدم اعتماد کے بعد موجودہ حکومت نے مہنگائی، بیروزگاری، بجلی، آٹا، سبزیاں اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتنا اضافہ کردیا ہے کہ عام استعمال کی چیزیں بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوگئی ہیں۔ ہمارے عظیم لیڈر محمد علیؒ جناح نے 24 اپریل 1943ء کو دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کی صدارتی تقریر میں فرمایا تھا پاکستان میں عوام کی حکومت ہوگی۔ انہوں نے سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کو وارننگ دیتے ہوئے کہا تھا اب یہ سسٹم نہیں چلے گا، پاکستان میں ظلم ہر شکل میں ختم کروں گا۔ ہم آج اسلام کا درس بھلا چکے ہیں لالچ اور خود غرضی نے معاشرہ کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے جس کی وجہ سے امیر،،، امیر ترین ہوتے جارہے ہیں شہر گاؤں جہاں بھی چلے جاؤ غربت ہی غربت نظر آتی ہے لوگوں کے پاس 2 وقت کی روٹی نہیں ان حالات میں قائداعظمؒ کی سوچ اور افکار کی روشنی میں ایک منصفانہ نظام کا قیام ہے

اس سے سماجی ناہمواریوں کا خاتمہ، 25 کروڑ عوام کو ہر شعبہ زندگی میں ترقی کے یکساں مواقع حاصل ہوں گے اعلیٰ تعلیم، علاج معالجہ کی سہولیات، انصاف، روزگار میسر آسکے گا پاکستان کی ترقی کیلئے ایک تجویز یہ ہے کہ جب تک پاکستان کے تمام قرضے ادا نہیں کردیئے جاتے وزیروں، مشیروں اور ارکان اسمبلی کی تنخواہ، ہر قسم کی مراعات، پروٹوکول اور الاونسز بند کردیئے جائیں یہ رقم ایک مربوط سسٹم کے تحت ہر یونین کونسل کی سطح پر خفیہ سروے کرکے ان لوگوں میں بانٹ دی جائے جو کچھ کرنا چاہتے ہیں لیکن ان کے پاس وسائل نہیں، خفیہ سروے کیلئے بلدیاتی کونسلروں، کریانہ فروشوں اور سبزی بیچنے والوں سے بھی مدد لی جاسکتی ہے مجھے یقین ہے کہ پاکستان کے تمام تر وسائل پر قابض اشرافیہ کو یہ تجویز پسند نہیں آئے گی اور وہ دل و جان سے ایسی ہر تجویز کی مخالفت کریں گے

کیونکہ وزیروں، مشیروں اور ارکان اسمبلی کا تعلق خواہ کسی بھی پارٹی سے ہو ان کے مفادات ایک ہیں اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کی بیوروکریسی کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک کیا جانا ناگزیر ہے کیونکہ اس طبقہ کی تمام آشائسیں پاکستان کے دم سے ہے اس لئے مہنگائی، بیروزگاری اور غربت کے خاتمہ کیلئے حکومت کو ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے جب تک حکومت کی پالیسیاں عوامی نہیں ہونگی بہتری نہیں آسکتی۔ اب صورتحال یہ ہے کہ ملکی حالات تبدیلی سرکار کے بعد تجربہ کار حکومت سے بھی نہیں سنبھالے جارہے ڈالر، مہنگائی، ادویات، بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تاریخ کی سب سے بڑی بلندی تک پہنچ گئی ہیں جس سے عوام کی باں باں ہوگئی ہے سوچنے کی بات یہ ہے کہ ایک دیہاڑی دار اپنی کمائی سے 280 روپے لیٹر پٹرول خریدیگا تو ماہانہ لاکھوں روپے قومی خزانے سے لینے والے صدر وزیراعظم وزیر اعلیٰ وزرا آرمی افسران ججز بیوروکریٹ کو بھی مفت پٹرول ملنا بند ہونا چاہئے اگر معیشت کو بہتر کرنا ہیا ور آئی ایم ایف کی زلالت سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے اس اشرافیہ کو ملنے والی سبسڈی ختم کرنا ہوگی۔ اگر پاکستان میں 20000 افراد کو پٹرول فری کی سہولت میسر ہے اور اگر ایک آفیسر ماہانہ 400 لیٹر پٹرول استعمال کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ حکومت کو ماہانہ 80 لاکھ لیٹر پٹرول فری دینا پڑتا ہے جس کو خریدنے کیلئے ماہانہ تقریباً 70 لاکھ ڈالر درکار ہوں گے۔ یہ ہے وہ ناسور جو ملک کو IMF کے چنگل سے آزاد نہیں ہونے دیتا۔ تمام سیاسی پارٹیوں سے وابستگی اپنی جگہ لیکن اب یہ، ملک کی اشرافیہ کا فری پٹرول بند ہونا چاہئے۔ اشرافیہ کا فری بجلی کے یونٹ بند ہونے چاہییں۔ ملک کی اشرافیہ کے فری ہوائی ٹکٹ بند ہونے چاہییں۔ اشرافیہ کا یورپ وامریکہ میں فری علاج بند ہونے چاہیں۔ اشرافیہ کے حکومتی کیمپ آفس ختم ہونے چاہییں۔ ملک کی اشرافیہ کو 6، 8، 10 کنال کے گھر الاٹ ہونے بند ہونے چاہییں۔ تمام سرکاری گاڑیاں نیلام ہونی چاہییں اگر ایک سے 16 اسکیل کا ملازم اپنے تمام اخراجات تنخواہ میں پورے کرتا ہے تو تمام ملازمین کو اپنے اخراجات اپنی تنخواہ سے پورے کرنے چاہییں۔ یقین کریں تمام سرکاری گاڑیاں ویک اینڈ پر نادرن ایریاز میں سیر وتفریح کر رہی ہوتی ہیں۔ غریب قوم کے پیسے سے۔ آئیں سب مل کر حکومت کو مجبور کریں کہ وہ یہ عیاشی اور غیر منصفانہ نظام ختم کرے۔

خلیجی ریاستوں کا چار روزہ دورہ

میرے بول
سہیل کوثر
sohailkoser@gmail.com

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں کا چار روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد واشنگٹن واپس پہنچ چکے ہیں۔ اس دورہ کے دوران تینوں عرب ممالک نے امریکہ میں کئی سو ارب ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے علاوہ مہنگا امریکی اسلحہ اور عسکری سروسز خریدنے کے معاہدے کیے ہیں۔ اس دوران تمام شان و شوکت اور ایک دوسرے کی توصیف میں کہے گئے کلمات کے باوجود غزہ کے حوالے سے کوئی پیش رفت دیکھنے میں نہیں آئی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک تقریر میں غزہ کے باشندوں کی صورت حال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ضرور یہ کہا کہ جب تک وہاں سے اسرائیل پر حملے کرنے اور لوگوں کو اغوا کرنے کا سلسلہ بند نہیں ہوتا، اس وقت تک اس مسئلہ کا کوئی مناسب حل تلاش کرنا ممکن نہیں ہے۔

لیکن بدقسمتی سے ان کے عرب میزبان مہر بہ لب رہے۔ اس دوران غزہ کے بارے میں امریکی منصوبے اور اس کے متبادل عرب منصوبے کے حوالے سے بھی کوئی مباحث سامنے نہیں آئے۔ حیرت انگیز طور پر اسرائیل جیسی بڑی عسکری قوت غزہ کے چوبیس لاکھ باشندوں کو ہلاک کرنے کے لیے دن رات فوجی کارروائی کررہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر درجنوں افراد جاں بحق ہورہے ہیں۔ صورت حال اس حد تک سنگین ہوچکی ہے کہ چھوٹے بچے یہ کہنے لگے ہیں کہ ہماری دعا ہے کہ کوئی اسرائیلی بم انہیں ہلاک کردے تاکہ وہ اس تکلیف دہ زندگی سے نجات پاسکیں۔ لیکن عرب ممالک ہی کیا، دنیا بھر کا ضمیر خاموش ہے۔ 13 مئی کو صدر ٹرمپ کے عرب ملکوں کا دورہ شروع ہونے سے ایک روز پہلے امریکہ نے حماس کے ساتھ براہ راست ڈیل کرتے ہوئے 21 سالہ اسرائیلی امریکی ایدان الیگزنڈر کو رہا کرایا تھا۔ وہ ٹرمپ کے ریاض پہنچنے سے ایک دن پہلے رہا ہوکر تل ابیب پہنچا۔

اس طرح امریکہ نے پہلی بار حماس کے ساتھ براہ راست بات چیت کے ذریعے کوئی رعایت حاصل کی ہے۔ مبصرین اسے ایک ایسا امریکی اقدام قرار دے رہے ہیں جو نیتن یاہو کی حکومت سے بالا ہی بالا کیا گیا ہے۔ یوں اس تنازعہ میں پہلی بار یہ اشارہ سامنے آیا ہے کہ کسی معاملہ پر امریکہ نے اسرائیل کی پالیسی کو نظرانداز بھی کیا ہے لیکن فلسطینی مسئلے کے بارے میں اس کی عملی اہمیت نہ ہونے کے برابر رہی ہے۔

تین عرب ملکوں کے دورہ کے دوران صدر ٹرمپ اسرائیل بھی نہیں گئے۔ اسے بھی اسرائیلی وزیراعظم کی حکومت کے لیے سخت امریکی اشارہ سمجھا جارہا ہے۔ دوسری طرف اسرائیلی حکومت نے باقی ماندہ یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غزہ پر ایک وسیع حملہ کا پروگرام بنایا تھا۔ وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے ٹرمپ کے مشرق وسطی آنے سے پہلے ہی اس عسکری منصوبے کا اعلان کیا تھا لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا گیا تھا کہ اسرائیلی فوج امریکی صدر کی مشرق وسطی سے واپسی کے بعد غزہ میں پیش قدمی کرے گی۔ آج یہ فوجی آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ اس دوران دوحہ میں حماس کے ساتھ اسرائیل کے بالواسطہ مذاکرات شروع ہوئے تھے تاکہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی پر کوئی اتفاق رائے ہوسکے لیکن فریقین کسی معاہدے پر پہنچنے میں ناکام رہے۔ نئے اسرائیلی فوجی آپریشن کے نتیجے میں بظاہر اسرائیل باقی ماندہ یرغمالیوں کو رہا کرانا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ حماس کے سب جنگ جوؤں کو ہلاک کر دیا جائے۔ ے اسرائیلی فوجی آپریشن کے نتیجے میں بظاہر اسرائیل باقی ماندہ یرغمالیوں کو رہا کرانا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ حماس کے سب جنگ جوؤں کو ہلاک کر دیا جائے۔ لیکن ان دعوؤں کے درپردہ اسرائیل غزہ کے وسیع علاقے پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے اور اسے سکیورٹی اقدام کا نام دیا جارہا ہے۔ اس منصوبہ کے تحت فلسطینیوں کو جنوب میں مصری سرحدی علاقے رفح کی طرف دھکیلا جائے گا اور باقی ماندہ خطے پر اسرائیل قابض ہوجائے گا۔ اس دوران وزیراعظم نیتن یاہو یہ اعلان کرچکے ہیں کہ فلسطینیوں کو خود ان کی حفاظت کے نقطہ نظر سے غزہ سے منتقل کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی غزہ کے لوگوں کو ہمسایہ عرب ملکوں میں بھیج کر غزہ کو امریکی ملکیت میں لینے کا اعلان کرتے رہے ہیں۔ دو ماہ پہلے امریکہ و اسرائیل نے مشترکہ طور پر سوڈان، صومالیہ اور صومالی لینڈ سے غزہ کے فلسطینی شہریوں کو اپنے ملکوں میں منتقل کرنے کا معاہدہ کرنے کی کوشش کی تھی۔ لیکن ان میں سے کسی ملک نے اس تجویز کو قبول نہیں کیا۔ البتہ اب غزہ کے چوبیس لاکھ باشندوں کو جنوبی غزہ کے مختصر علاقے میں جمع کرنے کے منصوبے پر عمل شروع کیا گیا ہے۔ کوئی نہیں جانتا کہ اس کے بعد ان بے بس ولاچار فلسطینیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا۔

غزہ کے لیے خوراک و دیگر امدادی سامان کی فراہمی گزشتہ دس ہفتوں سے بند ہے۔ غزہ میں اس وقت قحط کی صورت حال ہے اور اقوام متحدہ بار بار کہہ چکی ہے کہ ان ہتھکنڈوں سے غزہ کے شہریوں کی نسل کشی کی جارہی ہے۔ غزہ کے بارے میں تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سعودی حکمران ولی عہد محمد بن سلطان اور قطر کی حکومت بھی اسرائیلی ہتھکنڈوں کے بارے میں نسل کشی کے الفاظ استعمال کرچکی ہے۔ حیرت ہے کہ ان ملکوں کے حکمرانوں نے صدر ٹرمپ کا استقبال کرتے ہوئے اس سنگین اور افسوسناک انسانی المیہ کا کوئی ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھا۔ عین ممکن ہے کہ درپردہ ہونے والی بات چیت میں کوئی اتفاق رائے ہوا ہو لیکن جب تک غزہ کے باشندوں کی مشکلات ختم نہیں ہوتیں، اسرائیل جنگ بندی پر آمادہ نہیں ہوتا اور فلسطینی ریاست کے حوالے سے پیش رفت نہیں ہوتی، اس وقت تک غزہ اور کی صورت حال عالمی ضمیر اور عرب لیڈروں کی سیاست پر بدنما داغ کے طور پر موجود رہے گی۔

اس وقت اسرائیل روزانہ کی بنیاد پر انسانوں کو ہلاک کرنے کے طریقے پر عمل کر رہا ہے اور دنیا بھر کے ممالک خاموش تماشائی بنے، اس ہلاک خیزی کو دیکھ رہے ہیں اور خاموش ہیں۔ اس لاتعلقی کو تاریخ میں دنیا کے انسانوں کے بے حسی اور سفاکی کے طور یاد رکھا جائے گا۔ عرب ممالک جب تک امریکہ کے حوالے سے اپنی پالیسی تبدیل نہیں کریں گے اور ٹرمپ کی نام نہاد ڈیل کرنے کی پالیسی کے تحت اپنی کثیر سرمایہ کاری کو غزہ کے انسانوں اور دیگر فلسطینیوں کی حفاظت سے مشروط نہیں کریں گے، اس وقت عرب لیگ یا اسلامی تعاون تنظیم کے اجلاس بے مقصد و بے نتیجہ رہیں گے۔

قومی کمیشن برائے اقلیتی حقوق کا قیام

حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

قرارداد مقاصد، 1949 جو آرٹیکل 2-اے کے ذریعہ آئین پاکستان کا حصہ بن چکی ہے اس میں طے کیا گیا تھا کہ ریاست پاکستان ایسا آئین بنائے گی جس میں اقلیتوں کے لیے آزادانہ طور پر اپنے مذاہب کا دعوی کرنے اور اس پر عمل کرنے اور اپنی ثقافتوں کو ترقی دینے کا مناسب بندوبست کیا جائے گا۔ اور جس میں اقلیتوں اور پسماندہ اور پسے ہوئے طبقات کے جائز مفادات کے تحفظ کے لیے مناسب انتظامات کیے جائیں گے۔ آرٹیکل 20 کے مطابق قانون، امن عامہ اور اخلاقیات کے تابع، ہر شہری کو اپنے مذہب کو اختیار کرنے، اس پر عمل کرنے اور اس کی تبلیغ کا حق حاصل ہوگا۔ اور ہر مذہبی فرقے کو اپنے مذہبی اداروں کے قیام، دیکھ بھال اور انتظام کا حق حاصل ہوگا۔ آرٹیکل 36 میں مذکور ہے کہ ریاست اقلیتوں کے جائز حقوق اور مفادات کا تحفظ کرے گی، بشمول وفاقی اور صوبائی خدمات/نوکریوں میں ان کی مناسب نمائندگی کو یقینی بنا کر۔ قومی اسمبلی کے رواں اجلاس میں قومی کمیشن برائے اقلیتی حقوق بل کی منظوری دے دی گئی یاد رہے سینٹ میں یہ بل پہلے ہی منظور کیا جاچکا ہے۔ اب صدر مملکت کی منظوری کے بعد یہ بل باقاعدہ قانونی شکل اختیار کرلے گا اور بہت جلد قومی کمیشن برائے اقلیتی حقوق قائم کردیا جائے گا۔ یاد رہے یہ قانون سازی 2014 میں سپریم کورٹ کے سوموٹو مقدمہ کے فیصلہ اور آئین پاکستان کے درج بالا آرٹیکلز اور خصوصا آرٹیکل 144 کے تابع کی گئی ہے۔ آرٹیکل 144 کے تابع بلوچستان اور خیبر پختونخواہ اسمبلیوں میں قراردادیں پاس کی گئی تھیں اور پاکستانی پارلیمنٹ سے کہا گیا تھا کہ قومی کمیشن برائے اقلیتی حقوق کے قیام کے لئے قانون سازی کی جائے۔ آیئے اس بل کے نمایاں نکات کا جائزہ لیتے ہیں۔ کمیشن کی تشکیل و ترتیب: کمیشن کا ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں ہوگا اور دیگر ذیلی دفاتر پاکستان کے دیگر علاقوں میں بھی قائم کئے جاسکیں گے۔ یہ کمیشن بشمول چیئرمین سترہ اراکین پر مشتمل ہوگا۔ جسکی ترتیب کچھ یوں ہوگی ایک چیئرمین، چاروں صوبوں سے دودو ممبران) ایک مرد اور ایک خاتون جنکا تعلق متعلقہ صوبے کی غالب اقلیتی کمیونٹی سے ہو (جن کو صوبائی حکومتیں نامزد کریں گی، اسلام آباد کی حدود سے ایک اقلیتی رکن، قومی کمیشن برائے انسانی حقوق سے ایک رکن، خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن سے ایک رکن، قومی کمیشن برائے بچوں کے حقوق سے ایک رکن، انسانی حقوق کی وزارت سے 21 ویں گریڈ کا ایک آفیسر، قانون و انصاف کی وزارت سے 21 ویں گریڈ کا ایک آفیسر، مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کی وزارت سے 21 ویں گریڈ کا ایک آفیسر اور وزارت داخلہ سے 21 ویں گریڈ کا ایک آفیسر۔ کمیشن کے اراکین کی تعیناتی کے لئے وزارت داخلہ سیکریٹریٹ کے فرائض دیتے ہوئے وزیراعظم کے منظوری کے لئے سفارش کردہ نامزدہ اراکین کے نام بھجوائے گی۔ کمیشن ایک باڈی کارپوریٹ ہوگی، جس میں دائمی جانشینی اور ایک مشترکہ مہر ہوگی، جس کے پاس منقولہ اور غیر منقولہ دونوں قسم کی جائیداد حاصل کرنے اور رکھنے اور معاہدے کرنے کا اختیار ہوگا، اور مذکورہ نام سے کمیشن کسی کے خلاف اور کمیشن کے برخلاف قانونی چارہ جوئی کی جاسکے گی۔ یاد رہے کمیشن کا چیئرپرسن چیف ایگزیکٹو آفیسر اور پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر ہوگا۔ کمیشن کے چیئرمین و سرکاری ملازمین کے علاوہ دیگر اراکین کے عہدے کی معیاد چار سال ہے۔ کمیشن کا چیئرمین و دیگر اراکین وزارت انسانی حقوق کے ذریعہ اپنا استعفی وزیراعظم کو بھیج سکتے ہیں۔ کمیشن کے کسی عہدہ کی جگہ خالی ہونے کی بنا پر نئی تعیناتی نوے روز کے اندر کی جائے گی۔ چیئرمین و دیگر اراکین کی عہدوں سے برطرفی کے لئے آئین کے آرٹیکل 209 یعنی سپریم جوڈیشل کونسل کی کاروائی کو اختیار کیا جائے گا۔ چیئرمین کمیشن کی تعیناتی کا طریقہ کار: سپیکر قومی اسمبلی چیئرمین سینٹ سے مشاورت کے بعد قومی اسمبلی و سینٹ سے حکومتی اور حزب اختلاف کے بینچوں سے دودو اراکین) ترجیحا غیر مسلم ممبران (پر مشتمل پارلیمانی کمیشن تشکیل دے گا۔ یاد رہے پارلیمانی کمیٹی کے لئے اراکین کی نامزدگی حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے قائدین کریں گے۔ چاروں اراکین چیئرمین کی نامزدگی کرسکیں گے۔ چیئرمین کے انتخاب کے لئے فیصلہ اکثریتی رائے پر کیا جائے گا۔ اگر پارلیمانی کمیٹی کے اراکین کسی ایک امیدوار کے بارے میں اکثریتی فیصلے تک نہ پہنچ سکے، تو کمیٹی تین شارٹ لسٹ کردہ امیدواروں کی ایک پینل لسٹ وزیراعظم کو بھیجے گی، وزیراعظم اپنے صوابدیدی اختیارات استعمال کرتے ہوئے پینل لسٹ میں کسی ایک کو کمیشن کا چیئرپرسن مقرر/تعینات کردے گا۔ چیئرمین کی غیرموجودگی میں وزیراعظم کمیشن کے کسی بھی ممبر کو زیادہ سے زیادہ نوے دنوں کے لئے قائم مقام چیئرمین مقرر کرے گا۔ کمیشن کے افعال: آئین پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کے لئے دی گئی ضمانتوں کے نفاذ کا جائزہ اور نگرانی کرنا اور اقلیتوں کے حقوق کے فروغ اور تحفظ کو یقینی بنانا۔ اقلیتوں کے حقوق کے متعلق موجودہ یا مجوزہ پالیسیوں یا پروگراموں، عمل درآمد منصوبوں، قانون سازی، قواعد، ضوابط، انتظامی امور، یا دیگر مثبت اقدامات کا جائزہ لینا اور متعلقہ حکومت کو ترامیم کی سفارش کرنا، اقلیتوں کیساتھ امتیازی سلوک کی روک تھام اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مشورے دینا یا تجویز مرتب کرنا۔ اقلیتوں کے حقوق کے فروغ اور تحفظ کے لیے قومی ایکشن پروگرام تیار کرنا۔ بین الاقوامی اقلیتوں، حقوق، رپورٹس اور کنونشنز کا مطالعہ کرنا اور حکومتی رپورٹس، تجاویز اور سفارشات کو فراہم کرنا جو ایسے حقوق یا معاہدوں اور کنونشنز کے موثر اطلاق کے لیے ضروری ہیں۔ اقلیتوں کے حقوق کی خلاف ورزی یا اس طرح کی کسی بھی خلاف ورزی سے متعلق موصول ہونے والی شکایات پر ڈیٹا بیس قائم کرنا اور برقرار رکھنا بصورت دیگر ایسی شکایات کمیشن کے نوٹس میں آنا۔ متاثرین کو قانونی طریقہ کار کے بارے میں مشورے و رہنمائی فراہم کرنا اور متعلقہ حکام کے ساتھ ان کی شکایات کی دادرسی میں مدد فراہم کرنا۔ پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر اداروں میں اقلیتوں کے ملازمت کے کوٹہ کے نفاذ کو یقینی بنانا اور اس کی نگرانی کرنا۔ ازخود نوٹس یا کسی متاثرہ شخص کی طرف سے کسی وفاقی، صوبائی حکومت یا ادارے، سرکاری یا نجی ادارے، محکمے، اتھارٹی یا کسی وفاقی، صوبائی یا مقامی حکومت کے اہلکاروں کی جانب سے اقلیتوں کے حقوق کی فراہمی میں رکاوٹ یا خلاف ورزی کی بابت درخواست پر متاثرہ فرد کی حوصلہ افزائی کیساتھ ساتھ قانونی چارہ کے ذریعہ دادرسی فراہم کرنا۔ پاکستان بھر میں خصوصی مواقع، تہواروں پر اقلیتوں اور انکی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے متعلقہ محکموں کے ساتھ رابطہ قائم کرنا۔ کسی بھی متعلقہ قانون، قواعد، ضوابط اور پالیسی کے تحت، اقلیتوں کے حقوق کی خلاف ورزی سے متعلق سول سوسائٹی کے فورم یا پولیس یا عدالت میں جاری کاروائی میں فریق بن کر حصہ لینا۔ قانون کے تابع، کسی اقلیتی فرد کی حراست کی قانونی حیثیت کا پتہ لگانے کے لئے کمیشن کا کوئی رکن یا اس کے ذریعے مجاز کوئی بھی شخص حکومت یا اس کی ایجنسیوں کے زیر کنٹرول کسی تھانے، جیل یا کسی دوسری حراستی جگہ کا دورہ کرسکتا ہے اور اگر ضروری ہو تو متعلقہ حکام کو مناسب قانونی اقدامات کی سفارش کی جائے گی۔ اقلیتوں کو درپیش مسائل کے تجزیہ کے لیے مطالعہ، تحقیق اور دیگر ضروری مداخلتوں کو اسپانسر کرنا اور اقلیتوں کو بااختیار بنانا اور ترقی کے لیے حکومت کو مناسب سفارشات دینا۔ قانون کے تابع متعلقہ محکمے سے اقلیتی برادریوں سے متعلق معلومات، ڈیٹا اور دستاویزات حاصل کرنا اور سول سوسائٹی کے گروپس، اداکاروں اور دیگر اداروں کے ساتھ مشاورت، مکالمے اور سیمینار منعقد کروانا تاکہ اقلیتوں کے مسائل پر بیداری کو فروغ دیا جاسکے۔ اقلیتوں کے حقوق، عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کی صورت حال کی نگرانی کرنا اور جہاں ضروری ہو، کسی بھی رکاوٹ سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے اعلی عدلیہ کی رہنمائی اور مدد حاصل کرنا۔ متعلقہ قانون کے تحت، سوشل میڈیا پر کسی بھی امتیازی، نفرت انگیز مواد یا دیگر تفرقہ انگیز مواد کو ہٹانے کے لیے متعلقہ حکام سے سفارش کرنا، اور ایسے مواد کے ناشرین اور تخلیق کاروں کے خلاف قانون کے تحت مناسب کارروائی کے لئے قانونی چارہ جوئی کروانا۔ اقلیتوں سے متعلق کسی بھی معاملے اور خاص طور پر ان کو درپیش چیلنجوں کے بارے حکومت کے ذریعے پارلیمنٹ کو خصوصی رپورٹ پیش کرنا۔ بین الاقوامی فورمز میں حصہ لینا اور دنیا بھر کے انسانی حقوق کے ماہرین کے ساتھ بات چیت کرنا۔ یکجہتی کو فروغ دینے اور نسلی امتیاز کے خاتمے کے لیے دلت اور دیگر ذاتوں سمیت اقلیتوں کے تمام گروہوں کے انضمام کے لیے خصوصی اقدامات کرنا اور سماجی آزادی کے لیے پالیسی اقدامات کی سفارش کرنا۔ اس ایکٹ کے تحت اقلیتوں کے حقوق کی خلاف ورزی کے کسی بھی واقعے کی تحقیقات اور انکوائری منعقد کرنا۔ کمیشن انسانی حقوق کے مسائل پر خودمختار حقائق تلاش کرنے والی رپورٹس کی نگرانی اور تیار کرے گا اور کارروائی کے لیے حکومت کو پیش کرے گا۔ درج بالا افعال سے متعلق یا اتفاقی طور پر ایسے دیگر کاموں کو انجام دینا جو کمیشن اس ایکٹ کے تحت اقلیتوں کے حقوق کے فروغ اور تحفظ کے لیے ضروری سمجھے۔ کمیشن کے اختیارات: کمیشن، اقلیتوں کے حقوق کی خلاف ورزیوں کی شکایات کی انکوائری کرتے ہوئے، حکومت یا اس کے ماتحت کسی دوسری اتھارٹی یا ادارے سے معلومات یا رپورٹ طلب کرسکتا ہے۔ کمیشن کو، اس ایکٹ کے تحت شکایات کی انکوائری کرتے ہوئے، درج ذیل امور کے سلسلے میں مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908 کے تحت مقدمہ چلانے والی سول عدالت کے تمام اختیارات حاصل ہوں گے۔ گواہوں کو طلب کرنا اور ان کی حاضری کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرنا اور حلف پر ان کی جانچ کرنا، دستاویزات طلب کرنا، حلف ناموں پر ثبوت اکٹھے کرنا۔

دنیا نے بھارت پر پاکستان کی برتری تسلیم کرلی

تحریر: ایم سرور صدیقی

پاک بھارت حالیہ جنگ کے دوران معرکہ حق میں افواج پاکستان نے بھارت کی عددی برتری کی خوش فہمی اور غرور کو خاک میں ملادیا شکست خوردہ مودی سرکار غصے سے لال پیلی ہوکر پہلے سے زیادہ ذلت محسوس کررہی ہے اس لئے پوری قوم کا خبردار رہنا انتہائی ضروری ہے کیونکہ مودی اس وقت شدید غصے میں ہے اور وہ انتقام کے چکر میں پھر حماقت کرے گا یہ بات ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ ہم اب بھی حالت جنگ میں ہیں ہمیں بہت زیادہ خوشیاں نہیں منانا چاہئیں کیونکہ لگتا ہے بھارت نے سیاسی سطح پر سیز فائر نہیں کیا، بھارت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کیا ہوا ہے، قوم کو بھی تیار رہنا چاہئے کہ ہندوستان مہم جوئی کرسکتا ہے ہمیں بہت زیادہ شادیانے نہیں بجانا چاہئیں بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے جو تقاریر کی ہیں اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ پاکستان کے خلاف کوئی مہم جوئی کی حماقت کرسکتا ہے بھارت نے ہمیشہ پاکستان کے خلاف کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے نہیں دیا اس لئے پاک بھارت کے درمیان نظریاتی وجغرافیائی جنگ جاری رہے گی بھارت موقعہ کی تلاش میں ہے وہ پاکستان کی فوجی تنصیبات پر حملہ کرسکتا ہے ہماری پاک فوج کی پوری تیاری ہونی چاہئے قوم کو بھی تیار رہنا چاہئے کہ ہندوستان مہم جوئی کرسکتا ہے۔ مودی کے پاس اس وقت تلوار اور ڈھال یہ ہے کہ اس ارادے کا اظہار کرو کہ دوبارہ پاکستان پر حملہ آور ہوں گے۔ تاکہ ان کی سیاسی ساکھ بحال ہو۔ ان کے ذہن میں کہیں نہ کہیں یہ بات ہوگی کہ پاکستان سے بدلہ لینا ہے کیونکہ ’’آپریشن بنیان مرصوص‘‘ پر بھارت کی چیخیں پوری دنیا نے سنی اور رافیل کو تباہ ہوتے دیکھا ہے۔ ’’گودی میڈیا‘‘ نے صرف اور صرف اپنی ٹی آر پی کی خاطر بھارتی عوام کو بے وقوف بنایا، اشتعال انگیزی پھیلائی اور مودی حکومت کو تاریخی نقصان پہنچایا ہے جس سے پوری دنیا میں ان کی جگ ہنسائی ہوئی لاہور میں تباہی بتائی جارہی تھی، کراچی پورٹ کو تباہ کرنے کا بتایا جارہا تھا، اسلام آباد پر قبضے کی خرافات وغیرہ کی خبریں چلائی جارہی تھیں اب بھارتی ٹی وی چینل، بھارتی عوام سے اس فیک نیوز کی معافیاں مانگ رہے ہیں

اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان روئے زمین کے تمام مسلمانوں کی امیدوں کا مرکز اور اسلام کا قلعہ ہے پاکستان اور پاکستان کی بہادر افواج نے جب بھی ضرورت پڑی ہمیشہ دنیا بھر کے مسلمانوں کی بے لوث مدد کی ہے جس کی مثال ملنا مشکل ہے شاید اخوت اسی کو کہتے ہیں پاک بھارت جنگ کے دوران جس طرح ہم نے بھارت کا جنگی جنون دفن کرکے رکھ دیا ہر کوئی پاکستان کی مسلح افواج کی تعریف کرتے ہوئے ان کی جنگی حکمت عملی، مہارت اور صلاحیتوں کا معترف ہوگیا ہے دنیا بھر کے کروڑوں افراد پاک فوج کی کارکردگی کو سراہا ترکی، ایران، بنگلہ دیش، فلسطین، سعودی عرب، آذربائیجان، اور وسطی ایشیاء اور مشرق وسطی کے مختلف ممالک میں ’’پاکستان زندہ باد‘‘ کے نعروں کی گونج انسٹاگرام، ایکس (سابقہ ٹوئٹر) اور ٹک ٹوک پر ہر جگہ سنائی دے رہی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں رہا کہ امن کے لئے ہمارے عزم کو کبھی کمزوری نہ سمجھا جائے،

آئندہ ہر قسم کی جارحیت کا بھرپور عزم کے ساتھ فیصلہ کن جواب دیا جائیگا اس لئے بھارت کوئی غلطی نہ کرے وطن عزیز کی حفاظت، علاقائی امن اور استحکام کے لئے پاکستان کی کوششیں کی جارہی ہیں جبکہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی مسلح افواج کیلئے بڑھتے احترام اور بھارت سفارتی، دفاعی و سیاسی محاذ پر شکست کھاچکا ہے۔ پوری دنیا نے بھارت پر ہماری برتری تسلیم کرلی اسی تناظر میں ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ حالیہ کشیدگی میں بھارت کے 5 جنگی طیارے مار گرائے، جن میں سے 3 رافیل تھے۔ پوری دنیا جانتی ہے کہ پاکستان نے بھارتی طیارے مار گرائے پاکستان بھارتی تسلط کے سامنے جھکے گا نہیں اور بھارت جتنی جلدی یہ بات سمجھ جائے اچھا ہے یہ علاقائی اور عالمی امن کے لیے اچھا ہوگا۔ خطے کی حالیہ صورت حال اور پاک بھارت کشیدگی کے حوالے سے دیئے گئے انٹرویو میں ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر احمد شریف چوہدری نے واضح کیا کہ پاکستان دنیا میں اس وقت سب سے زیادہ دہشتگردی کا شکار ملک ہے پاکستان میں جنوری 2024 سے اب تک 3700 سے زیادہ دہشت گردی کے واقعات ہوچکے ہیں اور اس 17 ماہ سے بھی کم عرصے میں 3896 افراد جاں بحق ہوئے جن میں سے 1314 شہید، 2500 سے زیادہ اپنے اعضا کھو چکے ہیں۔ ہمارے لاکھوں لوگ جان کی بازی ہار چکے ہیں اس ساری دہشت گردی کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی بھارت کررہا ہے

کشمیر میں یا بھارت میں جو کچھ بھی ہورہا ہے وہ بھارتی جبر کی وجہ سے ان کا اندرونی مسئلہ ہے اس سے پاکستان کا کوئی تعلق نہیں جبکہ کشمیر عالمی طور پر تسلیم شدہ تنازعہ ہے بھارت مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا بلکہ وہ جبر وانتقام دھونس دھاندلی سے اسے دبانا چاہتا ہے یہ بھارت کا اندرونی مسئلہ نہیں ہے کشمیری بھارت کے خلاف پون صدی سے اپنی جدوجہد آزادی کی تحریک چلارہے ہیں پاکستان ایک امن پسند قوم ہے، اگر اب بھارت نے ہمیں اکسایا یا حملہ کیا تو ہمارا ردعمل پہلے سے زیادہ تیز اور وحشیانہ ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ بھارت امریکا نہیں اور پاکستان افغانستان نہیں۔ اسی طرح بھارت اسرائیل نہیں اور پاکستان فلسطین نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پہلگام واقعے میں پاکستان کو مورد الزام ٹھہرا کر کوئی بھی ثبوت دینے میں ناکام رہا۔ نئی دہلی حکومت ان واقعات کو دہشت گردی کے بہانے کے طور پر استعمال کر رہی ہے۔ جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والی بی ایل اے نے کھلے عام بھارت سے فوجی مدد کی درخواست کی تھی جب کہ نئی دہلی میں کچھ رہنماؤں، سیاستدانوں اور ریٹائرڈ جنرلوں نے بی ایل اے کی حمایت میں بیانات دیئے تھے ایسی صورتحال میں امن کا راستہ ہی واحد حل ہے۔ سوال یہ ہے کہ امن کیسے قائم ہو؟ اس کا پہلا اور اہم قدم یہ ہے کہ دونوں ممالک سنجیدہ اور نتیجہ خیز مذاکرات کی طرف آئیں۔ ٹھوس ایجنڈے، عوامی شمولیت، اعتماد سازی کے اقدامات اور مسئلہ کشمیر کو مرکز میں رکھنا ہوگا۔ اعتماد سازی کے لئے دونوں ممالک کو تجارت، ثقافت، تعلیم، سائنس اور ماحولیات کے شعبوں میں تعاون بڑھانا چاہیے میڈیا کو اس میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے حالانکہ بھارتی میڈیا نے پی وی چینلز اور فلموں ڈراموں کے ذریعے اکثر اوقات نفرت اور تعصب کو ہوا دی ہے۔

پاکستان اور بھارت کے پاس اب بھی وقت ہے کہ عقل کے فیصلے جذبات سے کرنے کی بجائے امن کی طرف قدم بڑھائیں دونوں ممالک کے درمیان نفرت اور دشمنی ہماری قسمت نہیں اپنی بنائی ہوئی دیوار ہے، جسے ہم ہی گرا سکتے ہیں۔ 2023 کے عالمی بینک کے ریکارڈ کے مطابق انڈیا میں 123 ملین افراد ایسی زندگی گزار رہے ہیں جو غربت کی لکیر سے بھی نیچے ہیں۔ اسی طرح 2024 کے ڈیٹا کے مطابق پاکستان کی 42.4 فیصد آبادی شدید غربت کا شکار ہے۔ دونوں ملکوں کے نوجوان اپنی معیشت سے مایوس ہوکر کثیر تعداد میں تعلیم اور روزگار کے بہتر مواقع ڈھونڈنے کے لیے مغربی ممالک کا رخ کررہے ہیں۔ دونوں ملکوں کو تعلیم، معاشی ترقی، سماجی مسائل، انسانوں کی حفاظت اور بہتر طرز زندگی کے لیے کوشش کی ضرورت ہے۔ جنگ ہو یا کوئی قدرتی آفت زیادہ نقصان ہمیشہ غریب کا ہی ہوتا ہے۔

جرم کے خلاف ایک نیا محاذ۔۔۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کا قیام

تحریر: محمد مظہر رشید چودھری

حکومت پنجاب اور پنجاب پولیس نے حالیہ دنوں ایک نہایت اہم اور دوررس نتائج کے حامل اقدام کا آغاز کیا ہے۔ "کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ" (CCD) کا قیام ایک ایسا قدم ہے جس سے نہ صرف جرائم کی روک تھام میں مدد ملے گی بلکہ تفتیشی عمل کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا جاسکے گا۔ یہ محکمہ جدید ڈیجیٹل سسٹمز، ڈیٹا اینالیسز اور انٹیلی جنس معلومات کے ذریعے جرائم پیشہ نیٹ ورکس کی شناخت اور ان کے خاتمے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ سانچ کے قارئین کرام! یہ بات خوش آئند ہے کہ پنجاب میں اس منصوبے کی نگرانی ایک نہایت باصلاحیت اور تجربہ کار آفیسر، سہیل ظفر چٹھہ کررہے ہیں، جنہوں نے پہلے بھی کئی اہم اداروں میں جدید اصلاحات کے ذریعے مثالی کارکردگی دکھائی ہے۔ CCD کی پہلی جھلک لاہور کے چند تھانوں میں دیکھی جاسکتی ہے، جہاں پائلٹ پراجیکٹ کی کامیابی کے بعد اسے پورے پنجاب میں نافذ کیا جارہا ہے۔ یہ محض ایک منصوبہ نہیں، بلکہ پولیس سسٹم میں ایک انقلابی تبدیلی ہے۔ اور اس کی ایک زندہ مثال حال ہی میں اوکاڑہ میں دیکھنے کو ملی، جہاں CCD ٹیم کی بروقت کارروائی سے "کالی ڈکیت گینگ" کے سرغنہ احمد یار عرف کالی کو انجام تک پہنچایا گیا۔ ڈسٹرکٹ آفیسر سی سی ڈی محمد یوسف کا کہنا ہے کہ، کالی ڈکیت گینگ کا سرغنہ احمد یار عرف کالی پر قتل، ڈکیتی، اغوا اور دہشت پھیلانے جیسے 40 سے زائد مقدمات درج تھے۔ محمد یوسف نے اس موقع پر پولیس فورس کے حوصلے کو سراہا اور کہا کہ جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری رہے گا۔ CCD ٹیم نے مقامی پولیس کے ساتھ مل کر مکمل انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا، جس میں نہ صرف احمد یار عرف کالی ہلاک ہوا بلکہ اس کے گینگ کا نیٹ ورک بھی بے نقاب ہوگیا۔ فرار ہونے والے ساتھیوں کی تلاش جاری ہے اور جلد ان کا بھی انجام قریب ہے۔ یہی جذبہ اور یہی عزم اگر پورے پنجاب میں اپنایا جائے تو جرائم پیشہ عناصر کے لیے زمین تنگ ہو جائے گی۔ یہ مقابلہ صرف ایک ڈاکو کے خاتمے تک محدود نہیں رہا، بلکہ اس نے CCD کی افادیت اور مؤثریت کو بھی ثابت کیا۔ اس کامیابی نے ثابت کردیا

کہ اگر نیت صاف ہو، منصوبہ بندی جدید ہو اور قیادت مخلص ہو تو کوئی بھی جرم ایسا نہیں جس کا خاتمہ ممکن نہ ہو۔ اسکا اہم مقصد جرائم کی بروقت نشاندہی، مؤثر تفتیش، اور عدالتی کارروائیوں کے لیے مضبوط ڈیجیٹل ثبوت فراہم کرنا ہے۔

اس نظام کے ذریعے ہر ضلع میں کرائم میپنگ، ڈیٹا اینالیسز، اور مشتبہ عناصر کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ سانچ کے قارئین کرام! ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے پی آر او عرفان انور سندھو نے راقم الحروف (محمد مظہر رشید چودھری) سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ CCD کا قیام نہ صرف جرائم کی روک تھام میں مدد دے گا، اس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے کرمنلز کی فہرستیں، مجرمانہ سرگرمیوں کا ریکارڈ، اور خفیہ معلومات کا ڈیٹا بیس مرتب کیا جائے گا۔ سانچ کے قارئین کرام! اُمید ہے کہ اس ڈیپارٹمنٹ کے قیام سے عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بحال ہوگا۔

ماہرین کے مطابق یہ اقدام پنجاب پولیس کے سسٹم میں ایک بڑی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا، جس سے نہ صرف امن وامان کی صورتحال بہتر ہوگی بلکہ عوام کو انصاف کی فراہمی بھی یقینی بنائی جاسکے گی۔ CCD کا قیام بلاشبہ پنجاب پولیس کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے

جہاں پائلٹ پراجیکٹ کی کامیابی کے بعد اسے پورے پنجاب میں نافذ کیا جارہا ہے۔ یہ محض ایک منصوبہ نہیں، بلکہ پولیس سسٹم میں ایک انقلابی تبدیلی ہے۔ اور اس کی ایک زندہ مثال حال ہی میں اوکاڑہ میں دیکھنے کو ملی، جہاں CCD ٹیم کی بروقت کارروائی سے "کالی ڈکیت گینگ" کے سرغنہ احمد یار عرف کالی کو انجام تک پہنچایا گیا۔

ڈسٹرکٹ آفیسر سی سی ڈی محمد یوسف کا کہنا ہے کہ، کالی ڈکیت گینگ کا سرغنہ احمد یار عرف کالی پر قتل، ڈکیتی، اغوا اور دہشت پھیلانے جیسے 40 سے زائد مقدمات درج تھے۔ محمد یوسف نے اس موقع پر پولیس فورس کے حوصلے کو سراہا اور کہا کہ جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری رہے گا

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

بھارت بزدل نکلا، کرکٹ میدان پر حملہ کیا، رمیز راجہ

کرکٹ ہے تو ہم سب ہیں، پاکستان نے ہیرو بن کے دکھایا، سابق چیئرمین پی سی بی

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کے سابق چیئرمین رمیز راجہ نے کہا ہے کہ بھارت نے بزدلانہ کارروائی کرتے ہوئے کرکٹ کے میدان پر حملہ کیا، ہر مشکل کے بعد ہیرو بننے کا موقع پاکستان نے کر کے دکھایا، کرکٹ دنیا میں پاکستان کی پہچان ہے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو اب کرکٹ کو اوپر کی طرف لیکر جانا ہوگا۔ رمیز راجہ نے کہا کہ پاکستان چار دن کے اندر قوم بن کر ابھری ہے، قوم میں اعتماد دیکھ کر بہت خوش ہوا ہوں، ہر مشکل کے بعد ہیرو بننے کا موقع ہوتا ہےجو پاکستان نے کر کے دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ میں پریشر ہوتا ہے

بھارت نے کھیل اور سیاست کا فرق نہیں رکھا، سلمان نصیر

پی ایس ایل دوبارہ شروع کر کے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا، چیف ایگزیکٹو پی ایس ایل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے چیف ایگزیکٹو سلمان نصیر نے کہا کہ بھارت نے کھیل اور سیاست کا فرق نہیں رکھا، پی ایس ایل دوبارہ شروع کر کے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا، محسن نقوی نے بھرپور گائیڈ کیا، سیز فائر ہونے پر غیر ملکی کرکٹرز کو دبئی ہی روک لیا تھا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی اسلام آباد سپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رجا) کے زیر اہتمام معرکہ حق میں افواج پاکستان کی شاندار فتح پر یوم تشکر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سینئر صحافیوں عبدالحی شاہ، شکیل اعوان، فہیم انور خان، افضل جاوید، شہریار خان، ناصر نقوی، شاکر عباسی، مبارک علی سمیت بڑی تعداد میں سپورٹس جرنلسٹس کمیونٹی نے شرکت کی۔ سلمان نصیر نے کہا کہ راولپنڈی اسٹیڈیم کے باہر جب ڈرون گرا تو معلوم ہوا بات یہاں تک آ گئی ہے،

آئر لینڈ اور پاکستان ویمنز ٹیم کے درمیان سیریز کا شیڈول سامنے آگیا

لاہور (این این آئی) آئرلینڈ کرکٹ بورڈ نے پاکستان ویمن ٹیم کے خلاف ہوم سیریز کا شیڈول جاری کردیا۔ پاکستان ویمن ٹیم ٹی 20 سیریز کیلیے اگست میں آئرلینڈ کا دورہ کرے گی، اس دوران دونوں ٹیموں کے درمیان 3 ٹی 20 میچز کھیلے جائیں گے۔ کرکٹ آئرلینڈ کے مطابق ٹی 20 میچز کی سیریز کا پہلا مقابلہ 6، دوسرا 8 اور تیسرا 10 اگست کو کھیلا جائے گا۔ کرکٹ آئرلینڈ کے مطابق اُن کی ویمن ٹیم پاکستان سے سیریز سے پہلے زمبابوے کے خلاف وائٹ بال سیریز کھیلے گی۔ کرکٹ آئرلینڈ کے مطابق زمبابوے کے ساتھ سیریز جولائی میں ہوگی، جس میں 3 ٹی 20 اور 2 ون ڈے میچز ہوں گے۔

حسن علی کی فیملی ساتھ خوبصورت تصاویر وائرل ہوگئیں

وائرل تصاویر میں حسن علی کی اہلیہ سامعہ اور دونوں بیٹیوں کے ساتھ گراؤنڈ میں موجود ہیں

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں کراچی کنگز کے فاسٹ بولر حسن علی کی فیملی کے ساتھ تصاویر وائرل ہوگئیں۔ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر وائرل تصاویر میں فاسٹ بولر حسن علی کی اہلیہ سامعہ اور دونوں بیٹیوں کے ساتھ گراؤنڈ میں موجود ہیں۔ ایک تصویر میں اداکارہ عروہ حسین بھی حسن علی کی فیملی کے ساتھ موجود ہیں۔ تصاویر میں سامعہ کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر کے ساتھ بھی سیلفی بنارہی ہیں جبکہ اداکارہ مایا علی بھی ان کے ساتھ موجود ہیں۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل 10 میں کراچی کنگز کے میچ کے دوران اہلیہ سامعہ بھی شوہر کو سپورٹ کرنے کے لیے موجود ہوتی ہیں۔

آئی سی سی کی سالانہ جنرل میٹنگز پاک بھارت معاملات کی وجہ سے اہم قرار

سنگاپور (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی سالانہ جنرل میٹنگز 17 تا 20 جولائی ہوں گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق آئی سی سی کی سالانہ میٹنگز کا وینیو سنگاپور ہوگا۔ پاک بھارت معاملات کی وجہ سے آئی سی سی کی سالانہ میٹنگز کو اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے چیئرمین جے شاہ پہلی مرتبہ آئی سی سی کی سالانہ جنرل میٹنگ کی صدارت کریں گے، جس میں افغان ویمن کرکٹ اور ون ڈے کرکٹ میں دو نئی بالز کے قانون میں تبدیلی پر بات ہوگی اور اہم فیصلے متوقع ہیں۔ واضح رہے کہ آئی سی سی نے 2011ء میں ون ڈے کرکٹ میں دو نئی گیندوں کے استعمال کا قانون متعارف کروایا تھا۔

برطانوی فٹبال پریزنٹر یہود مخالف سوشل میڈیا پوسٹ پر نوکری سے فارغ

شدید تنقید پر سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے اینکر نے ادارے سے علیحدہ ہونے کا فیصلہ کرلیا

لندن (این این آئی) برطانیہ کے سابق فٹبال کپتان اور برطانوی نشریاتی ادارے پر فٹبال شو کے میزبان گیری لینیکر کو یہود مخالف سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنی نوکری سے ہاتھ دھونا پڑ گیا۔ 64 سالہ گیری لینیکر انگلینڈ کے سابق فٹبال کپتان اور دو حاضر کے ٹاپ فٹبال پریزنٹرز میں سے ایک ہیں۔ گزشتہ دنوں انہوں نے سوشل میڈیا پر فلسطین حمایتی گروپ کی ایک ایسی پوسٹ شیئر کی جس پر چوہے کی تصویر بھی بنی ہوئی تھی جو تاریخی طور پر یہود مخالف عکس تصور کیا جاتا ہے۔ گو کہ گیری لینیکر نے اپنی پوسٹ پر معافی مانگ لی تاہم مختلف تنظیموں کی جانب سے انہیں اور ان کے ادارے کو شدید تنقید کا سامنا رہا تھا جس کے بعد ادارے کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے اینکر نے اس سیزن کے اختتام پر ادارے سے علیحدہ ہونے کا فیصلہ کرلیا۔

پیرس اولمپکس سے نکالی گئی خاتون تیراک نے واپسی کا عندیہ دیدیا

لوانا الونسو کو اولمپکس کی کمیٹی نے 'نامناسب ماحول' پیدا کرنے کے الزام میں نکال دیا تھا

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس سے نکالی جانیوالی پیراگوئے کی خاتون تیراک نے لاس اینجلس 2028 میں واپسی کا عندیہ دیدیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیراگوئے کی لوانا الونسو کو پیرس اولمپکس کی کمیٹی نے 'نامناسب ماحول' پیدا کرنے کے الزام میں اولمپکس ولیج سے نکال دیا گیا تھا۔ اتھلیٹ نے پیرس اولمپکس میں 27 جولائی 2024 کو خاتون تیراک نے 100 میٹر بٹر فلائی ریس میں سیمی فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ اولمپکس کمیٹی کا کہنا ہے کہ لوانا الونسو نے گیمز کےن مقابلے کے بعد گھومنے پھرنے کیلیے پیرس کے ڈزنی لینڈ چلی گئیں

بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کا دورہ پاکستان خدشات کا شکار

لاہور (آئی این پی) بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کا دورہ پاکستان خدشات کا شکار ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے تاحال پاکستان جانے یا نہ جانے کا فیصلہ نہیں کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ اپنی ٹیم پاکستان بھیجنے کے لیے کشمکش کا شکار ہے۔ بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کو 21 مئی کو شیڈول کے مطابق پاکستان آنا تھا لیکن اب پاکستان آنا حتمی نہیں ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے سیریز کے کئی آپشن بھی بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کو دیے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بی سی بی نے سیریز کے کسی آپشن پر جواب نہیں دیا۔

لاہور قلندرز نے مہدی حسن میراز کو اسکواڈ میں شامل کرلیا

آئندہ دوروز میں ٹیم کو جوائن کرنے کی توقع، زمبابوے کے آل راؤنڈر سکندر رضا کی جگہ شامل کیے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز لاہور قلندرز نے سیزن 10 کے پلے آف مرحلے کیلیے بنگلا دیش کے مہدی حسن میراز کو اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے۔ لاہور قلندرز نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 10 کے پلے آف مرحلے کے لیے بنگلہ دیش کے آل راؤنڈر مہدی حسن میراز کے ساتھ معاہدہ کرلیا ہے وہ ٹیم میں زمبابوے کے آل راؤنڈر سکندر رضا کی جگہ شامل کیے گئے ہیں۔

برطانوی فٹبال پریزنٹر کو یہود مخالف سوشل میڈیا پوسٹ پر نوکری سے ہاتھ دھونا پڑ گیا

لندن (آئی این پی) برطانیہ کے سابق فٹبال کپتان اور برطانوی نشریاتی ادارے پر فٹبال شو کے میزبان گیری لینیکر کو یہود مخالف سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنی نوکری سے ہاتھ دھونا پڑ گیا۔ 64 سالہ گیری لینیکر انگلینڈ کے سابق فٹبال کپتان اور دو حاضر کے ٹاپ فٹبال پریزنٹرز میں سے ایک ہیں۔ گزشتہ دنوں انہوں نے سوشل میڈیا پر فلسطین حمایتی گروپ کی ایک ایسی پوسٹ شیئر کی جس پر چوہے کی تصویر بھی بنی ہوئی تھی جو تاریخی طور پر یہود مخالف عکس تصور کیا جاتا ہے۔ گو کہ گیری لینیکر نے اپنی پوسٹ پر معافی مانگ لی

قوت
SHOWBIZ

صبا فیصل نے طلاقوں میں اضافے کی وجہ خواتین کو قرار دیدیا

شادی جیسے نازک بندھن میں دونوں فریقین کو توازن اور برداشت کا مظاہرہ کرنا چاہیے، اداکارہ



کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ صبا فیصل نے طلاقوں کی بڑھتی ہوئی شرح پر بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ آج کی خواتین مردوں سے مقابلہ کرنے لگی ہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں ایک شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے معاشرتی تبدیلیوں اور شادی شدہ زندگیوں پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ مرد کو اللہ تعالی نے ایک خاص مقام دیا ہے اور مرد و عورت کے درمیان فطری طور پر کوئی مقابلہ نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جب عورت مرد سے مقابلہ کرنے لگتی ہے تو رشتہ عدم توازن کا شکار ہو کر بگڑ جاتا ہے۔ صبا فیصل نے زور دیا کہ شادی جیسے نازک بندھن میں دونوں فریقین کو توازن اور برداشت کا مظاہرہ کرنا چاہیے تا کہ رشتہ مضبوط بنیادوں پر قائم رہے۔ سوشل میڈیا سے متعلق بات کرتے ہوئے صبا فیصل نے کہا کہ میں ہمیشہ سے سوشل میڈیا پر متحرک رہی ہوں اور عوام کی محبت میرے لئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے کبھی نفرت آمیز تبصرے کا سامنا نہیں کرنا پڑا، سوائے اس وقت کے جب میں نے اپنی بہو کے ساتھ تنازع سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا تھا۔

انجلینا جولی کا شہید خاتون فلسطینی صحافی کو خراج عقیدت

دستاویزی فلم میں 23 سالہ فلسطینی فوٹو جرنلسٹ فاطمہ حسونہ نے اہم کردار ادا کیا تھا

دبئی (این این آئی) امریکی اداکارہ انجلینا جولی نے کانز فلم فیسٹیول کے موقع پر شہید خاتون فلسطینی فوٹو جرنلسٹ فاطمہ حسونہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ ہالی وڈ کی نامور امریکی اداکارہ اور آسکر ایوارڈ یافتہ انجلینا جولی نے کانز فلم فیسٹیول کے دوران منعقدہ ایک خصوصی عشائیہ تقریب میں شرکت کی، جہاں انہوں نے ابھرتے ہوئے فنکاروں میری کولومب اور فن بیٹ کو ٹرافی چوپرڈ ایوارڈ پیش کیا۔ اس موقع پر انجلینا جولی نے اسرائیلی بمباری میں شہید ہونے والی 23 سالہ عالمی شہرت یافتہ فلسطینی فوٹو جرنلسٹ فاطمہ حسونا کا خصوصی ذکر کیا، جس کا دل سوز واقعہ عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بنا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انجلینا جولی نے کہا کہ ہم اپنی فلموں کے ذریعے لوگوں کو جنگی میدانوں کو دکھاتے ہیں۔ ہم دوسرے ممالک سے جڑتے ہیں اور ان سے ہمدردی رکھتے ہیں

اکشے کمار کا پریش راول پر 25 کروڑ روپے ہرجانے کا دعوی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار اکشے کمار نے ساتھی اداکار پریش راول پر 25 کروڑ روپے کا ہرجانے کا مقدمہ دائر کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اکشے کمار نے بغیر نوٹس ہیرا پھیری 3 سے واک آؤٹ کرنے اور فرنچائز کو سبوتاژ کرنے پر پریش راول کے خلاف مقدمہ دائر کر کے انہیں قانونی نوٹس بھیج دیا۔ فلمساز پریا درشن نے کہا ہے کہ میں فلم ہیرا پھیری 3 سے پریش راول کے واک آؤٹ سے متعلق فیصلہ جان کر حیران ہوں۔

اداکاری نہیں چھوڑ رہی، یہ میرا جنون ہے، غنی علی

اچھی اور پرفارمنس بیسڈ کہانیاں کرنے کیلئے بیتاب رہتی ہوں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ غنی علی رضا نے شوبز چھوڑنے کی خبروں پر خاموشی توڑ دی۔ ایک انٹرویو میں غنی علی نے کہا کہ فی الحال اداکاری کو خیر باد کہنے کا کوئی ارادہ نہیں۔ انہوں نے بتایا رمضان میں اعتکاف میں تھی، اسی دوران میرے بھائی نے میری طرف سے شوبز چھوڑنے کی سٹوری لگا دی، وہ دراصل چاہتا تھا میں میڈیا سے دور ہو جاؤں، اسی لئے اس نے موقع دیکھ کر سٹوری لگائی۔ انہوں نے کہا کہ میرے شوہر بھائی اور گھر والے سب یہی چاہتے ہیں لیکن وہ مجھے روکنے کی کوشش نہیں کرتے، یہ ان کی محبت ہے

احسن خان کی دورانِ پرواز آصفہ بھٹو سے ملاقات، تصویر بھی شیئر کر دی



کراچی (این این آئی) اداکار احسن خان کی خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری سے دورانِ پرواز ملاقات کی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ انہوں نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں تحریر کیا کہ عاجزی انسان کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ اداکار نے لکھا کہ حالیہ پرواز میں آصفہ بھٹو سے مل کر خوشی ہوئی جن کی شخصیت میں ہمت اور شفقت دونوں موجود ہیں اور ان کی ذہانت اور لگن واضح ہے۔ انہوں نے لکھا مجھے خوشی ہے کہ آصفہ بھٹو کو میرا کام دیکھنے کا موقع ملا۔

پاکستانی اداکارہ سارہ خان کا فیمینسٹ ہونے سے انکار

جیسی ماضی میں عورتیں گھر میں بیٹھ کر سکون محسوس کیا کرتی تھیں میں بھی ان ہی عورتوں میں سے ہوں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ سارہ خان نے فیمینسٹ ہونے سے انکار کردیا۔ اداکارہ سارہ خان کا انڈی پینڈنٹ اردو کو دیے گئے انٹرویو کا ایک کلپ تیزی سے سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ سارہ خان کا کہنا تھا کہ ہو سکتا ہے کہ میرے بیان کو غیر معمولی لیا جائے لیکن یہ حقیقت ہے کہ میں فیمنسٹ نہیں ہوں، میرا ماننا ہے کہ مردوں کا جو مقام ہے انہیں اس مقام پر رہنے دیا جائے تا کہ عورتیں سکون میں رہ سکیں۔ اداکارہ نے ہنستے ہوئے اپنے بیان کی وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ کیوں کہ میں جا کر بل نہیں بھرنا چاہتی اور نہ ہی میں لائنوں میں قطار لگا سکتی ہوں۔ سارہ خان نے مزید کہا کہ جیسی ماضی میں عورتیں گھر میں بیٹھ کر سکون محسوس کیا کرتی تھیں میں بھی ان ہی عورتوں میں سے ہوں۔ یاد رہے کہ فلک شبیر اور سارہ خان نے 16 جولائی 2020 کو لاہور میں شادی کی تھی اور 8 اکتوبر 2021 کو ان کے گھر بیٹی عالیانہ کی پیدائش ہوئی تھی۔

جھانوی کی اپنے فن سے وابستگی قابل تعریف ہے، راجکمار

اداکارہ جھانوی اگر سیٹ پر ہیں تو وہ اپنے کردار کو اپنا 100 فیصد دے رہی ہوتی ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار راجکمار را نے اپنی ساتھی اداکارہ جھانوی کپور کے حوالے سے بات کرتے ہوئے مداحوں سے اہم انکشاف کر دیا۔ راجکمار را اور جھانوی کپور نے بالی وڈ کی دو فلموں "روحی" اور "مسٹر اینڈ مسز ماہی" میں ایک ساتھ کام کیا جس کے ساتھ ہی دونوں اداکاروں کا رشتہ ساتھی اداکاروں سے بڑھ کر بہترین دوستوں کے زمرے تک پہنچ گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب حال ہی میں بھارتی میڈیا کی جانب سے اداکار راجکمار را سے جھانوی کپور کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے اداکارہ کی پیشہ ورانہ اخلاقیات کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے۔ جھانوی کے بارے میں بات کرتے ہوئے راجکمار را نے ان کی پیشہ ورانہ اخلاقیات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سری دیوی اور بونی کپور کی بڑی بیٹی کے ساتھ کام کرنا بہت اچھا تجربہ تھا

یشمیرہ کی پیدائش کے بعد میری قسمت بدل گئی، شبیر جان



کراچی (این این آئی) سینئر اداکار شبیر جان کہا ہے کہ بیٹی یشمیرہ کی پیدائش خوش قسمتی کی علامت بنی اور زندگی کا رخ تبدیل ہوگیا۔ نجی ٹی وی شو میں گفتگو کرتے ہوئے شبیر جان نے کہا کہ میری پہلی شادی سے بھی 2 بیٹیاں تھیں لیکن میں مالی مشکلات کا سامنا کرتا رہا، مگر جب میری دوسری بیوی فریدہ سے بیٹی یشمیرہ پیدا ہوئی تو میری قسمت بدلنے لگی۔

ماضی میں تحریک انصاف کا حصہ تھا، حمزہ عباسی

حالات میں مستقل سدھار لانے کیلئے سب کو مل کر ایک ساتھ چلنے کی ضرورت ہے

کراچی (این این آئی) معروف اداکار حمزہ علی عباسی نے ماضی میں تحریک انصاف میں اپنے سیاسی کردار سے متعلق مداحوں کو آگاہ کردیا۔ حمزہ علی عباسی کا کہنا تھا کہ میں صرف ایک تحریک کا حصہ تھا، میں نے کبھی بھی سیاست کو بطور کیریئر نہیں اپنایا تھا، مجھے جب عمران خان نے پی ٹی آئی کا ثقافت سیکرٹری مقرر کیا تو میں نے اس وقت بھی انہیں منع کیا تھا، میں نے انہیں بتایا تھا کہ مستقبل میں سیاست میں نہیں آؤں گا۔ اداکار نے مزید کہا کہ ملک کے حالات تاحال بہتر ہیں

تحسین سکینہ کی عابدہ پروین سے ملاقات، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (این این آئی) پاکستانی گلوکارہ تحسین سکینہ کی لیجنڈری صوفی گلوکارہ عابدہ پروین سے ملاقات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ وائرل ویڈیو میں تحسین سکینہ کو عابدہ پروین کے پاؤں چھونے کی اجازت مانگتے دیکھا جاسکتا ہے۔ عابدہ پروین نے پہلے تو پاؤں چھونے سے منع کیا لیکن پھر تحسین سکینہ کے کئی بار اصرار کرتے پر اجازت دے دی۔

NATIONAL/INTERNATIONAL

نیشنل/انٹرنیشنل

غزہ: اسرائیل کی جانب سے قبضہ جاری کا منظر

قیدیوں کی بازیابی کے لیے اسرائیلی فوج زنانہ لباس میں خان یونس داخل

القسام بریگیڈز کے ایک ذمے دار کو گرفتار کرنے کی کوشش، ناکامی پر واپس روانہ ہوگئے

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کی ایک خصوصی فورس غزہ کی پٹی کے شہر خان یونس کے وسط میں داخل ہوگئی ہے تاکہ اسرائیلی قیدیوں کو نکالنے کا مشن انجام دے سکے۔ تاہم ذرائع نے واضح کیا کہ اس کارروائی کے دوران کوئی اسرائیلی یرغمالی رہا نہیں کرایا جا سکا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ذرائع نے مزید انکشاف کیا کہ یہ خصوصی فورس خواتین کا لباس پہن کر اور پناہ گزینوں کے بیگ اٹھائے ہوئے داخل ہوئی۔ اس نے القسام بریگیڈز کے ایک ذمے دار کو گرفتار کرنے کی کوشش کی جس کے بارے میں اطلاع ملی تھی کہ وہ ممکنہ طور پر کچھ قیدیوں کے ہمراہ سرنگوں سے باہر نکلا ہے۔ بعد ازاں یہ واضح ہوا کہ وہاں کوئی قیدی موجود نہیں، تو فورس کارروائی کے بعد واپس چلی گئی، جب کہ اس کے نتائج پوری طرح واضح نہیں ہو سکے۔ اسی دوران ایک اسرائیلی ذریعے نے بتایا کہ اس کارروائی کا مقصد القسام بریگیڈز کے ایک رہنما کو اغوا کرنا اور ساتھ ہی قیدیوں کو نکالنا تھا۔ دوسری طرف، اسرائیلی فوج کے ترجمان نے اعلان کیا کہ اسرائیلی افواج غزہ کے تمام علاقوں میں عربات جدعون کے نام سے آپریشن انجام دے رہی ہیں، تاہم ترجمان نے خان یونس کی اس مخصوص کارروائی کا ذکر نہیں کیا۔

واشنگٹن: 19 یو ایس ہاس کے اقلیتی رہنما ریپ . حکیم جیفر یز) میں ایک نیوز کانفرنس کے دوران خطاب کررہے ہیں

مصر، سونے کی تلاش 5 نوجوان جان کی بازی ہار گئے

نعشیں پانچ دن بعد ملیں جو سونے کی تلاش میں اپنے گھروں سے نکلے تھے، حکام

قاہرہ (این این آئی) مصر میں غیر قانونی طور پر سونے کی تلاش کرنے والے 5 افراد صحرائی علاقے میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسوان کمشنری میں پانچ نوجوان صحرائی علاقے میں سونا تلاش کرنے کے لیے گھروں سے نکلے مگر کئی دن گزرنے کے باوجود ان کی جانب سے کوئی اطلاع موصول ہوئی اور نہ ان میں سے کسی کا اپنے گھر والوں سے رابطہ ہوا۔ اہل خانہ نے ان کی تلاش شروع کی اور ریسکیو ٹیم سے بھی مدد لی گئی۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کہنا تھا نوجوانوں کی نعشیں پانچ دن بعد ملیں جو سونے کی تلاش میں اپنے گھروں سے نکلے تھے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق نوجوان سونا تو تلاش نہ کر سکے مگر واپسی کا راستہ بھول گئے جس کی وجہ سے وہ صحرا میں بھٹک گئے۔ واضح رہے یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ نہیں علاقے میں سونے کی تلاش کرنے والے بعض افراد پہلے بھی اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ مصری حکام نے علاقے کے لوگوں کو ایسی مہم جوئی سے خبردار کیا ہے جس سے ان کی جان کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ نعشیں پانچ دن بعد ملیں جو سونے کی تلاش میں اپنے گھروں سے نکلے تھے، حکام۔ جس سے ان کی جان کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ نعشیں پانچ

سعودی عرب کی غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں اضافے کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے علاقے کے بڑے حصے پر قبضے میں توسیع قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزارت سے جاری بیان میں کہا گیا کہ یہ کارروائیاں بین الاقوامی برادری کی منشا کے منافی، انسانی حقوق کے قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہیں اور خطے میں امن و استحکام کے حصول کی کوششوں میں رکاوٹ ہیں۔ وزارت خارجہ نے سعودی عرب کی جانب سے اسرائیلی فورسز کی جانب سے کی جانے والی تمام زمینی کارروائیوں کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اس طرح کے اقدامات سے فلسطینی شہریوں کی زندگیوں کو خطرہ لاحق ہے۔ بیان میں صریح اور بلا جواز خلاف ورزیوں کے تسلسل سے بھی خبردار کیا اور زور دیا کہ یہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی اور فلسطینی عوام کے حقوق پر براہ راست حملہ ہے۔ یاد رہے کہ اسرائیل نے غزہ میں اپنی فوجی کارروائی کو توسیع دی ہے۔ جمعرات سے اب تک سینکڑوں شہریوں کی ہلاکت ہو چکی ہے۔ سعودی عرب کی غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں اضافے کی مذمت

متحدہ عرب امارات، ابوظہبی ایئرپورٹ پر مسافر کے معدے سے 5 ملین درہم کی کوکین برآمد

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی کے زاید انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حکام نے منشیات سمگل کرنے کی بڑی کوشش ناکام بنائی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وفاقی اتھارٹی برائے شناخت وشہریت، کسٹمز اور بارڈرز سکیورٹی کے جنرل ڈائریکٹوریٹ نے ایک مسافر سے کوکین کے 89 کیپسول برآمد کیے جن کا مجموعی وزن تقریبا 1198 گرام اور انٹرنیشنل مارکیٹ میں قیمت 5 ملین درہم ہے۔ کسٹم انسپکشن حکام کو جنوبی امریکی ملک سے آنے والے ایک مسافر پر شک ہوا، جدید سکیننگ ڈیوائسز کے ذریعے معائنہ کیا گیا تو جسم میں غیر معمولی اشیا کی موجودگی کے آثار ظاہر ہوئے۔ مسافر کو متعلقہ حکام کے حوالے کیا گیا جنہوں نے پیٹ میں چھپائے گئے 89 کیپسول برآمد کئے۔ اتھارٹی نے کسٹم انسپکشن حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دیئے۔ اتھارٹی نے منشیات کے خطرات سے معاشرے کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ متحدہ عرب امارات، ابوظہبی ایئرپورٹ پر مسافر کے معدے سے 5 ملین درہم کی کوکین برآمد

غزہ، بے گھر افراد کے پناہ گاہ سکول پر اسرائیلی بم باری، 40 فلسطینی جاں بحق

غزہ شہر کے مشرقی اور شمالی علاقے جبالیا البلد پر بھی اسرائیلی فضائی حملے ہوئے، طبی ذرائع

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی میں شمالی علاقے بیت لاہیا سے لے کر جنوب میں موراج کی راہ داری تک پھیلی ہوئی سرحدی پٹی پر بھاری توپ خانے اور جنگی کشتیوں کے ذریعے شدید گولہ باری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ یہ بات عرب ٹی وی نے بتائی، طبی ذرائع کے مطابق اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجے میں محض دو گھنٹے سے بھی کم وقت میں تقریبا 40 فلسطینی جاں بحق ہو گئے۔ یہ حملے غزہ کے مختلف علاقوں میں کیے گئے، جن میں دیر البلح، النصیرات کیمپ اور شہر کے وسطی علاقے الدرج خاص طور پر شامل ہے۔ غزہ شہر کے مشرقی اور شمالی علاقے جبالیا البلد پر بھی اسرائیلی فضائی حملے ہوئے۔ اسی طرح خان یونس کے مغرب میں واقع علاقے المواصی میں پناہ گزینوں کی خیمہ گاہ اور ایک ایندھن کے مرکز کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ اسرائیلی فوج نے جنوبی غزہ کے شہر خان یونس کے مشرقی علاقوں، یعنی عبسان، بنی سہیلہ اور خزاعہ میں شدید گولہ باری کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر زمین ہموار کرنے کی کارروائیاں شروع کر رکھی ہیں۔ ان کارروائیوں کے نتیجے میں ان علاقوں کے مکین سخت حالات میں نقل مکانی پر مجبور ہو رہے ہیں، جب کہ غزہ کی طرف جانے والے راستے بند ہونے کی وجہ سے صورت حال مزید سنگین ہوگئی ہے۔

غزہ پر مکمل کنٹرول کا اسرائیلی منصوبہ، سویڈن کی بھی مذمت

PAKISTAN
FORCE

بیجنگ: نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ، سینیٹر محمد اسحاق ڈار، تین روزہ دورے پر بیجنگ روانہ ہو جارہے ہیں

قبضے اور فتح کا مطلب الحاق ہے تو یہ بین الاقوامی قانون کے خلاف ہوگا، سویڈش وزیر خارجہ

سٹاک ہوم (این این آئی) سویڈن کی وزیر خارجہ نے اسرائیل کے اس منصوبے کی مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس سلسلے میں اپنے بیان میں وزیر خارجہ نے کہا ایسا اسرائیلی منصوبہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سویڈن جس نے فلسطینی ریاست کو 2014 میں ہی تسلیم کرلیا تھا۔ اس کی وزیر خارجہ ماریہ مالمر سٹینر گارڈ نے اپنے رد عمل میں کہا 'اگر اس قبضے اور فتح کا مطلب الحاق ہے تو یہ بین الاقوامی قانون کے خلاف ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا سویڈن اپنے اس عقیدے پر قائم ہے کہ غزہ کے علاقے کو تبدیل یا کم نہیں کیا جاسکتا ہے۔' سویڈن کی وزیر خارجہ نیا سرائیل پر بھی زور دیتے ہوئے کہا وہ غزہ کے لیے انسانی امداد کو دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دے، جیسا کہ عالمی ادارہ صحت نے خبردار کیا تھا کہ غزہ علاقے میں 20 لاکھ افراد بھوک سے مر رہے ہیں۔ ہم نے بار بار اسرائیل کی حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ انسانی ہمدردی کے اصولوں کے مطابق بلا روک ٹوک امداد و خوراک کی غزہ میں رسائی ممکن بنائے اور خوراک کی تقسیم پر عائد پابندی ختم کرے۔ انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ غزہ میں فوری جنگ بندی کی جائے اور انسانی بنیادوں پر بھجوائی جانے والی امداد کی ترسیل پر عائد کردہ اسرائیلی پابندی ختم کی جائے۔ نیز قیدیوں کو بھی رہا کیا جائے۔ بجائے اس کے کہ اسرائیل غزہ پر قبضے اور تباہی کا سلسلہ مزید بڑھاتا جائے۔

ہیتھرو ہوائی اڈے پر مسافر اپنے سوٹ کیسوں کے ساتھ روانہ ہورہے ہیں) بینجمن کریمل / اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

انچارج علاقائی محتسب فیصل آباد کی زیر صدارت فیسکو آفس جھنگ میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری میں وفاقی سرکاری اداروں فیسکو، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نادرا کے افسران بھی موجود ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی ہدایات کے تحت عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے شاہد حسین جیلانی ایڈوائزر/انچارج علاقائی محتسب فیصل آباد کی زیر صدارت فیسکو آفس جھنگ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر شاہد حسین جیلانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کھلی کچہری کے انعقاد بارے بتایا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات کے مطابق آج یہاں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ ایسے غریب، پسے ہوئے سائلین ومتاثرین جو وسائل نہ ہونے کے باعث علاقائی محتسب فیصل آباد کے دفتر نہیں پہنچ سکتے کے بارے میں معلومات بھی لی گئی ہیں ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف فراہم کیا جائے تاکہ ان کی تکالیف کو کم کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری میں وفاقی سرکاری اداروں فیسکو، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نادرا کے افسران بھی موجود ہیں تاکہ عوام کے مسائل کو فوری طور پر حل کر کے ریلیف فراہم کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ حق دار کو اس کا حق ضرور دلوائیں گے کھلی کچہری میں 40/50 سے زائد درخواستوں کی سماعت کی گئی جن میں سے اکثریت پر فوری کاروائی کی گئی اور موقع پر سائلین کو ریلیف فراہم کیا گیا تاہم مزید تفتیش طلب درخواستوں پر کاروائی کے احکامات جاری کیے گئے ہیں کھلی کچہری میں ایکسین، ایس ڈی او فیسکو، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے افسروں، نادرا کے سینئر افسروں و دیگر وفاقی سرکاری اداروں کے افسران نے شرکت کی کھلی کچہری میں سائلین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور انچارج وفاقی محتسب فیصل آباد شاہد حسین جیلانی کو اپنے مسائل اور عرضداشت پیش کیں جس پر انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران سے وضاحت طلب کی اور بیشتر درخواستوں اور مسائل کو موقع پر حل کیا گیا۔

پانی زندگی کی بقا اور ایک عظیم نعمت ہے: حسن وسیم

یہ کائنات رنگوں اور رعنائیوں سے بھری پڑی ہے اور اس رنگینی میں ایک جوہر خاص وہ سیال ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پنجاب کوآپریٹو یونین کے چیئرمین حسن وسیم نے کہا کہ پانی زندگی کی بقا اور ایک عظیم نعمت ہے یہ کائنات رنگوں اور رعنائیوں سے بھری پڑی ہے اور اس رنگینی میں ایک جوہر خاص وہ سیال ہے جسے ہم "پانی" کے نام سے جانتے ہیں۔ پانی محض ایک کیمیائی مرکب نہیں، بلکہ یہ زندگی کا سرچشمہ ہے، کائنات اعلیٰ کی بقا کا ضامن ہے اور قدرت کی انمول ترین نعمتوں میں سے ایک ہے ہائیکورٹ کے حکم پر سیکرٹری کوآپریٹو پنجاب کے حکم کی بجا آوری کرتے ہوئے پانی کی بچت کو یقینی بنانا ہو گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک بیان میں کیا حسن وسیم نے مزید کہا کہ ہماری زمین کا بیشتر حصہ پانی پر مشتمل ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسے نیلا سیارہ کہا جاتا ہے۔ لیکن افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ اس وسیع سمندر اور دریاؤں کے باوجود، میٹھے اور قابل استعمال پانی کی مقدار محدود ہے حسن وسیم نے اس بات پر زور دیا ہے اور ہائی کورٹ کے احکامات کے مطابق سیکرٹری کوآپریٹو یونین نے تمام اداروں کو پانی کے ضیاع کو روکنے کے لیے آمادہ کیا ہے، یہ ایک خوش آئند قدم ہے۔ تمام اداروں کو چاہیے کہ وہ اس سلسلے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں اور عملی اقدامات اٹھائیں۔

اویسیہ تنظیم الاخوان ضلع سیالکوٹ کا ماہانہ ذکر قلبی اجتماع دار العرفان ڈسکہ مرکز میں منعقد ہوا

اجلاس میں خواتین سمیت ضلع بھر کے سالکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ تنظیم الاخوان ضلع سیالکوٹ کا ماہانہ ذکر قلبی اجتماع دارالعرفان ڈسکہ مرکز میں منعقد ہوا جس میں خواتین سمیت ضلع بھر کے سالکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی شیخ سلسلہ سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان امیر عبدالقدیر اعوان نے سالکین سے ویڈیو لنک خطاب کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صاحب مجاز عبدالحمید چھینہ ایڈووکیٹ نے نئے آنے والے ساتھیوں کو طریقہ ذکر سکھایا آخر میں ملکی ترقی وسلامتی کے لیے دعائیں کی گئیں اور سالکین کی لنگر سے تواضع کی گئی۔

جہلم مرکزی سنی علماء کونسل جہلم کے عہدیداران کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مرکزی سنی علماء کونسل جہلم کے عہدیداران کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا مفتی ڈاکٹر محمد ثناء اللہ تنویر صدر حافظ محمد سعید سلطانی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے تفصیلات کے مطابق مرکزی سنی علماء کونسل کے عہدیداران کا چناؤ مکمل ہو گیا جاری کی نوٹیفکیشن کے مطابق صاحبزادہ برکات احمد نقشبندی سرپرست اعلیٰ مفتی ڈاکٹر محمد ثناء اللہ تنویر صدر علامہ محمد انعام اللہ جلالی نائب صدر حافظ محمد سعید احمد سلطانی جنرل سیکرٹری سید خلیل حسین کاظمی قانونی وانتظامی معاون علامہ سید عبدالوحید شاہ کاظمی سیکرٹری انفارمیشن قاری محمد سعید احمد سیکرٹری فنانس قاری مظہر حسین نقشبندی معاون فنانس سیکرٹری قاری ذوالقرنین جاوید پروگرام کوآرڈینیٹر حافظ محمد عبداللہ پروگرام کوآرڈینیٹر کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے شہر کی سماجی رفاہی فلاحی شہری صحافتی تنظیموں کے عمائدین سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے سنی علماء کونسل کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر مرکزی سنی علماء کونسل کے قانونی وانتظامی معاون سید خلیل حسین کاظمی نے شہریوں کا شکریہ ادا کیا

لاہور چیمبر کی جانب سے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مبارکباد

فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی پاکستان کی خودمختاری، استحکام اور امن کے لیے انتھک کوششوں کا اعتراف قرار دیا ہے



لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی کی مبارکباد دیتے ہوئے اس اہم ترین پیش رفت کو قومی فخر، فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی پاکستان کی خودمختاری، استحکام اور امن کے لیے انتھک کوششوں کا اعتراف قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداروں نے کہا کہ کاروباری برادری فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی جانب سے قانون و انصاف کی حکمرانی، سیکیورٹی اداروں پر عوامی اعتماد کی بحالی، اور مشکل حالات میں ملکی معیشت کے استحکام کے لیے کردار کو بے حد سراہتی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی قیادت میں دہشت گردی، انتہاپسندی اور سرحد پار خطرات جیسے سنگین مسائل کے خلاف مو×ثر اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے جنہوں نے قومی ترقی اور کاروباری ماحول کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران نے کہا کہ دہشت گردی نہ صرف انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہے بلکہ یہ معاشی سرگرمیوں کو مفلوج کرتی ہے۔

ملک بھر میں آج یوم تشکر منایا جا رہا ہے

اس چیز کو لے کر سپریم کونسل کیرالا راجپوت کمیونٹی پاکستان کی ایک بیٹھک ہوئی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ملک بھر میں آج یوم تشکر منایا جا رہا ہے اس چیز کو لے کر سپریم کونسل کیرالا راجپوت کمیونٹی پاکستان کی ایک بیٹھک ہوئی جس میں رانا محمد اقبال صاحب، رانا سرفراز احمد صاحب، رانا غلام عباس صاحب، رانا شاہد اقبال صاحب، رانا اسد اقبال صاحب، رانا عرفان صاحب، رانا فرمان صاحب، رانا قذافی اقبال صاحب اور دیگر دوستوں نے شرکت کی اس مواقع پر رانا اقبال صاحب اور رانا سرفراز احمد صاحب نے کہا اگر دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا تو پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی ہمیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہے پوری قوم دشمن کے خلاف ایک ہو کر کھڑی ہے، اس مواقع پر رانا اقبال صاحب اور رانا سرفراز احمد صاحب نے کہا سپریم کونسل کیرالا راجپوت کمیونٹی پاکستان، تمام کیرالا راجپوت دھڑوں کو یہ پیغام دیتی ہے آو تمام تر اختلافات کو ختم کر کے مل کر اپنی قوم کے لئے کام کیا جائے اور آپسی پیار، محبت، اتحاد اعتماد کی فضاء کو بحال کیا جائے۔ اختتام پر پاکستان اور پاک فوج کے حق میں پر جوش نعرے بازی کی،

11 ارب روپے کا لائیو سٹاک کارڈ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باضابطہ آغاز کر دیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا مویشی پال کسانوں کے لیے 11 ارب روپے کا لائیو سٹاک کارڈ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ یہ مرحلہ 15 مئی سے 15 جون تک جاری رہے گا۔ دوسرے مرحلے میں 30 فیصد رقم کیش میں نکلوائیں اور رجسٹرڈ ڈیلرز سے ونڈا، سائلج، منرل مکسچر کی خریداری 1.35 لاکھ تا 40.5 لاکھ روپے تک بلا سود قرضے حاصل کر سکتے ہیں۔ قرض کی واپسی مدت 6 ماہ سود صفر فیصد ہو گا مویشی پال کسانوں کے لیے پنجاب کا رہائشی اور شناختی کارڈ فعال موبائل سم صاف کریڈٹ ہسٹری تصدیق نادرا، ECIB کے ذریعے رجسٹریشن کا ہونا بھی ضروری ہے۔ کسان اپنا شناختی کارڈ نمبر بذریعہ ایس، ایم ایس 8070 نمبر لکھ کر بھیجیں۔ PLC. CNIC<<space نمبر 8070 پر مزید معلومات کے لیے ہیلپ لائن: 08000-××9211 پہلے آیئے، پہلے پایئے ×× کی بنیاد پر لائیو سٹاک کارڈ مویشی پال کسانوں کو جاری کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یہ اقدام کسانوں کے معاشی استحکام اور زراعت کی ترقی کے لیے ایک انقلابی قدم ہے

مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کی طرف سے ریسٹورنٹس اور سویٹس اینڈ بیکرز کی انسپکشنز کے دوران صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی اور فرائنگ کے لئے جلے ہوئے آئل کا استعمال پایا گیا جس پر 51 ہزار روپے کا جرمانہ اور 20 لیٹر جلا ہوا فرائنگ آئل، 3 کلو ممنوع اجزاء خوراک موقع پر تلف کردی گئیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ شہر بھر میں 97 فوڈ بزنسز کی چیکنگ بھی کی گئی اور اصلاحاتی نوٹسز جاری کرنے کے ساتھ ساتھ قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے والے دکانداروں کو 67 ہزار روپے کے مجموعی جرمانے عائد کئے گئے۔ علاوہ ازیں 31 لیٹر ایکسپائرڈ اور غیر معیاری مشروبات کو موقع پر ضائع کرا دیا گیا۔

خالد سیف اللہ فنانس سیکرٹری اصغر علی مغل کے ہمراہ فیصل آباد مغل ویلفیئر ٹرسٹ کا دورہ

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے صدر عبدالرؤف مغل اپنے وفد نائب صدر اول خالد سیف اللہ فنانس سیکرٹری اصغر علی مغل کے ہمراہ فیصل آباد مغل ویلفیئر ٹرسٹ پہنچے۔ جہاں نائب سرپرست اعلیٰ تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ مرزا محمد اشرف مغل، صدر مرزا محمد منیر ہمایوں سینیئر نائب صدر مرزا عمر غیاث، سرپرست امجد علی امجد مغل، جنرل سیکرٹری سعید انور بیگ، نائب صدر مرزا محمد افضل حنیف فنانس سیکرٹری مرزا محمد افضل و دیگر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ مرکزی دفتر میں ان کی خدمات یکجہتی مغل برادری سمیت پورے ملک کی مغل برادری کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔ جبکہ صدر مرزا محمد منیر ہمایوں نے مغل ویلفیئر ڈسپنسری کا وزٹ کروایا، ڈاکٹر ظفر اقبال غوری سے ملاقات کروائی مریضوں کے علاج معالجے بارے خدمت خلق مشن سے آگاہ کیا۔ جس کو عبدالرؤف مغل نے بے حد سراہا، مغل برادری کی خدمات جلد مغل ویلفیئر ٹرسٹ جھمرہ روڈ کی تعمیر شروع کروا کر مکمل ہسپتال، شادی ہال سمیت دیگر خدمت خلق پروگرام بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر عبدالرؤف مغل نے نئی باڈی صدر تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ فیصل آباد مرزا محمد منیر ہمایوں اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے جلد گجرانوالہ کی دعوت دیتے ہوئے رخصت ہوئے۔

گیمبر ریلوے افسران کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر ریلوے پھاٹک پر ناجائز تجاوزات مافیا کا راج

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ریلوے افسران کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر ریلوے پھاٹک پر ناجائز تجاوزات مافیا کا راج ٹریفک کی روانگی شدید متاثر شدید گرمی کے موسم میں شہری شدید پریشان اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گیمبر ریلوے افسران کی ملی بھگت یا نااہلی کی وجہ سے گیمبر ریلوے پھاٹک پر ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا کا راج شہروں کا گزرنا محال جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانگی شدید متاثر شہری شدید گرمی کے موسم میں گھنٹوں لائن میں لگنے پر مجبور ریلوے کے افسران بے خبر اور خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو چکوال/تلہ گنگ محمد شہاب اسلم کا دورہ تلہ گنگ

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو چکوال/تلہ گنگ محمد شہاب اسلم نے سب رجسٹرار آفس تلہ گنگ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر عبدالرشید سب رجسٹرار تلہ گنگ نے رجسٹریشن ورک کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گورنمنٹ کی ہدایات کے مطابق جملہ واجبات بشمول ایف بی آر ٹیکس بروقت داخل خزانہ ہو رہے ہیں۔ بائعہ، مشتری کے بیانات گواہان کی موجودگی میں لئے جاتے ہیں۔ بر موقع سائلین (بائعان، مشتریان) سے اضافی چارجز و دیگر سہولیات کی بابت باز پرس کی گئی جس پر تمام حاضرین نے اطمینان کا اظہار کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو چکوال نے گرمی کی شدت کو مدنظر رکھتے ہوئے سائلین کے لئے ٹھنڈے پانی اور بیٹھنے کے لئے مناسب جگہ کے لئے انتظامات کرنے کی ہدایت کی۔ مزید سائلین کو باور کروایا گیا کہ رجسٹریشن کے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت ہو تو اے ڈی سی آر آفس سے رابطہ کیا جا سکتا ہے مطابق قانون دادرسی کی جائے گی۔ حاضرین نے سہولیات کی فراہمی کے احکامات کو خوب سراہا

ضلع جہلم میں کوئی ایک بچہ بھی پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہنے دیں گے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پولیو مہم کی کامیابی پاکستان کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے ضلع جہلم میں کوئی ایک بچہ بھی پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہنے دیں گے ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے یہ بات محکمہ صحت کے زیر اہتمام پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی اجلاس میں محکمہ صحت کی جانب سے سی ای او ڈاکٹر میاں مظہر حیات نے حالیہ پولیو مہم کے دوران قطرے پلانے کے حوالے سے کارکردگی پر اجلاس کو بریفنگ دی اور بتایا کہ ضلع جہلم میں کوئی پولیو کا کیس نہیں ہے ڈپٹی کمشنر جہلم نے ہدایت کی کہ پولیو ویکسین کے حوالے سے کسی قسم کی شکایت نہیں آنی چاہیے اور اگر کسی وجہ سے کوئی بچہ ویکسین سے محروم رہ جاتا ہے تو اس کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر اس کو ویکسین فراہم کی جائے خاص طور پر ایسے افراد جو دوسرے شہروں میں آتے جاتے رہتے ہیں ان کے گھروں پر خصوصی نظر رکھی جائے اور ان کے بچوں کو ویکسین کی فراہمی ہر صورت میں یقینی بنائی جائے۔

فرنیچر مارکیٹ کی ری ڈیزائننگ کے لئے ہنگامی اقدامات شروع کر دیئے گئے

فرنیچر مارکیٹ چوک کو ری ڈیزائن کر کے (Round about) گول چکر اور فواروں سے آراستہ دیدہ زیب ماڈل نصب ہوگا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن خوبصورتی کا شاہکار ضلع چنیوٹ کے تحت شہر کے وسط میں قائم چنیوٹ کی پہچان فرنیچر مارکیٹ کی ری ڈیزائننگ کے لئے ہنگامی اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں۔ فرنیچر مارکیٹ چوک کو ری ڈیزائن کر کے (Round about) گول چکر اور فواروں سے آراستہ دیدہ زیب ماڈل نصب ہوگا۔ مارکیٹ کے داخلی راستہ پر گاڑیوں اور آخر پر موٹر سائیکل کے لئے ملٹی سٹوری پارکنگ کا نظام پراجیکٹ میں شامل ہے۔ علاوہ ازیں مارکیٹ کے انٹری پوائنٹ پر فرنیچر کی شان لکڑی کے نقش ونگار پر مشتمل دلکش اور اچھوتا گیٹ نصب ہوگا اور فرنیچر مارکیٹ کو پیڈسٹرین (پیدل چلنے) والوں کے لئے مختص کرنا ہے۔ وڈ (لکڑی) کی تھیم پر دکانوں کے شیڈز، چمکتے فٹ پاتھس، زیر زمین تاریں، مارکیٹ میں شہریوں کے آنے جانے کے لئے الیکٹرک وہیکل، بیٹھنے کا ایریا بھی شامل ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے فرنیچر مارکیٹ کی ری ڈیزائننگ کے لئے میونسپل کمیٹی کو ہدف تفویض کیا۔ انہوں نے ماہرین کو وزٹ کرانے اور فوری عملدرآمد شروع کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ چنیوٹ کو خوبصورتی کے لحاظ سے ماڈل ضلع بنانا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

مولانا اشفاق احمد رضوی کی زیر صدارت پندرہواں سالانہ عظیم الشان جلسہ دستار فضیلت کا انعقاد

تقریب میں 20 حفاظ کرام اور 8 علماء کرام کی دستار بندی کی گئی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عظیم قدیمی درسگاہ، یادگار اسلاف جامعہ امینیہ رضویہ وار برٹن میں سنی علماء کونسل کے امیر مولانا اشفاق احمد رضوی کی زیر صدارت پندرہواں سالانہ عظیم الشان جلسہ دستار فضیلت کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق جلسہ دستار فضیلت میں استاذ العلماء، شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد سعید قمر سیالوی نے خصوصی طور پر شرکت کی، جلسہ میں کثیر تعداد میں علماء کرام، طلباء کرام اور حفظ قرآن کی فضیلت حاصل کرنے والے طلباء کے والدین اور شہریوں نے شرکت کی، مولانا محمد سعید قمر سیالوی نے جلسہ دستار فضیلت سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم مکمل ضابطہ حیات ہے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی فلاح پائی جا سکتی ہے ہر فرد پر لازم ہے کہ اپنی اولاد کو ناظرہ قرآن کریم اور حفظ قرآن کی تعلیم دلوائیں تاکہ وہ ایک اچھے اور سچے مسلمان بن کر اپنی زندگی گزاریں۔ تقریب میں 20 حفاظ کرام اور 8 علماء کرام کی دستار بندی کی گئی۔ جامعہ امینیہ رضویہ وار برٹن کی قدیمی درسگاہ ہے، جس سے اب تک سینکڑوں طلباء ناظرہ قرآن وحفظ سمیت عالم کورس کر کے دین کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔

ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد ذیشان اصغر کا ضلع جھنگ کا دورہ

اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد ذیشان اصغر نے ضلع جھنگ کا دورہ کیا اور پولیس کے مختلف ترقیاتی و فلاحی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے آر پی او فیصل آباد نے تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن کی نئی عمارت کا افتتاح کیا، جہاں پولیس افسران اور اہلکاروں سمیت سائلین کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ بعد ازاں انہوں نے پولیس لائنز میں قائم کی گئی پبلک ویلفیئر ڈسپنسری کا بھی افتتاح کیا جو اہلکاروں اور عوام کو علاج معالجہ کی جدید سہولیات فراہم کرے گی۔ ذیشان اصغر نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے دورے کے دوران آر پی او فیصل آباد نے تھانہ کوتوالی میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد بھی کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں انہوں نے ضلع بھر کے ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ کرائم میٹنگ کی، جرائم کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا اور پبلک سروس ڈیلیوری کو مزید موثر بنانے کے لیے اہم ہدایات جاری کیں۔ آر پی او فیصل آباد نے کہا کہ پولیس کا مقصد عوام کو امن و انصاف کی فراہمی ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

تھانہ اگوکی پولیس کا شاندار کارنامہ 1 سالہ بچہ بازیاب کر لیا

مصطفیٰ آباد سے اغواء ہونے والا 1 سالہ حاشر بازیاب کرا کے اغواء کار گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے تھانہ اگوکی کے ایس ایچ او نعمان بٹر کی زیر قیادت فرض شناس سب انسپکٹر محمد شعیب و ٹیم نے ڈی پی او فیصل شہزاد کی ہدایت پر مغوی بچے کو صرف 8 گھنٹوں میں ٹریس کر کے بحفاظت بازیاب کر کے ماں کے حوالے کر دیا جبکہ اغواء کار کو گرفتار کر لیا گیا۔ بچے کی بحفاظت واپسی پر غم سے نڈھال والدہ خوشی سے نہال پولیس کو دعائیں دیں دوسری جانب عمائدین علاقہ نے سیالکوٹ پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اگوکی تھانہ کے ایس ایچ او معہ ٹیم کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ سیالکوٹ پولیس عوام کے تحفظ میں ہر دم تیار کے سلوگن پر تیار ہے اور ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کو ضلع کی بہتر کارکردگی پر گزشتہ روز آئی جی پنجاب کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ و شاباش دی گئی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، اسسٹنٹ کمشنرز ولی رب دینو میتلو، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین ڈوگر، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد شہباز ٹھسیرا، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید، ایس این اے افضال حسین بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی بہتری کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کے گڈ گورننس اقدامات پر مکمل طور پر عمل درآمد کیا جائے اور اس سلسلہ میں فیلڈ ورکس کا سلسلہ تسلسل سے جاری رکھا جائے، انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کے گڈ گورننس اقدامات عوامی خدمت کا مظہر ہیں لہٰذا ان پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے عوام کو سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور ان کو درپیش مسائل کا حل ممکن بنایا جائے۔

گاؤں ناہریانوالہ میں صفائی مہم کا آغاز

مسلم یوتھ کونسل اور علی شیر بھٹی کی خصوصی کاوش سے صفائی مہم کا آغاز

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) گاؤں ناہریانوالہ میں صفائی مہم کا آغاز، مسلم یوتھ کونسل اور علی شیر بھٹی کی خصوصی کاوش سے صفائی مہم کا آغاز۔ ناہریانوالہ یونین کونسل ناہریانوالہ کے صدر اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سرگرم رہنما علی شیر بھٹی اور مسلم یوتھ کونسل یو سی ناہریانوالہ کی کابینہ کی خصوصی کوششوں سے گاؤں ناہریانوالہ میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس مہم کے تحت گاؤں کی مختلف گلیوں اور سڑکوں پر عرصہ دراز سے موجود گندگی کے ڈھیر اٹھائے جا رہے ہیں۔ علی شیر بھٹی، جو مسلم یوتھ کونسل یو سی ناہریانوالہ کے سرپرست اعلیٰ بھی ہیں، نے اس مہم کو اپنی ترجیحات میں شامل کرتے ہوئے کہا کہ گاؤں کے عوام کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم یوتھ کونسل کے نوجوان رضا کار اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں، جو ایک قابل تحسین عمل ہے۔ صفائی مہم کے دوران گاؤں کے مکینوں نے اس اقدام کو سراہا اور علی شیر بھٹی سمیت مسلم یوتھ کونسل کی کابینہ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے عوامی مسائل کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے عملی اقدامات اٹھائے۔ مسلم یوتھ کونسل کے دیگر اراکین کا کہنا تھا کہ یہ مہم وقتی نہیں بلکہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائے گی تاکہ گاؤں ناہریانوالہ کو ایک مثالی اور صاف ستھرا گاؤں بنایا جا سکے۔

صحافیوں کو ہراساں کرنے کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شدید تحفظات اور گہری تشویش کا اظہار

ملک میں آزادی اظہار رائے کو محدود کرنے کی منظم کوششیں جاری ہیں، جو نہ صرف آئین پاکستان کی روح کے منافی ہیں بلکہ ایک مہذب، جمہوری معاشرے کے لیے خطرے کی گھنٹی ہیں

فیصل آباد (افشاں بتول) سیکرٹری جنرل پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) و صدر فیصل آباد پریس کلب شاہد علی نے پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کو ہراساں کرنے کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شدید تحفظات اور گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں آزادی اظہار رائے کو محدود کرنے کی منظم کوششیں جاری ہیں، جو نہ صرف آئین پاکستان کی روح کے منافی ہیں بلکہ ایک مہذب، جمہوری معاشرے کے لیے خطرے کی گھنٹی ہیں۔ انہوں نے یہ گفتگو کرائم رپورٹنگ کرنے والے بیورو چیف اب تک نیوز خادم گل کو ہراساں کرنے کے لیے اے ایس پی بلال حسن کی طرف سے ایف آئی اے میں درخواست دینے اور نوٹس دلوانے جبکہ بیورو چیف سیون نیوز میاں منور کے آزادی اظہار سے روکنے کے لیے ایف آئی اے سے نوٹس دلوانے کے تناظر میں کی آزادی اظہار ہر شہری کا بنیادی اور آئینی حق ہے، خصوصاً صحافیوں کے لیے یہ حق ایک قومی فریضے کی حیثیت رکھتا ہے تاکہ وہ عوام کے مسائل، اداروں کی کارکردگی اور بدعنوانی کو بے نقاب کر سکیں۔ اگر کسی صحافی کو سچ بولنے کا حق چھینا جاتا ہے تو یہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 19 کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ اگر ریاست یہ سمجھتی ہے کہ صحافیوں کو خاموش کرا کے مسائل کو چھپایا جاسکتا ہے، تو یہ ایک خطرناک فریب ہے۔

کوٹ رادھا کشن: ستھرا پنجاب پروگرام صرف نام اور فوٹو سیشن کا پروگرام LWMC نے مریم نواز کا خواب چکنا چور کر دیا

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر کوٹ رادھا کشن) میں ستھرا پنجاب پروگرام صرف نام اور فوٹو سیشن کا پروگرام LWMC نے محترمہ مریم نواز کا خواب چکنا چور کر دیا۔ ایل ڈبلیو ایم سی کے افسران و سپر وائزرز اپنے فرائض ادا کرنے سے اس طرح غائب جس طرح گدھے کے سر سے سینگ غائب تفصیلات کے مطابق، ایل ڈبلیو ایم سی کوٹ رادھا کشن کے افسران و سپروائزروں کی ناقص کارکردگی پر سوالیہ نشان کروڑوں روپے خرچ کرنے کے باوجود گلیوں محلوں میں نالیوں سے نکلنے والی گار اور گندگی کے ڈھیر اٹھانے سے گریزاں، محلہ جج والہ، مظہر کالونی محلہ یاسر آباد، تحصیل کی تمام یونین کونسل سمیت شہر بھر میں گلیوں میں نالیوں کی پڑی گار نے دن رات کام کرنے والے افسران و سپروائزروں کی کارکردگی کا پول کھول دیا۔

مختلف واقعات میں 3 موٹر سائیکلیں چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹ/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری کالج روڈ سے ناصر علی کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری لاری اڈا سے محمد اقبال کی موٹر سائیکل چوری کالج روڈ نجی ہسپتال سے اشفاق احمد کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سٹی کا دورہ،

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سٹی کا دورہ، انہوں نے ایمرجنسی میڈیکل وارڈ اور فارمیسی سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے انہیں دستیاب طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا اور ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کو عوامی خدمت کے جذبے کے تحت میڈیکل سروسز فراہم کرنے کی ہدایات جاری کیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ خدمت خلق عین عبادت ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے ہسپتال کے تمام وارڈز میں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں

ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی ٹرانسپورٹرز کے خلاف کاروائیاں

55 ہزار روپے جرمانہ 2 گاڑیاں بند، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے واصف یاسین کی ہدایت پر محکمہ کے افسران نے متعدد مقامات پر پبلک ٹرانسپورٹ کی انسپکشن کیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی ٹرانسپورٹرز کے خلاف کاروائیاں، 55 ہزار روپے جرمانہ 2 گاڑیاں بند، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے واصف یاسین کی ہدایت پر محکمہ کے افسران نے متعدد مقامات پر پبلک ٹرانسپورٹ کی انسپکشن کیں اور گاڑیوں میں اوورلوڈنگ، روٹ پرمٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹس کی خلاف ورزی پر ٹرانسپورٹرز کو 55 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا اور 2 گاڑیوں کو تحویل میں لے لیا گیا، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے واصف یاسین نے کہا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے، گاڑیوں میں اوور لوڈنگ کرنے والوں اور روٹ پرمٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹس کے بغیر چلائی جانے والی ٹرانسپورٹ مالکان کو جرمانے کیے جائیں گے اور ان کی گاڑیوں کو تحویل میں لے لیا جائے گا۔

گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول اولڈ کچہری کیمپس اوکاڑہ میں میٹرک کلاس کے طالبات کیلئے آگاہی مہم

ٹریننگ میں سول ڈیفنس کے انسٹرکشنل سٹاف نے جنگی صورتحال کے پیش نظر سائرن کی پہچان بارے آگاہی دی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر سول ڈیفنس احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کے زیر اہتمام ہمراہ گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول اولڈ کچہری کیمپس اوکاڑہ میں میٹرک کلاس کے طالبات کو جنگی صورتحال کے پیش نظر شہری دفاع کی ٹریننگ دی۔ ٹریننگ میں سول ڈیفنس کے انسٹرکشنل سٹاف نے جنگی صورتحال کے پیش نظر سائرن کی پہچان اور استعمال، پناہ گاہوں کے بارے میں آگاہی، نقل و حرکت کو کنٹرول کرنے، اہم سرکاری و غیر سرکاری تنصیبات کی مکروتلبیس، سول ڈیفنس وارڈن سروس سے آگاہی، خندقوں کی اقسام، سول ڈیفنس بم ڈسپوزل سروس کے بارے میں آگاہی، ریسکیو، فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹر عملہ کم پڑ جانے کی صورت میں اپنی مدد آپ کے تحت استعمال ہونے والی سول ڈیفنس ریسکیو، فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹنگ مہارتوں کا استعمال، جنگی حالات میں رابطہ کاری اور پیغامات کی آمد و جامد کا طریقہ کار کے بارے میں بتایا جبکہ ریسکیو 1122 کی طرف سے فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹنگ کی تربیت دی گئی ٹرینیرز نے شرکاء ٹریننگ سے ان مہارتوں کی عملی ڈرل بھی کروائی، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر، ریسکیو حکام سمیت سکول ہذا کے پرنسپل اور اساتذہ اکرام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا ہے کہ پاکستان کے عسکری اور سول ادارے ہر طرح کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں، ملک کو قوم کا دفاع اولین ترجیح ہے اور اس سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

میاں محمد منیر علاج کی غرض سے امریکہ میں قیام کے بعد مکمل صحت یابی کے ساتھ اوکاڑہ واپس پہنچ گئے

ان کے چاہنے والوں، ساتھیوں اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان، مختلف تنظیموں کی جانب سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر علاج کی غرض سے امریکہ میں قیام کے بعد مکمل صحت یابی کے ساتھ اوکاڑہ واپس پہنچ گئے، جہاں ان کے چاہنے والوں، ساتھیوں اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان، مختلف تنظیموں کی جانب سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ میاں محمد منیر کی صحت یابی اور وطن واپسی پر گورنمنٹ کالج اوکاڑہ کے سابق طلبہ کی تنظیم "بارینز ایلومینائی" کے عہدیداران اور ممبران نے اُن سے ملاقات کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر تنظیم کے صدر پروفیسر عبدالرؤف، سابق پرنسپل پروفیسر حمود لکھوی، عہدیداران وممبران، دیگر شخصیات موجود تھیں۔ شرکائے میاں محمد منیر کو صحت یابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی اور ان کی عوامی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر میاں محمد منیر نے بارینز ایلومینائی کے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اُن کی دعا××ں، محبتوں اور خلوص نے انہیں صحت یاب ہونے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد از جلد اپنی عوامی ذمہ داریوں کو دوبارہ سے پوری توانائی کے ساتھ ادا کریں گے۔ ملاقات کے دوران علاقائی ترقی، تعلیم اور نوجوانوں کے لیے مواقع بڑھانے جیسے اہم موضوعات پر بھی گفتگو کی گئی۔ بارینز ایلومینائی کے نمائندگان نے میاں محمد منیر کو یقین دلایا کہ وہ تعلیمی میدان میں بہتری اور طلبہ کی فلاح و بہبود کے لیے ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ یہ ملاقات نہ صرف ایک سیاسی رہنما کی صحت یابی کی خوشی کا اظہار تھی بلکہ اوکاڑہ کے تعلیمی اور سماجی حلقوں کے درمیان مضبوط تعلقات کی بھی عکاسی کرتی ہے۔

آر پی او شیخوپورہ رینج اطہر اسماعیل کا ضلع ننکانہ کا دورہ

ڈی پی او سید ندیم عباس کے ہمراہ تھانہ سیدوالا اور تھانہ مانگٹانوالا میں کھلی کچہری لگائی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) آر پی او شیخوپورہ رینج اطہر اسماعیل کا ضلع ننکانہ کا دورہ۔ ڈی پی او سید ندیم عباس کے ہمراہ تھانہ سید والا اور تھانہ مانگٹانوالا میں کھلی کچہری لگائی۔ تفصیلات کے مطابق آر پی او نے شہریوں کی شکایات اور درخواستیں سن کر موقع پر ہی حل کے احکامات جاری کیے۔ تھانہ سیدوالا میں صحافیوں نے ٹریفک کے مسائل اور ٹریفک پولیس کی نفری کی تعیناتی کے متعلق سوالات اٹھائے جس پر آر پی او نے صحافیوں کو ٹریفک پولیس کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ اپنے دورے کے دوران آر پی او نے تھانہ مانگٹانوالا میں قصبہ موڑ کھنڈا کے پرائیویٹ سکول دار ارقم اور جاوید ہسپتال کے فوکل پرسنز کے ساتھ پولیس ویلفیئر کے لیے معاہدے بھی دستخط کیے۔ دستخط شدہ معاہدوں کے شہداء پولیس کے فیملیز کو علاج معالجے اور سکول فیسوں میں سہولت مہیا کی جائیگی جبکہ حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو سکول فیس میں 40 فیصد جبکہ پولیس تحفظ مرکز کی وساطت سے 2 بچوں کو سکول انتظامیہ مفت تعلیم کے اخراجات مہیا کرے گی۔ دوسری جانب جاوید ہسپتال موڑ کھنڈا میں حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو 50 فیصد فیس میں کمی ہو گی۔ معاہدے دستخط کرنے والوں میں ڈاکٹر جاوید اور علی احمد قادری فوکل پرسن دار ارقم سکول شامل تھے۔ تھانہ مانگٹانوالا میں صحافیوں نے موڑ کھنڈا میں ٹریفک، ناجائز تجاوزات اور منشیات فروشی کے متعلق سوالات اٹھائے، جس پر آر پی او نے صحافی برادری کو فوری حل کی یقین دہانی کروائی اور منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید موثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ آر پی او نے تھانہ مانگٹانوالا میں مسیحی برادری سے ملاقات کی، چرچوں کو فول پروف سیکورٹی کی فراہمی اور پولیس تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ تھانہ فیض آباد میں انجمن تاجران و ممبران امن کمیٹی سے میٹنگ کی۔ اپنے دورے کے دوران آر پی او نے تھانہ سیدوالا، مانگٹانوالا اور تھانہ فیض آباد کا ملاحظہ کیا اور ریکارڈ رجسٹرز پر اپنے تاثرات قلمبند کیے۔ آر پی او اطہر اسماعیل کا کہنا تھا کہ شہداء پولیس کی فیملیز اور پولیس ویلفیئر کے لیے تمام اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کو سو فیصد انصاف فراہم کرنا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق انصاف کو شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ دوران وزٹ SP انویسٹی گیشن حنا نیک بخت و دیگر بھی ہمراہ موجود تھے۔

مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز اور دیگر اشیاء سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز اور دیگر اشیاء سے محروم آڈھا میں فہد الحسن کیبل کی تاروں کو چیک کر رہا تھا کہ تین نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 9 ہزار روپے، طلائی انگوٹھی، موبائل فون چھین کر لے گئے پیرو چیک میں مرزا طیب رضا بیگ کی فیکٹری کے تالے توڑ کر دو انجن لوڈر رکشہ اور انورٹر چوری کر کے لے گئے محمد احمد بینک سے رقم نکلوا کر نکلا تو دھرمکوٹ کے قریب دو نامعلوم ملزمان اسلحہ کے زور پر نقدی 54 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر لے گئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے

تھانہ سٹی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی، دو ملزم گرفتار

وزیر آباد (نامہ نگار) تھانہ سٹی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی، دو ملزم گرفتار۔ ایس پی صدر گوجرانوالہ شاہ نواز وڑائچ کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل وزیر آباد ملک محمد فیاض کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اورنگزیب نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ عارف شہید روڈ مشکوک شخص کو روکا جس نے اپنا نام احسان اللہ سکنہ گکھڑ ارائیاں بتایا سے دوران تلاشی 1020 گرام چرس برآمد ہونی جسے گرتار کر کے حوالات بند کر دیا۔ تھانہ سٹی پولیس کی جانب سے ڈسکہ روڈ نزد الخیر فیکٹری کے نزدیک ناکہ لگایا گیا تھا جہاں پر ایک شخص پولیس کو دیکھ کر بھاگا جسے تعاقب کر کے پکڑا گیا جس نے اپنا نام سلمان سکنہ گکھڑ ارائیاں بتایا اسے دوران تلاشی 1120 گرام آئس برآمد ہونی ملزم کو گرفتار کر لیا گیا دونوں ملزمان کے خلاف زیر دفعہ 3(1)CNSA/9 اور 6(2)CNSA/9 e مقدمہ درج کر کے حوالات بند کر دیا گیا۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی اورنگزیب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق جرائم سے پاک پنجاب کو کامیاب کرنے کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے، منشیات فروش اور جرائم پیشہ افراد معاشرے کا ناسور ہیں ان کا قلع قمع کرنا میرا مشن ہے، نوجوان نسل کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا گیا ہے منشیات فروش چاہے جتنے بھی طاقتور کیوں نہ ہوں ان کو کیفر کردار تک پہنچا کر دم لیں گے۔

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن ××کرائم فری پنجاب×× کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ سب انسپکٹر راشد حسن، اے ایس آئی جاوید اقبال، اے ایس آئی نذیر احمد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے مختلف چوری کی وارداتوں میں مطلوب تین گینگز کے سات ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار چور گینگ ملزمان کے قبضہ سے 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے ٹرانسفارمر، موٹریں، موٹر سائیکلیں، پنکھے، مال مویشی، نقدی و دیگر سامان برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار چور ملزمان تھانہ لنگرانہ پولیس کو مختلف 9 مقدمات میں مطلوب تھے۔ گرفتار چور ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے اہم انکشافات متوقع ہیں۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

مصطفیٰ آباد: فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی عاصم منیر کا حق تھا: چوہدری محمد الیاس خاں



مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی عاصم منیر کا حق تھا پاک فوج کے جوانوں نے ان کی کمان میں ازلی دشمن بھارت کو جو دھول چٹائی ہے پاکستانی تاریخ میں ہی نہیں بلکہ دنیا کی تاریخ میں ایسی مثال ملنا محال ہے اتنے کم وقت میں دشمن کے غرور کو خاک میں ملانا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور رحمت کے ساتھ ساتھ آرمی چیف جیسے بہادر اور جری انسان کی قیادت میں ہی ممکن ہو سکتا ہے حکومت نے پوری قوم کے جذبات کی ترجمانی کی پوری قوم پاک فوج کی ہمیشہ ممنون رہے گی ان خیالات کا اظہار چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے حلقہ پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خان نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری محمد الیاس خان نے وفاقی کابینہ کی جانب سے قومی سلامتی کو یقینی بنانے اور دشمن کو شکست فاش دینے پر جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کو مدت ملازمت پوری ہونے پر خدمات جاری رکھنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے جنرل عاصم منیر اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ جرات، شجاعت، تدبر، حکمت اور دانش کا جو مظاہرہ جنرل عاصم منیر نے دکھایا اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، سپہ سالار کی بے مثال قیادت کی بدولت پاکستان کو معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص میں تاریخی کامیابی ملی۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ 1 بقیہ جات

کے لیے باہمی تباہی کا باعث بن سکتی ہے، ایٹمی جنگ ناقابل تصور اور نامعقول خیال ہونا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ بھارت اپنے بیانیے کی وجہ سے آگ سے کھیل رہا ہے، بھارت ہر چند سال بعد ایک جھوٹا بیانیہ گھڑتا ہے، دنیا بھی اب جان چکی ہے بھارت کا پہلے دن سے مقصد بے بنیاد تھا۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ حالیہ دنوں کے حالات میں پاکستان نے بہت بالغ نظری سے ردعمل دیا، پاکستان نے کشیدگی کو بڑھنے سے روکا۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ہم امن سے محبت کرتے ہیں، ہم امن کو ترجیح دیتے ہیں لیکن اگر بھارت کو جنگ چاہیے، تو پھر جنگ سہی، ہم جنگ کے لیے بھی تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت جس طریقے سے بات کر رہا ہے وہ اپنی داخلی سیاست کو بہتر کرنے کا طریقہ ہوسکتا ہے،ان کا کہنا تھا کہ بھارت ہر چند سال بعد ایک جھوٹا بیانیہ گھڑتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ سیاست اور سفارتکاری پاک فوج کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اصل تنازع اب بھی کھڑا ہے، اصل مسئلے میں کسی وقت بھی چنگاری ڈالی جاسکتی ہے، بھارت گھمنڈ کا شکار ہے، حالات کو دیکھیں، 10 مئی کے بعد کتنے دن گزر چکے ہیں مگر بھارت میں جو بیانیہ چلایا جارہا ہے وہ اب بھی جاری ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بھارت جس طرح بات کر رہا ہے وہ اپنی داخلی سیاست کو بہتر کرنے کی کوشش لگتی ہے، کیا آپ کو بھارت میں کسی ذمہ دار سیاسی قیادت کی جھلک دکھائی دیتی ہے؟ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی حکومت میں کوئی بھی پہلگام واقعے سے متعلق سخت سوالات نہیں کر رہا، بھارتی حکومت میں کوئی یہ نہیں پوچھ رہا کہ اتنا بڑا سکیورٹی لیپس آخر کیسے ہوا؟ بھارت میں کسی کو ان واقعات کے پیچھے موجود وجوہات کو سمجھنے میں دلچسپی نہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت ان آوازوں کو سننے کو تیار نہیں جو ظلم و زیادتی کی بات کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ 9 اور 10 مئی کی درمیانی رات پاکستان نے بھارت کو نپا تلا، مربوط اور متناسب جواب دیا، یہ ایک محدود سطح پر ہماری روایتی فوجی طاقت کا استعمال تھا اور ہماری تکنیکی صلاحیت کا ایک چھوٹا لیکن نہایت مؤثر مظاہرہ تھا۔ان کا کہنا تھا کہ اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ بھارت نے پیچھے ہٹنا شروع کیا، اچانک بھارت بات چیت اور کشیدگی کم کرنے کی خواہش کا اظہار کرنے لگا۔

بقیہ 2 بقیہ جات

مطابق فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے یہ اعزاز پوری قوم، مسلح افواج، خاص طور پر سول اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہدا اور سابق فوجیوں کے نام کیا۔فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز پوری پاکستانی قوم اور افواج پاکستان کے بہادر مردوں اور خواتین کو خراج تحسین ہے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل کا اعزاز خاص طور پر ان شہدا کو خراج عقیدت ہے، جو پاکستان کے خلاف بھارت کی بلا اشتعال، بزدلانہ اور غیر قانونی جارحیت کے خلاف فولاد کی دیوار کی طرح کھڑے رہے۔

بقیہ 3 بقیہ جات

وزیراعظم نے کہا کہ بات چیت میں پاکستان کی طرف سے 4 اہم نکات شامل ہوں گے، بھارت سے کشمیر، پانی، تجارت اور دہشت گردی پر بات ہوگی۔انہوں نے کہا کہ کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے پیچھے بھارتی خفیہ ایجنسیاں ہیں، بھارتی دہشت گردی کے ثبوت پوری دنیا کے سامنے رکھیں گے، جنگ بندی کی درخواست بھارت کی جانب سے کی گئی تھی۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان زمانہ امن کی پوزیشن پر واپس آنے پر اتفاق ہوگیا ہے، لیکن بھارت کسی تیسرے مقام پر مذاکرات کے لیے تیار نہیں ہوا، جنگ کے دوران اسرائیل نے بھارت کی بھرپور مدد کی۔شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے ڈائریکٹر جنرلز ملٹری آپریشنز (ڈی جی ایم اوز) میں زمانہ امن کی پوزیشن پر واپس آنے پر اتفاق رائے ہوا ہے، جنگ کے دوران اسرائیل کے ہتھیار اور فوجی ایڈوائزر بھارت کی بھرپور مدد کر رہے تھے،انہوں نے کہا کہ سری نگر اور دیگر مقامات پر بھارت نے اسرائیلی ہتھیار استعمال کیے، اسرائیلی ہتھیاروں کیا استعمال کے شواہد موجود ہیں، جنگ میں کسی کی جیت ہوتی ہے تو کسی کی ہار ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کو فیلڈ مارشل بنانے کا فیصلہ میرا تھا، کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے میں نواز شریف سے بھی مشاورت کرتا ہوں، اور اس فیصلے میں نواز شریف کیساتھ بھی مشاورت شامل تھی۔وزیراعظم نے کہا کہ سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بنانے کا فیصلہ حکومت کا ہے، فوج کا نہیں ہے۔نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان اور بھارت نے رواں ماہ کے آخر تک لائن آف کنٹرول (ایل او سی) سے افواج کو پرانی پوزیشن پر واپس بلانے پر اتفاق کرلیا ہے۔پاکستان کے ساتھ کشیدگی میں کمی کی علامت کے طور پر بھارت نے سرحد پر روزانہ جھنڈا اتارنے کی تقریب دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کر دیا، رواں ماہ کے آغاز میں اس تقریب کو معطل کر دیا گیا تھا۔یہ اقدام ایٹمی ہتھیاروں سے لیس دونوں حریف ممالک کے درمیان کئی دہائیوں میں ہونے والی سنگین جھڑپ کے بعد سامنے آیا تھا۔ایک سینئر پاکستانی سکیورٹی اہلکار نے 'اے ایف پی' کو بتایا کہ دونوں ہمسایہ ممالک نے حالیہ تنازع کے دوران تعینات کی گئی اضافی افواج کو امن کے وقت کی پوزیشنز پر واپس بلانے پر بھی اتفاق کیا ہے، یہ اقدام مئی کے اختتام تک مکمل کیا جائے گا۔سینئر سکیورٹی اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ اضافی فوجی رواں ماہ کے آخر تک تنازع سے پہلے کی پوزیشنز پر واپس آ جائیں گے۔اہلکار نے بتایا تھا کہ دونوں ممالک نے اضافی افواج اور اسلحہ (جو زیادہ تر پہلے سے ہی سخت نگرانی والے لائن آف کنٹرول پر تعینات تھا) کو مرحلہ وار واپس بلانے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ 4 بقیہ جات

۔بھارتی فوج نے پاکستان پر الزام عائد کیا تھا کہ کشیدگی کے دوران پاکستان نے گولڈن ٹیمپل پر ڈرونز اور میزائلوں کے ذریعے حملہ کیا ہے۔بھارتی فوج کے افسران کی جانب سے کیے گئے دعوے کے بعد سامنے آنے والے ردعمل کے نتیجے میں اب بھارتی فوج نے نیا بیان جاری کیا ہے کہ فوج نے امرتسر میں گولڈن ٹیمپل میں کسی قسم کی ایئر ڈیفنس گنز یا سسٹم نصب نہیں کیا تھا۔

بقیہ 5 بقیہ جات

کو جوش و خروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا اس روز فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام خصوصی تقاریب، سیمینارز اور کانفرنسز کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران مقررین ایٹمی دھماکوں کے تناظر میں محسن ملک و قوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان، ذوالفقار علی بھٹو اور سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے ملک بھر کے تمام شہروں میں مسلم لیگی کارکن ایٹمی قوت بننے کے حوالے سے سالگرہ کے کیک کاٹیں گے اور ریلیاں بھی نکالی جائیں گی جبکہ پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی۔ مسلم لیگ ن لائرز فورم فیصل آباد کے زیر اہتمام جہانیاں میں بھی یوم تکبیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد کی جائے گی جس میں کیک کاٹا جائے گا۔ 28 مئی 1998ء کو پاکستان نے بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں میں چاغی کے مقام پر بھارت کی جانب ایٹمی دھماکوں کے بعد ایٹمی دھماکے کر کے دنیا بھر میں ساتویں ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز حاصل کیا قبل ازیں امریکہ، برطانیہ، روس، چین، فرانس اور بھارت ایٹمی طاقت کے حامل ملک ہیں پاکستان نے ایٹمی دھماکے کرکے پہلی اسلامی ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔

بقیہ 6 بقیہ جات

کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن نے بربریت کا مظاہرہ کرکے معصوم بچوں پر حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سکول بس پر حملہ دشمن کی ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ قوم کے اتحاد سے ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق بچوں کے سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، ہماری تمام تر ہمدردیاں جاں بحق بچوں کے خاندانوں اور زخمیوں کے ساتھ ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا ء کی ۔دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں میں سبزی منڈی پولیس چوکی پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے 2 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید پولیس اہلکاروں کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت ء کیا ۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمی پولیس اہلکار کی جلد صحتیابی کیلئے دعاء کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہماری تمام تر ہمدردیاں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید پولیس اہلکاروں کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں کے پی کے پولیس ہراول دستے کا کردار ادا کررہی ہے۔

بقیہ 7 بقیہ جات

کے لیے ایک اعلی سطحی کمیٹی قائم کردی ہے۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ نے اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔کمیٹی کی سربراہی وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثنااللہ خان کریں گے، جب کہ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام شریک چیئرمین ہوں گے۔ دیگر اراکین میں خواجہ سعد رفیق، چوہدری برجیس طاہر اور رکن گلگت بلتستان اسمبلی امجد اظہر ایڈووکیٹ شامل ہیں۔ کمیٹی کو گلگت بلتستان کے لیے وفاقی فنڈز کے نظام کا جائزہ لینے، ترقیاتی بجٹ میں اصلاحات تجویز کرنے، شفافیت اور بہتر حکمرانی کے لیے سفارشات مرتب کرنے کا ہدف دیا گیا ہے۔کمیٹی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے مؤثر استعمال، پبلک پروکیورمنٹ کے نظام اور سیاسی و قانونی معاملات پر بھی غور کرے گی۔ کمیٹی کا پہلا اجلاس 21 مئی کو اسلام آباد میں ہونا تھا، تاہم اس کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اجلاس کی صدارت رانا ثنااللہ خان نے کرنا تھی وزارت کی جانب سے تمام اراکین کو وقت پر شرکت یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔سیاسی و عوامی حلقوں نے وزیراعظم کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیا ہے، اور امید ظاہر کی ہے کہ اس سے گلگت بلتستان کے عوام کا دیرینہ احساسِ محرومی کم ہوگا اور ترقی کا نیا باب کھلے گا۔

بقیہ 8 بقیہ جات

شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔دہشت گردوں کی فائرنگ سے قریبی دکانوں کے شیشے اور شمسی پلیٹوں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق پولیس چوکی میں نصب بجلی ٹرانسفارمر کھمبے سے نیچے گر گیا جس کے سبب نیو سبزی منڈی کی بجلی سپلائی منقطع ہوگئی اور پولیس چوکی کے اندر تباہی مچ گئی۔بنوں میں موبائل انٹرنیٹ سروس بدستور چوتھے روز بھی بند ہونے سے مقامی صحافیوں کو بھی شدید تکلیف کا سامنا رہا۔

بقیہ 9 بقیہ جات

کے لیے ایک غیر معمولی اور تاریخی اعزاز ہے۔انہوں نے کہا کہ اتنا بڑا اعزاز ان سے پہلے 1959 میں جنرل ایوب خان کو ملا تھا اور اب یہ اعزاز 66 سال بعد فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملا ہے، جو پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر، جوائنٹ چیف جنرل ساحر شمشاد، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف اور افواج پاکستان نے جس جرات، دلیری اور ایمانی قوت کیساتھ دشمن کے مقابلے میں کامیابی حاصل کی وہ قابل تحسین ہے۔ان کے مطابق حالیہ جنگ میں افواج پاکستان نے بھارت کو واضح شکست دی، جس میں قومی غیرت، فوجی مہارت اور اللہ تعالی پر کامل یقین کا مظاہرہ کیا گیا۔چوہدری شجاعت حسین نے اس موقع پر پوری قوم اور افواج پاکستان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید ہے اور ہمیں اپنی افواج پر فخر ہے۔

بقیہ 10 بقیہ جات

زرداری کا کہنا تھا دہشتگردی سے پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہوا، دہشتگردی سے خطے کو پاک کرنے کا کوئی حل نکالنا چاہیے۔ان کا کہنا تھا بھارت پانی کو اسلحہ کے طور پر استعمال کر رہا ہے، پانی کے مسئلے پر آنے والی نسلیں جنگ لڑیں گی؟ یہ افسوسناک ہے، جوہری ممالک کے درمیان جنگ ہوئی تو نتائج صرف پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا پیغام امن کا پیغام ہے اسے دنیا بھر میں پہنچا رہے ہیں، مودی نے بے بنیاد الزامات لگائے، وزیراعظم شہباز شریف نے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا، بھارت کا موقف بہت کمزور ہے۔سفارتی کمیٹی کے سربراہ کا کہنا تھا بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کی، پانی کے مسئلے کا حل نکالنے کی ضرورت ہے، آنے والی نسلوں کی ذمہ داری ہے کہ نئے مستقبل کے لیے جدوجہد کرنی ہے۔سفارتی کمیٹی کے رکن مصدق ملک کا کہنا تھا بھارت نے جارحیت کر کے نیا نارمل کرنے کی کوشش کی، بغیر شواہد کے الزامات لگانے کا بیانیہ ہم نے دفن کیا ہے، ہم امن پسند لوگ ہے، امن سے رہنا چاہتے ہیں، کسی نے جارحیت کی کوشش کی تو جواب اس سے کہیں زیادہ ہوگا جو حال ہی میں ہوا ہے۔مصدق ملک کا کہنا تھا اس جنگ میں بھارت نے عام شہریوں کو نشانہ بنایا، بھارت کا جو گھمنڈ تھا وہ ٹوٹ گیا، پچھلی مرتبہ بھارت نے کہا کہ رافیل ہوتا تو ایسا ہوتا ویسا ہوتا، ہم نے ان کے رافیل کو پرندوں کی طرح پھڑپھڑاتے ہوتے نیچے گرتے دیکھا۔سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر کا کہنا تھا بھارت آبی جارحیت کر رہا ہے، بھارت کا مسلم مخالف اور پاکستان مخالف بیانیہ اسے جنگ میں جھونک رہا ہے، بھارت غیر ذمے دار ریاست ہے، رویہ جارحانہ ہے۔

بقیہ 11 بقیہ جات

تعیناتیاں ، مدت میں توسیع اور ترقیوں کا فیصلہ فیلڈ مارشل ہی کریں گے۔انہوں نے کہا کہ سابق صدر ایوب خان پر جتنی بھی تنقید کریں لیکن ہم اس دور کی چیزیں چلا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہباز شریف اسمارٹ وزیراعظم اور قابل ایڈمنسٹریٹر ہیں، بات چیت کا راستہ کھولیں اور معاملات آگے بڑھائیں تاہم ابھی بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں دیکھ رہا۔

بقیہ 12 بقیہ جات

قرار دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر زبردست پذیرائی حاصل ہورہی ہے جہاں فیلڈ مارشل عاصم منیر ٹاپ ٹرینڈ بن گیا ہے۔عوام کی جانب سے جنرل عاصم منیر کو مبارکباد کے پیغامات موصول ہورہے ہیں اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر، فیس بک اور دیگر پلیٹ فارمز پر صارفین نے عاصم منیر کی قیادت، ملک وقوم کے لیے خدمات اور حالیہ قومی کامیابیوں پر اظہار تشکر کیا۔سوشل میڈیا پر ہزاروں صارفین نے ان کی حب الوطنی، پیشہ ورانہ مہارت اور قومی سلامتی کے لیے کردار کو سراہا۔

بقیہ 13 بقیہ جات

2022 کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران کرنل (ر) مبشر جاوید کے وکیل کو تیاری کرنے کیلئے 18 جون تک کی مہلت دے دی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شجاعت علی خان نے کرنل (ر) مبشر جاوید اور سمیع اللہ کی درخواستوں پر سماعت کی ۔درخواست گزار کرنل (ر) مبشر جاوید، پنجاب حکومت اور الیکشن کمیشن کے نمائندے عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔کرنل (ر) مبشر جاوید نے عدالت کو بتایا کہ ان کے وکیل ڈاکٹر خالد رانجھا کو تیاری کیلئے کچھ مہلت درکار ہے، انہوں نے مزید استدعا کی کہ ہمیں کیس کی جلد ساعت کی کوئی تاریخ دیدی جائے۔عدالت نے کیس کی مزید 18 جون تک ملتوی کردی۔کرنل (ر) مبشر جاوید نے 18 جولائی 2023 کو بلدیاتی انتخابات کے متعلق درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ 14 بقیہ جات

اسحاق ڈار، چین کے وزیر خارجہ اور افغانستان کے وزیر خارجہ ملا امیر خان متقی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ نے اپنی اپنی ٹیموں کی قیادت کی اور خطے میں استحکام، باہمی تعاون، اقتصادی روابط، اور سکیورٹی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ذرائع کے مطابق یہ اجلاس مثبت، تعمیری اور دوستانہ ماحول میں منعقد ہوا۔اجلاس کے دوران تینوں فریقین نے علاقائی امن و استحکام کو فروغ دینے، سرحدی تعاون بڑھانے، اور دہشت گردی کے مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے عزم کا اظہار کیا۔ذرائع کے مطابق سہ فریقی اجلاس میں مستقبل میں تعاون کے فریم ورک اور رابطوں کو جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔

بقیہ 15 بقیہ جات

جس کے بعد انڈیکس کی سطح 1 لاکھ 19 ہزار 400 پوائنٹس تک پہنچ گئی ہے۔مالی مارکیٹ میں مجموعی طور پر سرمایہ کاری کے حوالے سے خوش آئند صورتحال دیکھی جا رہی ہے جس نے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھایا ہے۔اسی دوران انٹربینک مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قیمت میں کمی دیکھی گئی ہے، جہاں ڈالر کی قیمت 16 پیسے کم ہوکر 281.75 روپے پر آ گئی ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ اسٹاک مارکیٹ کی یہ مضبوطی اور کرنسی کی قیمت میں کمی ملکی معیشت کے لیے مثبت اشارے ہیں۔

بقیہ 16 بقیہ جات

سلامتی کے ڈھانچوں بشمول انڈین اوشین رم ایسوسی ایشن سے خارج کیا جارہا ہے۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے مزید کہا کہ بھارت دریاؤں کو ہتھیانے اور انہیں بطور ہتھیار استعمال کرنے کی روش بھی اپنائے ہوئے ہے جو معاہدوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 17 بقیہ جات

نے لبنان سے ایرانی حمایت یافتہ حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کے لیے 'ڈومور' کا مطالبہ جاری رکھا ہے۔ یہ 'ڈومور' کا مطالبہ نومبر 2024 میں ہونے والے جنگ بندی معاہدے پر عمل درآمد کے حوالے سے کیا ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق امریکی نمائندے نے قطر اکنامک فورم سے اپنے خطاب کے دوران باور کرایا ہے کہ لبنان کو 'ڈومور' کی ضرورت ہے۔ وہ خطے میں امن کے لیے حزب اللہ کے غیر مسلح ہونے کی بات کر رہے تھے، ہم نے لبنان سے کہا ہے کہ وہ حزب اللہ کو مکمل طور پر غیر مسلح کرے۔ اس سے مراد محض جنوبی لیطانی علاقے میں غیر مسلح کرنا نہیں ہے۔ بلکہ پورے لبنان میں اسے غیر مسلح کرنا ہے۔'

بقیہ 18 بقیہ جات

بیان ریکارڈ کرا دیا، کلمہ چوک کے قریب کنٹینر جلانے کے مقدمے میں موقع پر موجود پولیس اہلکار نے بھی بیان ریکارڈ کرا دیا۔ گواہ کے بیان کے مطابق 11 مئی کی رات حماد اظہر، میاں محمود الرشید اور اسلم اقبال کی قیادت میں ڈیڑھ سو سے دو سو لوگ کلمہ چوک جمع ہوئے، وائرلیس پر کال چلنے کے بعد دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ موقع پر پہنچا۔ گواہ کا کہنا تھا کہ حماد اظہر، محمود الرشید اور اسلم اقبال نے کارکنان کو اشتعال دلوایا، مشتعل کارکنان نے کلمہ چوک پر کنٹینرز اور وارڈن کے کیبن کو آگ لگا دی، مشتعل کارکنان نے ریاست مخالف نعرے بازی بھی کی۔ دوران ساعت گواہ نے مزید بتایا کہ پولیس نے کارکنان کو روکنے کی کوشش کی مگر پولیس پر بدترین پتھراؤ کیا گیا، میری آنکھوں کے سامنے دس سے پندرہ لوگوں نے پٹرول بم پھینک کر کنٹینرز کو آگ لگائی، پولیس نے ان دس لوگوں کو وہاں سے گرفتار کیا جن سے تفتیش کی گئی جبکہ 24 اکتوبر کو شناخت پریڈ میں 10 ملزمان کو شناخت کیا۔ بعدازاں لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت نے آئندہ ساعت پر ملزمان کے وکلاء کو گواہ کے بیان پر جرح کیلئے طلب کر لیا۔

بقیہ 19 بقیہ جات

ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان ہونے والی بات چیت کو بے حد سراہا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کی ملاقات کے نتائج دو طرفہ تعلقات کو ایک نئے تاریخی مقام تک لے گئے ہیں، جس سے کئی اہم شعبوں میں تعاون کو فروغ ملا ہے اور سعودی و امریکی معیشت کے درمیان انضمام کو تقویت ملی ہے۔شاہ سلمان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سعودی عرب آمد پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 20 بقیہ جات

نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کے پی حکومت نے صوبہ بھر کے تمام شہریوں کیلئے لائف انشورنس سکیم متعارف کرانے کی منظوری دی ہے، لائف انشورنس سکیم پر سالانہ 4.5 ارب روپے لاگت آئے گی۔انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت اگر گھر کے سربراہ کا انتقال ہوجائے تو لواحقین کو فوری مالی امداد فراہم کی جائے گی، 60 سال سے کم عمر میں انتقال کرنے والے افراد کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے دیئے جائیں گے، جبکہ 60 سال سے زیادہ عمر میں وفات پانے والے افراد کے لواحقین کو 5 لاکھ روپے ملیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ اکثر خاندان یا گھر کے کفیل کی وفات کے بعد شدید مالی مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں، وفات کی صورت میں متاثرہ خاندان دوہری تکلیف سے گزرتا ہے۔بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 21 بقیہ جات

چیت کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات فلسطینی وفد کے ایک رکن نے کہی۔ وفد کے رکن نے کہا کہ پی ایل او کا وفد بیروت میں تھا اور وفد کے سربراہ محمود عباس پناہ گزینوں کے پاس اسلحے کی موجودگی پر سوال اٹھائیں گے۔ محمود عباس تین دن کے لیے لبنان کے دورے پر ہیں۔ان کے ساتھ جانے والے وفد کے ایک رکن نے کہا فلسطینیوں کے پاس اسلحہ کیوں ہے یہ بات ایجنڈے کے اہم نکات میں شامل ہے۔ جس پر لبنانی حکومت کے درمیان تبادلہ خیال ہوگا۔ دونوں صدور کے درمیان بھی اس معاملے میں بات چیت ہو گی۔ فلسطینی اتھارٹی کے وفد میں پی ایل او کے رکن احمد ماجدلانی بھی شامل ہوں گے۔ وہ پی ایل او کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ہیں اور لبنان کے دورے میں محمود عباس کے ہمراہی ہیں۔

بقیہ 22 بقیہ جات

شکوک کا اظہار کیا ہے کہ آیا امریکہ کے ساتھ جوہری مذاکرات کسی معاہدے کا باعث بنیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق علی خامنہ ای نے ایران کے سابق صدر ابراہیم رئیسی کی برسی کے موقع پر ایک تقریر کے دوران کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ امریکہ کے ساتھ جوہری مذاکرات کسی نتیجے پر پہنچیں گے۔ ایرانی سپریم لیڈر نے واشنگٹن سے مطالبہ کیا کہ وہ تہران کو اشتعال دلانے والے مطالبات پیش کرنے سے گریز کرے اور امریکی حکام کو مخاطب کرتے ہوئے مزید کہا کہ آپ کو یہ کہنا کہ آپ ایران کو یورینیم افزودہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے ایک مبالغہ آمیز مطالبہ ہے۔ یہ اس وقت ہو رہا ہے جب تہران مذاکرات کے پانچویں دور کے انعقاد کی تجویز پر غور کر رہا ہے۔

بقیہ 23 بقیہ جات

اور بچوں کے بینک اکاؤنٹس منجمد کر دیے گئے ہیں، ایف آئی اے نے انکوائری کی بنیاد پر پوری فیملی کے بینک اکاؤنٹس منجمد کئے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیتے ہیں۔اس پر وکیل نے کہا کہ پوری فیملی کے اکاؤنٹس منجمد کرنے سے روزمرہ کے اخراجات پورے کرنے مشکل ہو گئے ہیں۔عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کو بھی تو فیس کی ادائیگی کی گئی ہوگی جس پر وکیل درخواست گزار نے کہا کہ یہ کیس بغیر فیس کے لڑ رہا ہوں، عدالت نے کہا کہ فریقین کے جواب آنے دیں پھر دیکھتے ہیں۔بعدازاں سندھ ہائیکورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 5 جون کو جواب طلب کر لیا۔

بقیہ 24 بقیہ جات

برطانیہ نے اس سلسلے میں اسرائیلی سفیر کو بھی طلب کیا ہے اور مغربی کنارے کے یہودی آبادکاروں پر مزید پابندیاں لگانے کا عندیہ دیا ہے۔واضح رہے اسرائیل نے پچھلے ہفتے سے غزہ میں جنگی حملوں میں شدت پیدا کردی ہے اور غزہ کی وزارت صحت کے مطابق اس دوران 500 سے زائد فلسطینی اسرائیلی بمباری سے جاں بحق ہوگئے ہیں۔

بقیہ 25 بقیہ جات

کے لیے مائیکروسافٹ کی خدمات پر سخت تنقید کی اور سی ای او سے اس سلسلے میں سوال پوچھنا شروع کر دیئے ،میڈیا رپورٹس کے مطابق اس سے پہلے کہ مغربی جمہوری ملکوں کی روایت کے مطابق آواز اٹھانے والے فرد یا افراد کو چپکے سے سیکیورٹی گارڈز کی مدد سے چپ کرا کے باہر نکال لے جایا جاتا مائیکروسافٹ کا یہ کارکن بولتا رہا اور اسرائیل کے ساتھ کمپنی کے تعلق پر غم و غصے کا اظہار کرتا رہا۔ معلوم ہوا ہے کہ مائیکرو سافٹ کمپنی کے سربراہ سے ان کی کمپنی کے اسرائیل نواز ہونے پر سوال کیے گئے۔

بقیہ 26 بقیہ جات

فراہم کی جارہی ہے۔سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے اپنے بیان میں کہا کہ لاہور پولیس کے چاق و چوبند افسران واہلکار پی ایس ایل میچز کی سکیورٹی پر مامور ہیں۔سی سی پی او لاہور نے سپروائزری افسران کو پی سی بی، ضلعی انتظامیہ اور سکیورٹی اداروں سے بہترین کوارڈینیشن رکھنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی ایس او پیز پر اس کی روح کے مطابق عملدرآمد کیا جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پی ایس ایل میچز کے دوران ڈولفن سکواڈ، پی آر یو و دیگر پولیس ٹیمیں کھلاڑیوں کی رہائش گاہ، روٹس اور سٹیڈیم کے اطراف موثر پٹرولنگ یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی و دیگر کنٹرول رومز سے اہم پوائنٹس کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے۔سی سی پی او لاہور نے ٹریفک کی بلاتعطل روانی اور پارکنگ پلان پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈیوٹی پوائنٹس پر تعینات جوان انتہائی الرٹ رہیں۔ترجمان لاہور پولیس کے مطابق قذافی سٹیڈیم لاہور میں اسلام آباد یونائیٹڈ اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مابین پی ایس ایل 10 کا کوالیفائر میچ کھیلا جا رہا ہے۔لاہور میں پی ایس ایل 10 کے کوالیفائر، ایلیمینیٹر اور فائنل میچز کھیلے جائیں گے۔

بقیہ 27 بقیہ جات

تھامس نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق اور بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے آواز اٹھائی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی نے جمشید تھامس کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمشید تھامس ایک محب وطن اور فعال پارلیمنٹیرین تھے۔ انہوں نے کہا کہ جمشید تھامس نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے آواز اٹھائی۔ انہوں نے کہا کہ جمشید تھامس کی خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے جمشید تھامس کے اہل خانہ کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمانے کی دعاء کی۔

بقیہ 28 بقیہ جات

وہ میرے منہ پر آ کر بات کریں میں کھری کی ''ماسیوں'' سے تو بات نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی کسی کا نام نہیں لیا صرف ایک تجویز دی کہ نوکروں کا، کنیزوں کا اور نوکرانیوں کا کوٹہ بنا دیں، انہیں بھی وزیر اور مشیر بنائیں۔ اگر کوئی خود سامنے آ کر ثابت کردے میں نے نوکر ہوں، میں کنیز ہوں تو اس میں میرا تو کوئی قصور نہیں۔ ایک طرف وہ کہہ رہی ہیں میں کون ہوں، پھر وہ کہہ رہی ہیں میں ذہنی مریض بھی ہوں، ان کو میری ذاتی زندگی کا اتا پتہ ہے۔ مجھے ان کے بارے میں یہ پتہ ہے کہ پیپلز پارٹی کے دور میں وہ نواز شریف کو مخاطب کر کے ''را'' کا ایجنٹ کہتی تھیں، وہ ان کو مودی کا یار کہتی تھیں، وہ حدیبیہ پیپر ملز کا ذکر کرتی تھیں۔ اگر ایسے کسی شخص نے میرے ماں باپ کے بارے میں ایسی بات کی ہو تو میں ایسے آدمی کو پانی بھی نہ دوں۔ یہ تو جنہوں نے سلیکشن کی ہے ایسے لوگوں کی، جو ٹک ٹاک پر پنجاب حکومت چلا رہے ہیں انہیں پتہ ہوگا۔ مہربانی ہے مجھے سستا شاہ رخ خان کہا میں شکر گزار ہوں، مجھے تو برینڈ کا لقب دیا ہے لیکن میں سی گریڈ، ڈی کیٹگری کی جائنہ کی ماسیوں کی کاپی تو نہیں ہوں۔

بقیہ 29 بقیہ جات

،اموات اور ازدواجی حیثیت میں تبدیلی کی رجسٹریشن کے لیے موبائل ایپلیکیشن متعارف کرا دی ۔ نادرا ترجمان کے مطابق اس ایپ کے ذریعے شہری گھر بیٹھے اندراج کرا سکیں گے۔ ایپ کا آغاز ابتدائی طور پر پنجاب سے کیا گیا ہے، یونین کونسلوں میں بائیومیٹرک تصدیق کی سہولت بھی فراہم کی جارہی ہے۔ نادرا نے صوبائی حکومتوں کے تعاون سے ہسپتالوں اور طبی مراکز میں بھی ڈیجیٹل رجسٹریشن سسٹم متعارف کرانے کی تیاریاں مکمل کرلی ہیں تاکہ پیدائش و موت کی فوری، مستند اور آن لائن رجسٹریشن ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ 30 بقیہ جات

دائر کردی۔ ماہ اپریل کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں درخواست نیپرا میں دائر کی گئی۔ نیپرا سی پی پی اے کی درخواست پر 29 مئی کو ساعت کے بعد فیصلہ کرے گا۔ درخواست میں بجلی 1 روپے 27 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے کے مطابق، اپریل 2025 میں ملک بھر میں 10 ارب 51 کروڑ 30 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی، جبکہ 10 ارب 19 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو فراہم کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق، اپریل میں بجلی کی اوسط پیداواری لاگت 8.94 روپے فی یونٹ رہی جبکہ ریفرنس لاگت 7.68 روپے فی یونٹ مقرر تھی۔ اپریل میں پانی سے 21.94 فیصد، مقامی کوئلے سے 14.51 فیصد، درآمدی کوئلے سے 10.02 فیصد، فرنس آئل سے 0.97 فیصد، مقامی گیس سے 8.01 فیصد، درآمدی ایل این جی سے 20.52 فیصد اور جوہری ایندھن سے 17.91 فیصد بجلی پیدا کی

بقیہ 31 بقیہ جات

سال کے پہلے 10 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 21 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 3.142 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 2.594 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اپریل میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 317 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال اپریل کے مقابلے میں 2 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ سال اپریل میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 310 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ مارچ کے مقابلے میں اپریل میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 7 فیصد کی کمی ہوئی۔ مارچ میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 342 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو اپریل میں کم ہو کر 317 ملین ڈالر رہ گیا۔

بقیہ 32 بقیہ جات

دی ہے۔ وزارت تجارت کے جاری سرکلر کے مطابق حکومت نے آم کی برآمدت کی تاریخ میں توسیع کردی ہے، وزارت تجارت نے اس ضمن میں ایک سرکلر جاری کیا ہے، جس کے تحت ملک بھر کے آم کے برآمد کنندگان 25 مئی سے بیرون ملک آم کی برآمدات شروع کر سکیں گے۔وزارت نے یہ حکم نامہ ایکسپورٹ پالیسی آرڈر 2022 کے شیڈول 2 کے تحت جاری کیا ہے۔

بقیہ 33 بقیہ جات

مطابق ٹرین آنے سے کچھ دیر قبل ٹریکٹر ٹرالی ریلوے ٹریک میں پھنس گئی تاہم جب ٹریکٹر ٹرالی کے ڈرائیور نے دیکھا کہ ٹرین قریب آگئی ہے تو ڈرائیور نے فوراً ٹریکٹر کی پن نکالی اور ٹریکٹر کو ٹرالی سے الگ کر کے ٹریکٹر لے کر بھاگ گیا۔عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ ٹرین اینٹوں سے بھری ٹرالی سے ٹکرا کر ریلوے لائن سے تقریباً ایک کلومیٹر نیچے اتر گئی، جس کی وجہ سے ٹرین ڈرائیور اور اسسٹنٹ ڈرائیور زخمی ہوئے۔ساہیانوالہ سے سالار واآلہ تک کا ریلوے ٹریک بھی ٹوٹ گیا ہے جس کی وجہ سے فیصل آباد سے لاہور اور وزیر آباد کے لیے تمام ریلوے ٹریفک مکمل طور پر بند کر دی گئی ہے۔سی ای او ریلوے عامر بلوچ شالیمار ایکسپریس حادثے کے موقع پر موجود ہیں، ریلوے انتظامیہ کی جانب سے ٹریک کی بحالی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 34 بقیہ جات

پائیدار امن کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے، اور اس کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کا پرچم بلند رکھا ہے، تاہم بھارتی مہم جوئی کی صورت میں پاکستان نے اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کی بھرپور صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔سفیر رضوان سعید شیخ نے بین الاقوامی معاہدوں اور اصولوں کی پاسداری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ علاقائی سلامتی کے لیے عالمی برادری کا مؤثر کردار ناگزیر ہے۔انہوں نے پاک بھارت جنگ بندی میں امریکہ کے مثبت کردار کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ واشنگٹن جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کے فروغ میں اپنی ذمے داری ادا کرتا رہے گا۔ملاقات کے دوران سفیر نے شرکاء کے سوالات کے جوابات بھی دیے اور پاکستان کی خارجہ پالیسی، علاقائی روابط، اور اقتصادی تعاون سے متعلق امور پر بھی روشنی ڈالی۔

بقیہ 35 بقیہ جات

ایک نیا حوصلہ، یکجہتی اور اعتماد حاصل کیا ہے۔حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق وفاقی کابینہ نے جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی باقاعدہ منظوری دی ہے۔اس موقع پر ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر ان کی خدمات کو تسلسل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، جس پر دونوں عسکری سپہ سالار مبارکباد کے مستحق ہیں۔چوہدری برجیس طاہر نے مزید کہا کہ قوم اپنے ان سپوتوں پر فخر کرتی ہے جنہوں نے پاکستان کی عزت، سالمیت اور استحکام کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔انہوں نے جنرل عاصم منیر اور ائیر چیف مارشل ظہیر بابر کے لیے نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی انہیں مزید کامیابیاں عطا فرمائے اور پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھے۔

بقیہ 36 بقیہ جات

لیگ کی حکومت ختم ہوجائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام مسائل کا حل چاہتی ہے جو عوامی مینڈیٹ رکھنے والی حکومت کے بغیر ممکن نہیں اسوقت ملک میں عوامی مسائل کے انبار لگے ہیں جس کی وجہ سے عوام کی زندگی اجیرن ہوچکی ہے، جب تک ملک کو لوٹنے اور تباہی کے دہانے پر پہنچانے والوں سے نجات نہیں ملے گی غربت، مہنگائی، بیروزگاری کا خاتمہ ناممکن ہے، عوام باشعور ہوچکی ہے اسے اب بے وقوف نہیں بنایا جاسکتا ہے عوام جانتی ہے کہ آئین وقانون کی بالادستی ہی مسائل اور بحران کا واحد حل ہے۔

بقیہ 37 بقیہ جات

احمد چوہدری،صدر الیکٹ پی ایم اے سنٹر،ڈاکٹر نادر خان، نائب صدر پی ایم اے پنجاب،ڈاکٹر ریاض ذوالقرنین اسلم، فنانس سیکرٹری پی ایم اے پنجاب، پروفیسر ڈاکٹر مسعود الرؤف ہراج صدر پی ایم اے ملتان، ڈاکٹر ذوالقرنین حیدر، پی ایم اے ملتان، پروفیسر ڈاکٹر شاہد شوکت ملک، صدر پی ایم اے لاہور، پروفیسر ڈاکٹر واجد علی، جنرل سیکرٹری پی ایم اے لاہور نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ اس واقعہ کے حوالے سے پاکستان یورولوجسٹ،نیفرولوجسٹ ایسوسی ایشن نے تحریری طور پر حکام کو آگاہ کیا تھا کہ موجودہ ڈائیلسز مشین خاص طور پر ملتان میں موجود تمام مشینوں میں Cleaning Auto کی سہولت موجود ہے اور وہ تمام HIV اور دیگر جراثیموں کو ختم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ لہذا ان مشینوں کی وجہ سے HIV پھیلنے کا امکان تقریباً نہ ہونے کے برابر ہے۔ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ کے موجودگی CarePatient کے متعلق تمام قوانین واختیارات صرف ہیلتھ کیئر کمشن کے پاس ہیں اس سے ہٹ کر کوئی انکوائری قانونی نہیں ہے۔ نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے ایکٹ میں وائس چانسلر صرف اکیڈمک امور کی سربراہ ہیں اور اُن کا براہ راست ہسپتال کے انتظامی معاملات سے کوئی تعلق نہیں اور حیرت کی بات ہے کہ پرنسپل جو کہ نشتر میڈیکل کالج کا انتظامی سربراہ ہے اُن کو انکوائری میں شامل نہ کرنا اس کاروائی کو مشکوک بناتا ہے۔ ایم ایس ہسپتال کا انتظامی سربراہ ہے اور براہ راست مریضوں کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہے اُسے بھی بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے ڈائیلسز یونٹ میں HIV ایڈز میں مبتلا ہونے کی انکوائری رپورٹ پر اہم سوالات سامنے آئے ہیں۔ ملک میں HIV ایڈز سے بچاؤ کیلئے کئی محکموں (HIV ایڈز کنٹرول پراجیکٹ، انتقال خون اتھارٹی اور پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن) کی ذمہ داریاں واضح ہوتی ہیں۔ اس وقت تک لاکھوں مریض HIV ایڈز پروگرام میں رجسٹرڈ ہو چکے ہیں اور ان کی اصل تعداد اس سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ HIV ایڈز کے پھیلنے کی وجوہات میں بلڈ ٹرانسفیوژن یا انتقال خون، اتائیت، استعمال شدہ اوزار اور سرنجیں، جنسی بے راہ روی سرفہرست ہیں۔ حکومت وقت نے نشتر یونیورسٹی کے معاملے میں بجائے سائنسی بنیادوں پر اور حقائق کے مطابق ایک منصفانہ اور شفاف انکوائری کروانے کی بجائے ایک غیر مستند انکوائری رپورٹ پر ایک سینئر ڈاکٹر کے خلاف انکوائری شروع کر دی۔ خیال رہے کہ گورنر پنجاب جو کہ نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے چانسلر ہیں وائس چانسلر کو ذاتی شنوائی کر چکے ہیں۔ اب ان کی ذاتی شنوائی کے بعد ایک انکوائری کمیٹی بنانا قوانین کے برعکس ہے۔ یہ ثابت کیئے بغیر کہ متعلقہ مریضوں میں HIV ایڈز منتقلی کا ذریعہ وہ ڈائیلسز مشینیں ہیں، سینئر ڈاکٹروں کو بار بار انکوائریوں میں طلب کرنا شعبہ طب کے ساتھ ایک غیر مناسب طرز عمل ہے۔ اگر حکومت پھر بھی بضد ہے کہ ہم نے کسی کو مورد الزام ٹھہرانا ہے تو موجودہ سائنسی دور میں جینیٹک سیکوینسنگ ایک بہترین ٹسٹ ہے جو کہ حکومت اپنے دعویٰ کیلئے کروا سکتی تھی اس کو نظر انداز کرنا اس عمل کو مشکوک بناتا ہے۔ پی ایم اے گورنر پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کرتی ہے کہ 1- بلا جواز جوائنٹ انکوائری کمیٹی ختم کی جائے۔ 2- سائنسی بنیادوں پر جینیٹک سیکوینسنگ کروائی جائے تاکہ اصل ذمہ داروں کی تصدیق ہوسکے۔ 3- ذمہ دار ادارے (انتقال خون اتھارٹی، HIV ایڈز پراجیکٹ، پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن) اِن کے غیر ذمہ دارانہ رویے کی تحقیقات کروائی جائیں۔ 4- اتائیت کے خاتمے کیلئے مناسب اقدامات اٹھائے جائیں۔ 5- ڈائیلسز کی سہولت، ادویات، ٹسٹ زمینی حقائق کے مطابق کم از کم تحصیل لیول تک مہیا کی جائیں۔ 6- HIV ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی فیملی سکریننگ کی جائے

بقیہ 38 بقیہ جات

عملدرآمد نہ کیا گیا جس کے بعد ناجائز تجاوزات کو گرا دیا گیا۔ ان باتوں کا اظہار ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ نے میڈیا نمائندگان کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ بازاروں چوراہوں اور روڈز کے اطراف ناجائز تجاوزات گرانے کے بعد ٹریفک ریگولیشن مسائل کا سد باب ہوا تو وہیں وسطی شہر کے بازاروں کے رہائشی شہریوں کی شکایات کا ازالہ ہوا۔ ڈرینگ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق آپریشن انکروچمنٹ کے بعد مالکان کو تحریری طور پر تنبیہ کی گئی ہے آئندہ پرانے نقشوں کی خلاف کرتے ہوئے تجاوزات نہ بنائیں اور نہ ہی دکانوں کے اوپر غیر قانونی رہائشی کمرے بنائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق تجاوزات کے خلاف عدم برداشت کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔تجاوزات کو مسمار کرنے کیلئے بھاری مشینری استعمال کی گئی اور اس موقع پر میونسپل کارپوریشن، سوئی گیس، بجلی، ایس ڈبلیو ایم سی اور محکمہ پولیس کے اہلکار بھی موجود رہتے ہیں۔ اپریشن انکروچمنٹ بلاتفریق کررہے ہیں اور کوئی خواہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو حکومتی رٹ قائم کی جارہی ہے۔

بقیہ 39 بقیہ جات

7 ہزار میں ملنے والی بوری اب 3500 میں مل رہی ہے لیکن رس، ڈبل روٹی، کیک، بسکٹس، سموسے، نان اور روٹی کی قیمتیں اپنی جگہ پر برقرار ہیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ میدے کی قیمتیں بڑھنے سے بیکری اور تندور مالکان کی جانب سے قیمتیں فوری بڑھادی گئی تھیں لیکن اب قیمتیں کم ہونے کے ثمرات عوام تک منتقل نہیں کیے جارہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھی اس اہم ترین مسئلہ کی طرف توجہ نہیں دی جارہی جس کی وجہ سے بیکری اور تندور مالکان کی جانب سے قیمتوں میں کمی سے انکار کردیا گیا ہے۔

بقیہ 40 بقیہ جات

کا فیصلہ کیا ہے اور وہ فلسطینی ریاست کو اجتماعی طور پر تسلیم کریں گے۔انہوں نے مزید کہا: یہ اقدام جو شروع ہو چکا ہے، اب رکے گا نہیں بلکہ مکمل کیا جائے گا۔

بقیہ 41 بقیہ جات

اداروں کو پالنے پر خرچ ہورہے ہیں جو گردن تک قرضوں میں ڈوبی قوم کے ساتھ ظلم ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دعووں کے باوجود طے شدہ ٹائم فریم کے اندر اداروں کی نجکاری کا عمل مکمل نہیں ہوتا بلکہ اس کے برعکس سالہا سال رپورٹس کی تیاری پر کروڑوں روپے خرچ ہوجاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نجکاری کمیشن کی استعداد بڑھائی جائے ، اس میں پاکستان کے علاوہ بیرون ممالک کے نجی شعبے سے بھی ماہرین کو شامل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ابھی تک سرمایہ کاری کے لیے سازگار ملک کے طور پر نہیں ابھر سکا ، جب عالمی ریٹنگ ایجنسیاں ہمیں نچلی ترین سرمایہ کاری گریڈ میں بھی نہیں رکھتیں تو سرمایہ کاروں کو نجکاری عمل میں شامل کرنا ایک نہایت مشکل ہدف ہے۔

بقیہ 42 بقیہ جات

کی فروخت بلا خوف و خطر جاری ہے موت کے سوداگروں نے نئی نسل کو بری طرح اپنی لپیٹ میں لے لیا پولیس نے ان ڈیلروں کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے لوگ ایس ایچ او کو مسیحا سمجھ کر امید لگائے بیٹھے تھے کہ اب یہ دھندہ بند ہو جائے گا انکو اب مایوسی ہو رہی ہے کیونکہ منشیات کا دھندہ جوں کا توں جاری ہے ابھی تک کسی بھی منشیات فروش کے خلاف کوئی قانونی کاروائی نہیں ہوئی ریکارڈ یافتہ لوگوں کی لسٹیں پولیس کے پاس موجود ہیں جو لوگ یہ دھندہ کرتے ہیں لیکن ابھی تک پولیس انکو پکڑنے سے قاصر ہے یہ پولیس کی نااہلی ہے یا ان سے مک مکا اگر کوئی اعلی پولیس آفیسر اس بات کی تحقیقات کرے تو سب کچھ سامنے آجائے گا شہریوں نے ڈی پی او ننکانہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سماج دشمن منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے۔

بقیہ 43 بقیہ جات

میں لگے ہوئے پیٹرول پمپس مالکان پیٹرول و ڈیزل میں ملاوٹ کر کے کم مقدار میں ڈیزل و پیٹرول فروخت کرتے ہوئے بے ایمانی سے خوب دھن دولت اکٹھی کر رہے ہیں اس سلسلہ میں شہریوں نے کہا کہ تحصیل و ضلعی انتظامیہ کے پیٹرول پمپس مالکان سے گٹھ بندھن کا خمیازہ عوام بھگت رہی ہے اور لاکھوں کروڑوں روپیہ کی گاڑیاں چند ماہ میں ہی کھٹارہ بن رہی ہیں اور سرکار کچھ کرنے کو تیار ہی نہیں ہے شہریوں نے مزید کہا کہ خدارہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں اگر کم نہیں کر سکتے تو ملاوٹ و کم مقدار میں پیٹرول و ڈیزل فروخت کرنے والے مافیاز اور ان کے گٹھ بندھن قائم کرنے والی تحصیل و ضلعی انتظامیہ کے خلاف ہی کوئی نوٹس لے لیں تاکہ لاکھوں کروڑوں روپیہ کی گاڑیاں کھٹارہ ہونے سے بچ سکیں۔

بقیہ 44 بقیہ جات

اور باوقار قوموں کی روایت ہوتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جنرل عاصم منیر جیسے باوقار، مخلص اور وطن و ملت کے سچے سپاہی کو فیلڈ مارشل کے منصب پر فائز کرنا پاکستانی قوم کے لیے فخر کا باعث ہے۔ یہ فیصلہ نہ صرف پاک فوج کی عظمت کا اعتراف ہے، بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے ایک پیغام ہے کہ ایمان، اتحاد اور قربانی کے جذبے سے لیس قیادت ہی حقیقی فلاح کی ضامن ہوتی ہے، فیلڈ مارشل کا عہدہ صرف ایک اعزاز نہیں بلکہ یہ اس بے مثال خدمات کا اعتراف ہے جو جنرل عاصم منیر نے مادر وطن کی بقا اور سلامتی کے لیے انجام دی ہیں، جنرل عاصم منیر نے نہ صرف روایتی جنگی میدان میں بھارت کو منہ توڑ جواب دیا بلکہ اعصابی محاذ پر بھی اپنی حکمت و تدبر سے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے، جو جدید عسکری قیادت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 45 بقیہ جات

کے ایک بچے میں یکم مئی کو پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی۔ پولیو کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر، نیشنل ای او سی نے اعلان کیا ہے کہ ملک بھر میں 26 مئی سے تیسری قومی انسداد پولیو مہم شروع کی جائے گی، جس کے دوران تقریباً 4 کروڑ 54 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ حکام کا کہنا ہے کہ والدین سے بھرپور تعاون کی اپیل کی گئی ہے تاکہ ملک کو پولیو فری بنانے کی کوششیں کامیاب ہو سکیں۔

بقیہ 46 بقیہ جات

غریب گھرانوں کے تقریباً کئی نوجوان کو اپنے پنجوں میں گھاڑ کر دردناک موت میں دھکیل چکا ہے اس وقت ضلع ننکانہ کے ہر گلی محلہ اور قصبوں میں منشیات فروشی کے اڈے منشیات کی خرید وفروخت نوجوان نسل کی تباہی و بربادی کی شکل اختیار کر چکا ہے اور بڑی تعداد میں نوجوان نسل منشیات کے شکار ہوچکے ہیں اور اب ان کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ دیگر شہروں کی طرح ضلع ننکانہ میں بھی ہر جگہ آپ کو نشے کے عادی لوگ ملیں گے جن کی زندگیاں اس زہر نے اجاڑ دیں ہیں اگر ضلع ننکانہ میں اسی طرح منشیات بکتی رہی تو وہ دن دور نہیں کہ ہر گھر میں بچوں کی زندگیاں منشیات کے دھواں میں اڑتے نظر آئینگے جن کی عمر لکھنے پڑھنے کی ہے وہ بھی یقیناً اس میں متاثر ہونگے ننکانہ صاحب کے لوگ اپنے بچوں کو نشے جیسی بدترین دشمن سے بچائیں اب ذرا نہیں بلکہ ذمہ داری کے ساتھ سوچیں اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر عام وخاص کو چاہیے کہ منشیات کے خلاف لوگوں میں شعور بیدار کر کے اپنا فرض ادا کریں یہ تباہی کچھ لوگوں کی نہیں بلکہ ہم سب کی ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوامی نمائندگان، سیاسی و مذہبی پارٹیوں کو اپنا مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے جبکہ سکیورٹی اداروں، انتظامیہ اور حکام بالا کو بھی اس ناسور کے خاتمے کے لیے اپنا فرض ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے آر پی او شیخوپورہ، وفاقی وزیر انسداد منشیات اور آئی جی پنجاب سے ضلع ننکانہ بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 47 بقیہ جات

اخبار کے مطابق ٹرمپ کے معاونین نے اسرائیلی حکام کو واضح پیغام دیا ہے کہ اگر جنگ نہ رکی تو ہم آپ کی حمایت سے دستبردار ہوجائیں گے۔

بقیہ 48 بقیہ جات

لیے کسی ایسی جگہ جاتا ہے جہاں سکول موجود ہوں تو اس میں کیا حرج ہوسکتا ہے۔یہ تو رضا کارانہ اور اپنی مرضی سے کہیں جانے والی بات ہوگی کہ کوئی کہتا میں بیمار ہوں اور ایسی جگہ جانا چاہتا ہوں جہاں علاج ممکن ہو، جہاں ہسپتال ہوں تو اس میں جبر کیسا۔ پھر کوئی ملک انہیں خاص مدت کے لیے قبول کر لیتا ہے تو اس میں کیا قباحت ہوگی۔

بقیہ 49 بقیہ جات

کی ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کرسکیں گے۔انہوں نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ''سی ایس ایس کے خواہشمند طلباء کے لیے کیریئر کونسلنگ'' کے عنوان سے ایک لیکچر دیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی مہمان اعزاز تھے۔ یہ تقریب سول سروسز اکیڈمی لاہور اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف فنانشل اسسٹنس اینڈ یونیورسٹی ایڈوانسمنٹ کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ پاکستان سول سروسز اکیڈمی (CSA) نے نیشنل آؤٹ ریچ پروگرام کا اجرا کیا ہے جس کا مقصد یونیورسٹی کے طلبہ کو سول سروسز میں کیریئر بنانے کی ترغیب دینا ہے فرحان عزیز خواجہ نے انتظامی امور سول سروسز کے ارتقاء اور افلاطون کے فلسفی بادشاہ کے نظریے پر روشنی ڈالی انہوں نے بتایا کہ سول سروسز 12 سروس گروپس پر مشتمل ہیں، جن میں پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، فارن سروس آف پاکستان، پولیس سروس آف پاکستان و دیگر شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوان ہی ملک کا مستقبل ہیں اور انہیں اپنی صلاحیتوں کو آزمانے کے لیے سی ایس ایس کے امتحان میں ضرور آنا چاہیے پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے تمام کوششیں عمل میں لائیں۔انہوں نے کہا کہ مقابلے کا دور ہے اور کامیابی کے لیے محنت، لگن، اور تحقیقی سوچ ناگزیر ہیں۔انہوں نے طلباء سے کہا کہ وہ سیکھنے کے عمل کو اپنا مقصد بنائیں اور اپنی مہارتوں کو بہتر بنائیں کیونکہ یہی ایک روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

بقیہ 50 بقیہ جات

کے ساتھ کیا سلوک کیا جارہا ہے۔ ایمرجنسی وارڈ کو تو سکیورٹی گارڈ کے حوالے کردیا گیا ہے جو مریضوں کو اپنی چوائس پر کسی کو اوپی ڈی بھیج دیتا ہے اور کسی مریضوں کو دوسری جانب مریض جو چلنے پھرنے سے بھی قاصر ہوتے ہیں ان کی حالت زار کو دیکھنے والا کوئی نہیں۔ مریضوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ خدا راہ ہمز ہسپتال کو بہتر کیا جائے یا اسے مکمل طور پر تالا لگا دیا جائے کم از کم مریض یہاں آکر خوار تو نہیں ہوں گے لیکن فی الوقت پھر کی جو صورتحال ہے وہ انتہائی ناگفتہ بہ ہے۔

بقیہ 51 بقیہ جات

نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ رفح کراسنگ مصری کی جانب سے کھلا ہے، مگر دوسری طرف سے بند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب تک کراسنگ رفح کے ذریعے کوئی بھی امداد غزہ میں داخل نہیں ہوئی۔انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ چند گھنٹوں میں مصری سرحد سے امداد کے داخلے کے حوالے سے کسی قسم کی پیش رفت یا اشارہ موجود نہیں۔ان کے مطابق مصر کا مذاکراتی وفد قطر میں موجود مختلف فریقین کے ساتھ مل کر سیز فائر اور امداد کے داخلے کی بحالی کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہا ہے۔گورنر نے بتایا کہ امدادی سامان متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کی طرف سے مصر پہنچ چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ رفح گزرگاہ امداد کی ترسیل کے لیے مکمل تیار ہے، صرف سیاسی اتفاق رائے کا انتظار ہے تاکہ امداد اندر بھیجی جا سکے۔مزید تفصیلات بتاتے ہوئے جزیرہ نما سینا کے گورنر نے کہا کہ امدادی ٹرک سینا میں لاجسٹک زون اور ہلال احمر کے گوداموں میں موجود ہیں اور مکمل طور پر تیار کھڑے ہیں۔ ان کے مطابق لاجسٹک زون رفح سے محض دس منٹ کے فاصلے پر ہے، جبکہ ہلال احمر کے گودام شہر العریش میں واقع ہیں، جو رفح کراسنگ سے تقریباً 45 کلومیٹر دور ہیں، یعنی ٹرک بیس منٹ میں وہاں پہنچ سکتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ فلسطینی زخمیوں، مریضوں اور ان کے ہمراہ افراد کے استقبال کے لیے طبی عملہ اور ایمبولینسز ہر وقت مستعد ہیں، بس کراسنگ کے دوسری طرف سے کھلنے کا انتظار ہے۔

بقیہ 52 بقیہ جات

ہونے لگی ناقص حفظان صحت کے عین مخالف اشیا تیل، کچپ، مائیونیز اور دیگر کا استعمال عروج پر پہنچ گیا، شہری پیٹ سمیت دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے جس پر عوامی سماجی حلقوں کے افراد کا کہنا ہے کہ ملاوٹی اشیا کی فروخت کو روکنے والی فوڈ اتھارٹی خواب غفلت میں مشغول ہے فاسٹ فوڈ پوائنٹ والے شہریوں کی زندگیوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں جس پر انہوں نے اعلی حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایماندار اور فرض شناس افسران کی تعیناتی کر کے ضلع ننکانہ کو ناقص اشیا سے تیار فوڈ پوائنٹ کے کھانوں سے چھٹکارا دلوائیں تاکہ شہری موذی امراض سے بچ سکیں۔

بقیہ 53 بقیہ جات

پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی، جس کے جواب میں سی سی ڈی کی جوابی فائرنگ سے عامر شہزاد موقع پر ہی ہلاک ہوگیا۔ ترجمان سی سی ڈی کے مطابق، ہلاک شدہ ملزم پر متعدد سنگین وارداتوں کا مقدمہ درج تھا۔ اسی طرح باٹا پور میں بھی سی سی ڈی اقبال ٹاؤن کی ٹیم نے ایک کارروائی کے دوران شوکت علی نامی ملزم کو گرفتار کرنے کی کوشش کی۔ ملزم نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کی، جس کے جواب میں پولیس نے بھی جوابی فائرنگ کی، اور شوکت علی موقع پر ہلاک ہوگیا۔ ترجمان نے بتایا کہ شوکت علی بھی مختلف ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث تھا۔ سی سی ڈی کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ کارروائیاں شہر میں امن وامان قائم رکھنے اور جرائم پیشہ افراد کے خاتمے کے لیے جاری مسلسل کوششوں کا حصہ ہیں۔

بقیہ 54 بقیہ جات

طیاروں پر حملوں کی منصوبہ بندی اور شہریوں پر ڈرون حملوں کا ذمہ دار تھا۔

بقیہ 55 بقیہ جات

) کے مطابق مارخور کا شمار بھی ایسے جانوروں میں ہوتا ہے۔ جن کی نسل کو معدومیت کے خطرات لاحق ہیں۔ اقوام متحدہ نے پاکستان سمیت 8 ممالک کی پیش کردہ قرارداد منظور کرتے ہوئے ہر سال مئی کی 24 تاریخ کو یہ دن منانے کا اعلان کیا تھا قرارداد کے مطابق یہ دن منانے کا مقصد مارخور کو تحفظ دینے کیلئے بین الاقوامی اور علاقائی سطح پر تعاون کو بڑھانے کی جانب توجہ مبذول کرانا ہے۔ 2014 کے بعد پاکستان میں مارخور کی تعداد میں اضافہ دیکھا گیا جو ایک دہائی کے عرصہ میں 2 گنا بڑھ چکی ہے۔ اس دوران کسی برس مارخور کی تعداد میں اس کے گزشتہ سال کے مقابلے میں کمی نہیں ہوئی۔ اندازے کے مطابق اس وقت پاکستان میں مجموعی طور پر 3,500 سے 5,000 تک مارخور موجود ہیں، جن کی بڑی تعداد خیبر پختونخوا میں پائی جاتی ہے۔

بقیہ 56 بقیہ جات

دکھائی گئی۔ ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ رشتہ لوگوں کی وجہ سے چلتا ہے۔ بلوچ اونٹ بان، جنہوں نے آسٹریلیا کے دور دراز علاقوں کو آباد کرنے میں مدد کی، سے لے کر ان ایک لاکھ سے زیادہ پاکستانیوں تک جو اب آسٹریلیا میں رہتے ہیں، اور وہ بیس ہزار طلبہ جو آسٹریلیا میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں یہ سب رشتے زندہ ہیں، بڑھ رہے ہیں، اور دل سے جڑے ہوئے ہیں۔ مسٹر ہاکنز نے کہا کہ ہماری دوستی مل کر کام کرنے اور ایک جیسے تجربات سے بنی ہے۔ سائنسدان جو بنجر زمین کو قابل کاشت بناتے ہیں، خواتین جو کرکٹ اور دیگر کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہیں، اور آسٹریلیا سے پڑھ کر آنے والے وہ طالب علم جو اب پاکستان کا مستقبل سنوار رہے ہیں۔ یہ دوستی امید، تعلق اور ایک بہتر کل کا وعدہ ہے۔ ہائی کمشنر نے بتایا کہ آسٹریلیا اور پاکستان چالیس سال سے زیادہ عرصے سے زراعت اور پانی جیسے اہم شعبوں میں ایک ساتھ کام کر رہے ہیں، اور ہماری دفاعی دوستی بھی پرانی ہے۔ آسٹریلیا آج بھی پاکستان میں تعلیم، موسم کی تبدیلیوں سے نمٹنے، اور حقوق نسواں کے لیے ہر سطح پر لوگوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ عام لوگ اس سے مستفید ہوں۔ یہ دوستی صرف حکومتوں کی نہیں، بلکہ عام لوگوں کے دل سے دل کے رشتے کی کہانی ہے۔ اور یہ ہر دن مزید مضبوط ہو رہی ہے۔

بقیہ 57 بقیہ جات

تمام مویشی منڈیوں میں فوری طور پر ہیٹ ویو کیمپ قائم کیے جائیں، جہاں صاف پانی، سایہ دار جگہ، فرسٹ ایڈ کٹس، مسٹنگ فینز اور دیگر ضروری سہولیات دستیاب ہوں۔ منڈی کی سطح پر صحت کے مراکز قائم کیے جائیں تاکہ بیوپاریوں اور خریداروں کو فوری طبی سہولت میسر آ سکے۔ ریسکیو 1122 کے تعاون سے موبائل میڈیکل ٹیمیں متحرک کی جائیں تاکہ ہیٹ ویو کے باعث کسی بھی انسانی ایمرجنسی سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ بڑی منڈیوں میں واٹر سپرنکلرز اور مسٹنگ فینز نصب کیے جائیں تاکہ شدید گرمی کے دوران ماحول کو معتدل بنایا جا سکے۔ قربانی کے جانوروں کے لیے مناسب پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ جانوروں کی فوری طبی سہولت کے لیے ویٹرنری ہیلتھ سینٹر بھی قائم کیے جائیں۔ جانوروں کو سایہ دار جگہوں میں وقتاً فوقتاً منتقل کرنے کے لیے باقاعدہ شیڈول مرتب کیا جائے تاکہ ہجوم اور دباؤ سے بچا جا سکے۔ گرد و غبار سے بچانے کے لیے منڈی کے اطراف میں باقاعدگی سے پانی کا چھڑکاؤ کیا جائے، خاص طور پر آندھی یا گرد آلود موسم کے بعد۔ منڈی کے داخلی راستوں پر آگاہی بینرز آویزاں کیے جائیں جن میں ہیٹ ویو سے متعلق احتیاطی تدابیر اور علامات درج ہوں۔ لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے وقتاً فوقتاً شہریوں کو پانی پینے، سایہ میں رہنے اور طبی ایمرجنسی رپورٹ کرنے کی ہدایت دی جائے۔ تمام اسسٹنٹ کمشنرز سے روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ لی جائے گی تاکہ ہیٹ ویو سے بچاؤ کی ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائزہ لیا جا سکے اور جہاں ضرورت ہو وہاں فوری مداخلت کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے اس موقع پر ہدایت دی کہ انسانی جانوں اور قربانی کے جانوروں کے تحفظ کو ہر صورت ترجیح دی جائے، اور تمام متعلقہ ادارے مکمل کوآرڈینیشن کے ساتھ فرائض سرانجام دیں تاکہ عوام کو محفوظ، سہولت بخش اور صاف ماحول میسر آ سکے۔

بقیہ 58 بقیہ جات

ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے پر جنرل عاصم منیر اس عہدے کے حقدار تھے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے اپنی قائدانہ صلاحیت اور جراتمندانہ فیصلوں کے ذریعے ثابت کیا کہ وہ اس عہدے کے میرٹ پر اہل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف سید عاصم منیر کی دفاع وطن کیلئے گرانقدر خدمات اور آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے خطے میں طاقت کے توازن کو قائم کرنے کیلئے اقدامات پر فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی گئی، ساری قوم کو آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور ان کی قیادت میں بہادر افواج کے غازیان وشہداء اور ان کے اہل خانہ پر فخر ہے۔ سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ پاک بھارت جنگ کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے بھی انتہائی تدبر اور بصیرت سے معاملات کو چلایا، پاک افواج نے بھارت کو فضاؤں سمیت ہر طرح کے جنگی محاذ پر دھول چٹائی جبکہ دوسری طرف مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی رہنمائی اور وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے سفارتکاری کے محاذ پر بھی بھارت کو شکست فاش سے دوچار کیا۔

بقیہ 59 بقیہ جات

دیگر ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیوں کا آغاز کر دیا گیا۔ حادثے میں کار میں سوار تین افراد جاں بحق ہوگئے جن کی فوری طور پر شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 60 بقیہ جات

میزائلوں کی کامیابی یقیناً چینی مصنوعات خاص طور پر جدید ٹیکنالوجی والی اشیاء جیسے الیکٹرک گاڑیوں کی ساکھ کو بہتر کرے گی۔ ایک اور عہدیدار نے کہا کہ یہ کہنا ابھی قبل از وقت ہو گا کہ حالیہ چینی فضائی دفاعی ٹیکنالوجی نے براہ راست چینی ہائی ٹیک مصنوعات کی برانڈ امیج پر اثر ڈالا ہے لیکن یہ توقع ضرور کی جاسکتی ہے کہ اب پاکستانی عوام چینی ٹیکنالوجی کی طرف زیادہ دلچسپی دکھائیں گے۔

بقیہ 61 بقیہ جات

سورج 16 جولائی کو بیت اللہ کے اوپر سے گزرے گا اس روز بھی قبلہ رخ کا تعین کیا جاسکتا ہے۔ 28 مئی کو قبلہ کا رخ متعین کرنے کیلئے زمین میں ایک چھڑی عموداً گاڑ دیں اس مقررہ وقت پر اس چھڑی کے سایے پر خط کھینچ دیں اور اس خط پر عموداً گرائیں اور شمالاً جنوباً زاویہ قائمہ بنائیں یہی خانہ کعبہ کا درست رخ ہوگا۔ جدید ترین حساس آلات کی ایجاد سے پہلے زمانہ قدیم میں بیت اللہ کے سمت کے تعین اور مسجد کی بنیاد رکھتے وقت یہی طریقہ استعمال کیا جاتا تھا۔ دنیا میں اب بھی ایسے مقامات ہیں جہاں ہر جدید حساس آلات کی سہولت دستیاب نہیں ہے وہاں کے لوگ بیت اللہ کی سمت کا درست تعین کر سکتے ہیں۔

بقیہ 62 بقیہ جات

برطانیہ کی طرف سے عائد کردہ پابندیوں میں بعض اسرائیلی کمپنیاں بھی زد میں آئی ہیں۔ ان میں نچالا، لیبی کنسٹرکشن اینڈ انفراسٹرکچر لمیٹڈ، ہارل لیبی، ڈینیلا ویس اور کوز فارم آٹ پوسٹ شامل ہیں۔ علاوہ ازیں ظہر صباح پر بھی پابندی عائد کی ہے۔ جس کی وجہ فلسطینیوں کے خلاف جارحیت اور پرتشدد کارروائیوں کی اجازت دینے، ان کارروائیوں کی حمایت کرنے اور ارتکاب کرنا بتائی گئی ہے۔

بقیہ 63 بقیہ جات

اسرائیلی آبادکاروں پر پابندیاں تیار کر رہی ہیں جو فلسطینی علاقوں میں تشدد کے مرتکب ہو رہے ہیں، تاہم ایک رکن ملک اس عمل درآمد کی راہ میں رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ انہوں نے اس ملک کا نام ظاہر نہیں کیا۔ اسی دوران برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے اعلان کیا کہ اسرائیل کی بڑھتی ہوئی فوجی کارروائیوں کے باعث لندن نے تل ابیب کے ساتھ تجارتی معاہدے پر بات چیت معطل کردی ہے۔ برطانوی حکومت نے مزید بتایا کہ اسرائیلی سفیر تسیپی حوتولی کو طلب کیا گیا ہے تاکہ حکومت اسرائیل کے حالیہ اقدامات پر احتجاج درج کرایا جاسکے۔

بقیہ 64 بقیہ جات

کراچی سے پاک پتن جا رہی تھی اور اس میں مرد، خواتین اور بچے سوار تھے۔ حادثے کے فوری بعد ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ زخمیوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔

تلاش گمشدہ

میری اصل مارک شیٹ فرسٹ ایئر رجسٹریشن نمبر N.E.B/776-819 رول نمبر 820 بنام بافیہ فرزند ولد فرزند علی اقبال ٹاؤن میں کہیں گم ہوگئی ہے۔ جس کسی کو ملے غوشیہ پارک نیلم بلاک اقبال ٹاؤن پہنچادے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفیہ شمع بیوہ غلام مجید

وارثان: سلیم احمد ولد، غلام مجید خاوند، پہلے فوت شدہ زندہ باشی سلیم والدہ، فہیم احمد، عظیم احمد، امین سلیم، کلیم احمد، برادران، تسنیم ندیم، صائمہ افضل، عائشہ خرم ہمشیرگان، اجوہ معصومہ، مریم معصومہ دختران متوفیہ ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

انکوائری رپورٹ غیر قانونی، غیر آئینی اور یکطرفہ کارروائی مسترد کرتے ہیں، پی ایم اے

موجود تمام مشین میں Cleaning Auto کی سہولت موجود، تمام HIV اور دیگر جراثیموں کو ختم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، پروفیسر ڈاکٹر واجد علی

نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے ڈائیلسز یونٹ میں HIV ایڈز میں مبتلا ہونے کی انکوائری رپورٹ پر اہم سوالات سامنے آئے ہیں، مقررین کی پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) پی ایم اے کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پریس کانفرنس کا مقصد نشتر میڈیکل یونیورسٹی میں مریضوں میں ایچ آئی وی ایڈز پھیلنے کی انکوائری رپورٹ کے متعلق پی ایم اے اور ڈاکٹر برادری کے موقف سے آگاہ کرنا ہے۔ پی ایم اے اور ڈاکٹر برادری اس انکوائری رپورٹ کو غیر قانونی، غیر آئینی اور یکطرفہ کارروائی قرار دیتے ہوئے یکسر مسترد کرتی ہے اور اسے حکام کی طرف سے مخصوص نتائج پر مبنی انتقامی کارروائی سمجھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر کامران سعید، صدر پی ایم اے پنجاب، ڈاکٹر کامران احمد، جنرل سیکریٹری پی ایم اے پنجاب، ڈاکٹر اظہار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

لاہور پروفیسر ڈاکٹر واجد علی، جنرل سیکرٹری پی ایم اے پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جموں و کشمیر کا تنازع خطے میں پائیدار امن کیلئے ضروری ہے، پاکستانی سفیر

اینجلس ورلڈ افیئرز کونسل سے ملاقات میں جنوبی ایشیا کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال اور پاکستان کی دفاعی کامیابیوں پر بریفنگ

بھارتی مہم جوئی کی صورت میں پاکستان نے اپنی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کی بھرپور صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے اینجلس ورلڈ افیئرز کونسل سے ملاقات کی، جہاں انہوں نے جنوبی ایشیا کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال اور پاکستان کی دفاعی کامیابیوں پر بریفنگ دی۔ ملاقات کے دوران سفیر نے "آپریشن بنیان مرصوص" کی کامیابیوں اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے مؤقف کو اجاگر کیا۔ سفیر رضوان سعید شیخ نے بریفنگ میں واضح کیا کہ جموں و کشمیر کا تنازع خطے میں پائیدار امن کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے، اور اس کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

لاہور: ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان سے شیعہ کمیونٹی کے علماء کرام، لائسنس ہولڈرز اور منتظمین کے وفد ملاقات کر رہے ہیں

بڑا دشمن بنا پھرتا ہے جو بچوں سے لڑتا ہے، وزیر تعلیم کی اے پی ایس خضدار کے طلباء پر خودکش حملے کی مذمت

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے خضدار میں سکول بس پر خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے پی ایس خضدار کے بچوں پر حملہ کر کے بھارت نے اپنے بزدل ہونے کا ایک اور ثبوت دے دیا ہے۔ سکولوں اور بچوں کو نشانہ بنانا دشمن کی اخلاقی پستی اور ذہنی شکست کی علامت ہے۔ وزیر تعلیم نے معصوم بچوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارت امن اور تعلیم کا دشمن ہے اور اپنی خفگی مٹانے کیلئے اب معصوم بچوں پر حملہ آور ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے خون سے اپنے ہاتھ رنگنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں۔ رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ بھارت اپنے سہولت کاروں کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی قائم رکھے ہوئے ہے۔ خضدار حملہ بھارتی جارحیت کی ایک اور بزدلانہ مثال ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ بھارت اور اس کے سہولت کاروں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے۔

لیہ: اسسٹنٹ کمشنر حارث حمید خان بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سنٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

وزیر اعلی مریم نواز کی ہدایات پر عملدرآمد جاری ہے: محمد اقبال سنگھیڑہ

ضلع سیالکوٹ میں انکروچمنٹ آپریشن بلا تفریق جاری ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو

تحصیل بازار سے 25 دکانیں، پسرور، ڈسکہ سمبڑیال میں بھی تجاوزات مسمار کی گئیں، ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ

وزیر اعلی مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی زیر نگرانی سیالکوٹ تحصیل بازار میں بااثر مالکان کی تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا جس کے دوران 25 دکانوں سے تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا۔ سیالکوٹ ڈسکہ پسرور سمبڑیال کے قدیمی بازاروں اور سڑک اطراف قائم تجاوزات کی نشاندہی کی گئی اور دکانوں کے مالکان کو نوٹس جاری کیئے گے کہ تجاوزات کو اپنے طور پر ہی مسمار کیا جائے مگر ان پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

اسرائیل جنگ بند کرے ورنہ امریکی حمایت سے ہاتھ دھولے، ٹرمپ

اگر جنگ نہ رکی تو ہم آپ کی حمایت سے دستبردار ہو جائیں گے: ٹرمپ کے معاونین کا اسرائیل کو واضح پیغام

نیتن یاہو کو کنیسٹ اور عوامی سطح پر حمایت حاصل ہے مگر وہ سیاسی عزم کے فقدان کا شکار ہیں، ذرائع امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیل کو سخت پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ یا تو غزہ میں جنگ ختم کرے یا پھر امریکی حمایت سے ہاتھ دھولے۔ امریکی اخبار کے مطابق ٹرمپ کے معاونین نے اسرائیلی حکام کو واضح پیغام دیا ہے کہ اگر جنگ نہ رکی تو ہم آپ کی حمایت سے دستبردار ہو جائیں گے۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ نیتن یاہو کو کنیسٹ اور عوامی سطح پر حمایت حاصل ہے مگر وہ سیاسی عزم کے فقدان کا شکار ہیں۔ امریکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

حکومتی نااہلی کی وجہ سے عوامی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے، جے یو آئی

حکومت کی بنیاد جعلی مینڈیٹ پر ہے، جس دن انصاف ہوا حکومت ختم ہو جائے گی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومتی نااہلی کی وجہ سے عوامی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے، جعلی حکومت پارلیمنٹ کو ربڑ سٹیمپ بنا کر من مانے فیصلے کر رہی ہے، جس کا انہیں حساب دینا پڑے گا، حکومت کی بنیاد جعلی مینڈیٹ پر ہے، جس دن بھی انصاف ہوا (ن) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

ڈرگ مافیا گھر گھر موت بانٹنے لگا، منشیات کے سوداگروں نے سانگلہ ہل کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈرگ مافیا گھر گھر موت بانٹنے لگا منشیات کے سوداگروں نے سانگلہ ہل کو اپنی لپیٹ میں لے لیا پولیس نے خاموشی کی چادر تان لی۔ سانگلہ ہل سٹی میں منشیات کا دھندہ عروج پر منشیات فروشوں نے جگہ جگہ اپنے اڈے بنا لیے مقامی پولیس کی نااہلی کی وجہ سے یہ گھناتا دھندہ بدستور جاری ہیا یک اندازے کے مطابق منشیات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

ماضی میں ایک فیلڈ مارشل نے ملک کو نقصان پہنچایا، چوہدری برجیس طاہر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے قوم کو متحد کر کے عسکری اور جمہوری اقدار کی پاسداری کی

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان، سابق گورنر چوہدری محمد برجیس طاہر نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعلی عسکری عہدے پر ترقی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کا کردار آئین، قانون اور جمہوری اقدار کی پاسداری میں مثالی رہا ہے، اور وہ ان تمام خوبیوں کے حامل ہیں جن کی موجودہ وقت میں وطن عزیز کو اشد ضرورت ہے۔ برجیس طاہر نے کہا کہ ماضی میں ایک فیلڈ مارشل کی پالیسیوں نے ملک کو نقصان پہنچایا اور قوم کو تقسیم کیا، لیکن جنرل سید عاصم منیر نے اپنے تدبر، اتحاد اور قومی سوچ کے ذریعے پاکستان کو ایک نئی شناخت دی ہے۔ ان کی قیادت میں قوم نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

پیٹرول پمپس مالکان اور انتظامیہ کے گٹھ بندھن کا خمیازہ عوام بھگتنے لگی

ناقص پیٹرول و ڈیزل کی بدولت لاکھوں و کروڑوں روپیہ کی گاڑیاں کھٹاروں میں تبدیل ہونے لگیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل اور گردونواح میں پیٹرول پمپس پر کم مقدار میں ملاوٹ شدہ پیٹرول و ڈیزل کی فروخت عروج پر۔ پیٹرول پمپس مالکان سے تحصیل و ضلعی انتظامیہ کے گٹھ بندھن کا خمیازہ عوام بھگتنے لگی۔ ناقص پیٹرول و ڈیزل کی بدولت لاکھوں و کروڑوں روپیہ کی گاڑیاں کھٹاروں میں تبدیل ہونے لگیں۔ باوثوق ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ سانگلہ ہل و گردونواح میں پیٹرول پمپس پر کم مقدار میں ملاوٹ شدہ پیٹرول و ڈیزل کی فروخت جہاں عروج پر ہے وہیں پیٹرول پمپس مالکان سے تحصیل و ضلعی انتظامیہ کے گٹھ بندھن کا خمیازہ بھی عوام بھگت رہی ہے مہنگائی کے اس دور میں جہاں پر آئے روز ڈیزل و پیٹرول کی قیمتیں آسمان کی بلندیوں کو چھو رہی ہیں وہیں پر سانگلہ ہل و گردونواح (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

فیصل آباد: کراچی سے لاہور آتے ہوئے حادثہ کا شکار ہونیوالی شالیمار ایکسپریس کا تباہ حال انجن

پُر خلوص مبارکباد

ڈاکٹر عامر نوید کو ایم ایس چلڈرن ہسپتال تعینات ہونے پر سید مسعود اقبال بخاری، ملک بشیر احمد، ملک اویس و دیگر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

ہم ڈاکٹر عامر نوید

کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (MS) فیصل آباد چلڈرن ہسپتال

تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

آپ اس سے قبل گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد اور فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں اپنی خدمات بخوبی انجام دے چکے ہیں ہمیں یقین ہیں کہ آپ اپنی صلاحیتوں، تجربے اور خدمت خلق کے جذبہ سے چلڈرن ہسپتال میں بھی اعلی معیار کی طبی سہولیات کو فروغ دیں گے

ملک بشیر احمد

سٹی ڈپٹی بیورو چیف فیصل آباد روزنامہ قوت لاہور / مینجنگ ایڈیٹر سینٹرل انویسٹی گیشن رپورٹ لاہور

وائس چیئرمین فیصل آباد پروفیشنل جرنلسٹس ایسوی ایشن / وائس چیئرمین پروٹیکشن آف ہیومن رائٹس (رجسٹرڈ)

سید مسعود اقبال بخاری

میڈیکل سپریٹنڈنٹ ہلال احمر ہسپتال

پُر خلوص مبارکباد

ہم سابق SHO سٹی جڑانوالہ

کرائم فائٹر

رانا محمد علی

کو بطور سب انسپکٹر بحال ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

امید کرتے ہیں کہ وہ جلد SHO تعینات ہو کر جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی میں اپنا کردار ادا کریں گے

ملک بشیر احمد

سٹی ڈپٹی بیورو چیف فیصل آباد روزنامہ قوت لاہور

مینجنگ ایڈیٹر سینٹرل انویسٹی گیشن رپورٹ لاہور

وائس چیئرمین فیصل آباد پروفیشنل جرنلسٹس ایسوی ایشن

وائس چیئرمین پروٹیکشن آف ہیومن رائٹس (رجسٹرڈ)

علی محمد پولا

پنجاب پولیس